U27761 27.11.09

Title – Faiz Dehelvi Aur Deewan Faiz (Edition-2)

Creator – Faiz Dehelvi; Murattiba Sayyed Masood Hasan Rizvi Adeeb.

Publisher – Anjuman Taraqqi Urdu, Hind (Aligarh).

Date – 1965

Pages – 269

Subjects – Urdu Shayari – Kulliyaat-O-Dawaween; Faiz Dehelvi – Sawaneh-O-Tanqeed.

سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اردو (ہند) نمبر ۲۳۲

## شمالی ہند میں

# اردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر

نواب صدرالدین محمد خاں

# فائز دہلوی اور اُس کا دیوان

مؤلفہ و مرتبہ

سید مسعود حسن رضوی ادیب ایم۔اے

صدر شعبۂ فارسی و اردو، لکھنؤ یونی ورسٹی۔ لکھنؤ

شائع کردہ

انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی

سنہ ۱۹۴۶ء

طبع اول

(عمدہ پریس دہلی)

نواب صدرالدین محمد خاں بہادر دہلی کے ایک امیر تھے جو اورنگ زیب
کے آخری عہد سے محمد شاہ کے زمانے تک موجود تھے ۔ خاندانی اعزاز
اور ذاتی وجاہت کے علاوہ علم و فضل کی دولت سے بہرہ مند اور متعدد
کتابوں کے مصنف تھے ۔ فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے
فائز اُن کا تخلص تھا ۔ اُردو کے صاحب دیوان شاعروں میں اُن سے
زیادہ قدیم کوئی شاعر اب تک معلوم نہیں ۔ کوئی بیس برس ہوئے کہ فائز
کا ضخیم کلیات چندروز میرے پاس رہا ۔ میں نے اس کے مالک کو کچھ
معاوضہ دے کر اس کا وہ حصہ نقل کر لیا جو اُردو کلام پر مشتمل تھا ۔ اور
پورے کلیات پر نظر ڈال کر کچھ یادداشتیں لکھ لیں اور چند ضروری اقتباس
لے لیے ۔ کچھ دن بعد وہ کلیات اُس زمانے کے مشہور ذی علم اور
وسیع المعلومات صحافت نگار مرحوم سید جالب دہلوی کے قبضے میں آگیا ۔
اور اب اُن کی دوسری کثیر التعداد کتابوں کے ساتھ جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی کے
کتب خانے میں محفوظ ہے ۔ کلیات فائز سے کچھ یادداشتیں اور چند اقتباس
تو میں لے ہی چکا تھا ۔ کچھ زمانے کے بعد فائز کے چند رسالے دستیاب
ہوئے اور ان یادداشتوں، اقتباسوں اور رسالوں کی مدد سے میں نے
فائز اور اُن کی شاعری پر ایک مقالہ لکھا ۔ جس کے بعض حصے ادبی جلسوں
میں پڑھ کر سنائے ۔ اس کے بعد بھی فائز کی بعض تصنیفیں وقتاً فوقتاً ملتی رہیں ۔

ایک مدت کے بعد یہ خیال پیدا ہوا کہ فائز کی کل تصنیفوں پر گہری نظر ڈال کر اور اس مقالے میں ضروری اضافے کر کے اسے کتاب کی صورت میں شائع کر دیا جائے اور اس کے ساتھ فائز کا اردو دیوان بھی مع فرہنگ اور حاشیوں کے شامل کر دیا جائے۔ ابھی کام شروع ہی کیا تھا کہ گورنمنٹ آف انڈیا نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے معائنے کے لیے ایک کمیٹی بنائی جس کا ایک ممبر میں بھی مقرر ہوا۔ مارچ ۱۹۴۲ء کے تیسرے ہفتے میں اس غرض سے دہلی پہنچا اور پانچ دن جامعہ نگر میں قیام کیا۔ اس سفر سے میری ایک دیرینہ آرزو پوری ہو گئی۔ یعنی کلیات فائز کے بالاستیعاب مطالعے کا موقع مل گیا۔ میں شیخ الجامعہ ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ اگر موصوف کی خاص عنایت نہ ہوتی تو یہ نادر نسخہ کافی مدت تک میرے پاس نہ رہ سکتا۔ اس نسخے کے حصول میں مکرمی ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب سے جو مدد ملی اس کے لیے موصوف کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

دہلی سے واپسی کے کوئی پونے دو مہینے بعد فائز کا کلیات میرے پاس پہنچ گیا اور میں نے اس کا مطالعہ شروع کر دیا۔ خیال تھا کہ دس پندرہ دن میں یہ کام ختم ہو جائے گا۔ مگر تحقیق اور تلاش کے نئے نئے راستے پیدا ہوتے گئے۔ کلیات کو بار بار پڑھنا پڑا اور دنوں کی جگہ مہینے لگ گئے۔ فائز کی دوسری تصنیفوں کا بھی حرف حرف جس غور سے پڑھا گیا ہے اس کا کچھ اندازہ کتاب کے مطالعے سے ہو جائے گا۔ مگر فائز کے خاندان کی کڑیاں جوڑنے میں جو دقتیں پیش آئیں اور اس کے لیے جتنی محنت کرنا پڑی اس کا اندازہ کوئی نہیں کر سکتا۔ اب جب کہ ان کے بزرگوں کا سلسلہ مل گیا ہے ان کے آبا و اجداد کے

حالات کی تلاش آسان ہوگئی ہے۔ فائز کے اردو دیوان کی قرأت، تصحیح
اور تحشیہ بھی اچھا خاصا صبر آزما کام نکلا۔ متروک اور نامانوس الفاظ کے
علاوہ اس کے رسم خط کی بعض خصوصیتوں نے اس کا پڑھنا دشوار کر دیا تھا
بڑی دیدہ ریزی اور مغز کاوی کے بعد بھی چند لفظ صحیح نہیں پڑھے جا سکے۔
اسی طرح انتہائی کوشش کے باوجود چند لفظوں کا مفہوم معلوم نہیں ہو سکا۔

فائز نے اپنے کلیات کا جو طولانی خطبہ یعنی مقدمہ لکھا ہے وہ بہت
سی مفید معلومات پر مشتمل ہے اور اس سے خود فائز کی شاعری اور اُن کے معیار
تنقید پر خوب روشنی پڑتی ہے اس لیے وہ خطبہ بھی اس کتاب میں شامل کر دیا گیا ہے۔

چند سال ہوئے بریلی میں آل انڈیا اردو کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس کے
ایک جلسے میں جو جناب پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی صاحب کی صدارت میں ہوا
تھا۔ میں نے فائز پر ایک مقالہ پڑھا۔ سامعین میں دہلی کے رہنے والے ایک
ذی علم، خوش وضع، خوش گفتار بزرگ تھے، جن کا اسم گرامی غالباً حکیم جمشید علی
صاحب تھا۔ اُنھوں نے فرمایا کہ رام پور کے سرکاری کتب خانے میں فائز یا
ان کے والد کی تصویر موجود ہے۔ بات دل میں پڑی رہی۔ اب جب کہ
فائز کے متعلق میرا کام ختم کے قریب پہنچا تو میں نے اس تصویر کی تلاش میں
کتب خانۂ رام پور کے فاضل ناظم جناب مولوی امتیاز علی صاحب عرشی سے
مدد چاہی۔ موصوف نے کتب خانے کے مرقعوں کا جائزہ لے کر فائز کی تصویر
ڈھونڈھ نکالی اور عالی جناب خواجہ غلام السیدین صاحب منشیر تعلیمات ریاست
رام پور کی اجازت سے اس کا فوٹو کھنچوا کر مجھے بھیج دیا۔ فائز کی تصویر ملنے سے مجھ کو بہت
خوشی ہوئی اور میں دل سے ان سب حضرات کا شکرگزار ہوں جنھوں نے اس کے
حصول میں میری اعانت فرمائی۔

پنجاب یونیورسٹی کے قابل ریڈر ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب نے فائز کے کئی رسالوں کا پتا بتایا جو اُن کی یونیورسٹی کے کتب خانے میں محفوظ تھے اور یونیورسٹی کے اربابِ اختیار نے وہ رسالے کچھ مدّت کے لیے لکھنؤ یونیورسٹی کے کتب خانے میں منتقل کر دیے۔ میں ان حضرات کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اگر اُن کی امداد مجھے حاصل نہ ہوتی تو میں ان رسالوں کے مطالعے سے محروم اور میرا کام نامکمّل رہ جاتا۔

سید مسعود حسن رضوی
۱۴ر جون ۱۹۴۵ء

کتاب کی تالیف و ترتیب اور اُس کی کتابت و تصحیح کے درمیان میں بہت سا وقت گزر گیا۔ اِس تاخیر سے یہ فائدہ ہوا کہ بہت سی کام کی باتیں اور معلوم ہو گئیں۔ اِن میں سے کچھ متنِ کتاب میں شامل کر دی گئی ہیں اور کچھ مقدمۂ کتاب کے آخر میں 'ملحقات' کے عنوان سے درج کر دی گئی ہیں۔

سید مسعود حسن رضوی
۲۵ر جولائی ۱۹۴۶ء

نواب صدرالدین محمد فائز دہلوی

فائز دہلوی کی اصل تصویر جو ریاست رامپور کے سرکاری کتب خانے کے مرقع نمبری ۴۳ میں موجود ہے، اس میں فائز کا محل اور پائیں باغ بھی دکھایا گیا ہے۔ جو تصویر اس کتاب کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے وہ اسی محل کے صرف بالاخانے کا عکس ہے۔ افسوس ہے کہ پوری تصویر کا عکس مجھے نہیں مل سکا۔ اصل تصویر پر فائز کا نام یوں لکھا ہوا ہے "نواب صدرالدین محمد خاں بہادر خلف نواب زبردست خاں بہادر ابن نواب ابراہیم خاں بہادر" اور "اشرف علی خان" کی مہر لگی ہوئی ہے۔ کتب خانۂ رامپور کے فاضل ناظم مولوی امتیاز علی صاحب عرشی نے اپنے ایک خط میں اس تصویر کا بیان ان لفظوں میں کیا ہے:-

"نواب صاحب اپنے محل کی بالائی منزل پر رونق افروز ہیں۔ دائیں جانب عمارت کے نیچے باغ ہے۔ نشست تخت پر ہے، پیچوان لگا ہوا ہے۔ پشت پر چار خادم، دو کے ہاتھ میں مورچھل اور دو کے ہاتھوں میں سرپوش سے ڈھکی ہوئی قابیں ہیں۔ سامنے سات خادم کھڑے ہیں، ایک کے ہاتھ میں سرپوش سے ڈھکی ہوئی قاب، دوسرے کے نیام میں رکھی ہوئی شمشیر ہے، بقیہ دست بستہ کھڑے ہیں۔ نواب صاحب کو نحیف الجثہ دکھایا ہے اور لباس وہ ہے جو محمد شاہ کے عہد میں مروج تھا۔"

جن حضرات کے توسط سے یہ تصویر حاصل ہوئی ہے ان کا شکریہ کتاب کے دیباچے میں ادا کیا جا چکا ہے اور یہاں پھر ادا کیا جاتا ہے۔

---

# نواب صدرالدین محمد خاں بہادر فائز دہلوی

## فائز کی قدامت

شمالی ہند کے رہنے والے اُردو زبان کے جن شاعروں کا حال اب تک معلوم ہو چکا ہے۔ اور جن کا کلام معتد بہ مقدار میں دستیاب ہو چکا ہے۔ اُن میں شاید کوئی بھی اتنا قدیم نہیں ہے، جتنا فائز دہلوی۔ بعض لوگ شاہ حاتم کو دہلی میں اُردو کا پہلا شاعر قرار دیتے ہیں۔ مگر یہ خیال صحیح نہیں ہے۔ حاتم کی شاعری کی ابتدا کا ذکر دو جگہ ملتا ہے۔ ایک دیوان زادۂ حاتم کے دیباچے میں، دوسرے مصحفی کے تذکرہ ہندی میں۔ ان دونوں کی ضروری عبارتیں ذیل میں نقل کی جاتی ہیں:-

"از سنہ یک ہزار و یک صد و بیست و ہشت تا یک ہزار و یک صد و شصت و ہشت کہ قریب چہل سال باشد نقد عمر در یں فن صرف نمودہ............ در شعر فارسی بہ طرز مرزا صائب و در ریختہ بہ طور ولی رحمہا اللہ اوقات خود بسر می برد و ہر دو را اُستاد می داند" (دیباچہ دیوان زادہ)

"روزے پیش فقیر نقل می کرد کہ در سنہ دوم فردوس آرام گاہ دیوان ولی در شاہ جہاں آباد آمدہ و اشعارش بہ زبان خرد و بزرگ جاری گشتہ۔ با دو سہ کس کہ مراد از ناجی و مضمون و آبرو باشد بنائے شعر ہندی را بہ ایہام گوئی نہادہ داد معنی یابی و تلاش مضمون تازہ می دادیم" (تذکرہ ہندی)

ان دونوں عبارتوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حاتم ۱۱۲۸ھ سے فارسی میں شاعری کر رہے تھے ۔ مگر جب محمد شاہی عہد کے دوسرے سال یعنی ۱۱۳۲ھ میں ولی کا دیوان دہلی آیا اور ان کا کلام ہر طبقے میں مقبول ہوا تو حاتم نے ناجی، مضمون اور آبرو کے ساتھ اردو میں شعر کہنا شروع کیا ۔ فائز اپنا کلیات جس میں اردو دیوان بھی شامل ہے ۱۱۲۷ھ میں مرتب کر چکے تھے ۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ فائز کا کلیات مرتب ہو چکنے کے ایک سال بعد حاتم نے فارسی میں اور پانچ سال بعد اردو میں شعر کہنا شروع کیا ۔ اس طرح حاتم اور اُن کے ساتھ اردو شاعری شروع کرنے والے تمام شاعروں پر فائز کا تقدم ثابت ہے ۔ حاتم کے ہم عصروں میں غلام مصطفی خاں یک رنگ بھی تھے ۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ وہ حاتم سے بہت پہلے اردو میں شعر کہنے لگے تھے ۔ فائز نے اپنی ایک غزل کے مقطع میں یک رنگ کا ایک مصرع تضمین کر دیا ہے وہ مقطع یہ ہے :-

فائز کو بھایا مصرع یک رنگ اے سجن

گر تم ملو گے غیر سے دیکھو گے ہم نہیں

یہ مقطع بتاتا ہے کہ اس زمین میں یک رنگ کی غزل پہلے سے موجود تھی اور اسی غزل پر فائز نے غزل کہی ہے اور اس امر میں بھی کوئی شک نہیں رہ جاتا کہ یک رنگ فائز کے ہم عصر تھے ۔ فائز کے ایک دوسرے ہم عصر میر جعفر تھے جو زٹل یا زٹلی کی صفت کے ساتھ آج بھی مشہور و معروف ہیں ۔ ان کا اردو کلام کافی مقدار میں اب تک موجود ہے ۔ مگر وہ زیادہ تر ہجو اور فحش پر مشتمل ہے ۔ بہر حال اردو کے سنجیدہ شاعروں میں قدامت کے اعتبار سے فائز کو ایک خاص امتیاز حاصل ہے ۔ قدامت کے علاوہ ان کی شاعری

اپنی خصوصیتوں کی بنا پر بھی خاص اہمیت رکھتی ہے۔ ان وجوہ سے اُردو شاعری کے آیندہ مورخ فائز کو نظرانداز نہ کر سکیں گے۔

**فائز کی تصنیفیں** صدرالدین محمد خاں فائز نہایت ذی علم اور بہت سی کتابوں کے مصنف تھے۔ ان کے متعلق ہماری تقریباً کل معلومات اُنھیں کی تصنیفوں سے ماخوذ ہے۔ اس لیے سب سے پہلے اُن کی تصنیفوں کی فہرست ضروری تفصیلوں کے ساتھ درج کی جاتی ہے۔

۱۔ **اعتقاد الصّدر**۔ یہ ایک مختصر رسالہ عقائد میں ہے۔ اس کا ایک قلمی نسخہ سنہ ۱۲۷۴ھ کا نقل کیا ہوا راقم کے پاس موجود ہے۔ ایک دوسرا قلمی نسخہ لکھنؤ یونی ورسٹی کے کتب خانے میں ہے۔ جس کے سرورق پر مصنف کی مہر لگی ہوئی ہے۔ اس مُہر میں یہ الفاظ درج ہیں: "صدرالدین محمد خاں ۱۱۲۲" اور سرِ صفحہ پر لکھا ہے: "غرّہ ربیع الثانی سنہ ۱۱۳۵ھ داخل کتاب خانہ شد۔" قیاس کہتا ہے کہ یہ نسخہ مصنّف کی مِلک تھا۔ اِس رسالے کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونی ورسٹی کے کتب خانے میں بھی ہے۔ اُس کے سرِورق پر مصنّف اور محمد برہان الدین حسن خاں کی مُہریں پڑی ہوئی ہیں۔

۲۔ **طریق الصّدر**۔ یہ ایک مختصر رسالہ اصولِ دین میں ہے۔ اس کی ابتدا میں مصنف لکھتا ہے:۔

> "یکے از برادران ایمانی خواست از من کہ کلمۂ چند مختصر از اصولِ دین نگارش کنم۔ اگرچہ سابق در کتاب احیاء القلوب و اعتقاد الصّدر دریں باب آنچہ بایست نوشتہ شد۔ لیکن آں عزیز در باب اختصار و بیان عمدۂ مختلف فیہ بجد شد۔ بناءً علیہ کلمۂ چند مرّۃً بعد اولیٰ و کرّۃً بعد اُخریٰ مرقوم نمود۔۔۔۔
> ۔۔۔۔۔۔ و ایں رسالہ را بہ طریق الصّدر مسمّیٰ نمود۔"

اس رسالے کا ایک نسخہ سعید جالب مرحوم کے ذخیرۂ کتب میں شامل اور جامعہ ملّیہ اسلامیہ دہلی کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ اس کے سرورق پر محمد برہان الدین حسن خاں کی مہر لگی ہوئی ہے اور خاتمے پر یہ الفاظ لکھے ہوئے ہیں "تمام شد ۲۰ رجادی الثانی ۱۲۳۷ ہجری"

۳۔ صراط الصّدرؔ۔ اس رسالے کا موضوع بھی وہی ہے جو اوپر کے دو رسالوں کا ہے۔ اس کی تمہیدی عبارت ذیل میں نقل کی جاتی ہے:-

"احقر عباد دراصول دین چند رسالہ مثل اعتقاد الصّدرؔ و طریق الصّدرؔ وغیرہ تالیف نمودہ۔ لیکن عبارات آں رسالہا فی الجملہ دقیق بود۔ بناءً علیہ بہ التماس عزیزی بہ طریق اختصار وایجاز کلمۂ چند دریں رسالہ کہ مسمّیٰ بہ صراط الصّدرؔ است تحریر نمود"

اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ فائزؔ نے اصول دین پر کئی رسالے لکھے تھے جن میں سے تین کے نام اپنے نام کی رعایت سے اعتقاد الصّدرؔ، طریق الصّدرؔ اور صراط الصّدرؔ رکھے تھے۔ اس رسالے کا ایک قلمی نسخہ میرے کتب خانے میں ہے۔ جو اعتقاد الصّدرؔ کے ساتھ ۱۲۱۷ھ میں نقل کیا گیا تھا اور ایک نسخہ لکھنؤ یونی ورسٹی کے کتب خانے میں ہے۔ جس کے سرورق پر دو مہریں لگی ہوئی ہیں۔ ایک مصنف کی جیسی کہ اعتقاد الصّدرؔ کے سرورق پر ہے اور دوسری محمد برہان الدین حسن خاں کی اور یہ الفاظ بھی درج ہیں "چہارم صفر داخل کتاب خانہ شد" یہ نسخہ بھی مصنف کی ملک معلوم ہوتا ہے۔ اس نسخے کے خاتمے پر لکھا ہے " بہ تاریخ غرۂ شہر محرم الحرام در پرگنہ سیال کوٹ قلمی بشد"

اِس رسالے کا ایک نسخہ پنجاب یونی ورسٹی کے کتب خانے میں بھی ہے۔

۴۔ **معارف القدر**۔ اِس رسالے میں وہ حدیثیں معتبر کتابوں سے اخذ کر کے جمع کر دی گئی ہیں جو "احوال حضرت صاحب الامر" پر دلالت کرتی ہیں۔ یہ رسالہ ایک مقدمے، چھ لمعات اور ایک خاتمے پر مشتمل ہے۔ اِس کا جو قلمی نسخہ پنجاب یونی ورسٹی کے کتب خانے میں ہے وہ مصنف کی ملک تھا۔ اُس کے سر ورق پر "صدر الدین محمد خاں" اور "محمد برہان الدین حسن خاں" کی مُہریں لگی ہوئی ہیں اور یہ عبارت لکھی ہوئی ہے۔

"غرّۂ جمادی الثانی داخل کتاب خانہ شد"

۵۔ **تبصرۃ الناظرین**۔ رویت باری تعالیٰ کا نزاعی مسئلہ اِس مختصر رسالے کا موضوع ہے۔ اشاعرہ رویت کے قائل ہیں اور معتزلہ منکر۔ اِن دونوں فریقوں کی دلیلیں اِس رسالے میں جمع کر دی گئی ہیں تاکہ اُن پر غور کر کے لوگ اِس مسئلے میں صحیح رائے قائم کر سکیں۔ اِس رسالے کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونی ورسٹی کے کتب خانے میں موجود ہے۔ اُس کے سر ورق پر مصنف کی مُہر پڑی ہوئی ہے اور یہ عبارت درج ہے۔ "داخل کتاب خانہ شد۔ ۱۱ محرم الحرام ۱۲۳۵ھ" یہ رسالہ بھی مصنف کی ملک تھا۔

۶۔ **احزان الصدور**۔ یہ ڈیڑھ سو صفحے کی کتاب ہے۔ مصائب انبیا اور واقعاتِ کربلا اِس کا موضوع ہے۔ اِس کا دیباچہ کئی حیثیتوں سے اہمیت رکھتا ہے۔ اِس لیے یہاں من و عن نقل کیا جاتا ہے۔

"امابعد چنیں گوید احقر انام کلب امیر المومنین و عترت طاہرین صدر الدین محمد خاں بن زبردست خاں غفر اللہ

ذنوبہا یوم المیزان کہ در ایّام عاشورا جمیع محبانِ اہلبیت
تعزیہ می گیرند و کتب تاریخ کہ مشتمل بر جور و ستم اعدائے
دین است بہ مطالعہ می آرند تا بہ وسیلۂ آں مغموم و مہموم
شوند۔ بنا برآں بہ خاطرِ قاصر رسید کہ خلاصۂ مضمون آں
عباراتِ جاں سوز و مختصر آں کلماتِ غم اندوز تحریر نماید۔
ہر چند دریں مقدمہ بہ قدر حال ہر یک از جگر سوختگان وادی
غموم رسالہا مرقوم نمودہ لیکن بہ وسیلۂ خواندن آں مطالب
حسنۂ عظیم برائے محرّر اوراق ثبت می گردد خواست کہ بہ
فحوائے "الدال علی الخیر کفاعلہ" داخل ایں ثواب گردد۔
و اگرچہ در کتبِ حدیث بعض امور را مثل احوال حضرت
شہر بانو و حضرت قاسم و پسران مسلم وغیرہ نوع دیگر نوشتہ
اند، لیکن چوں ایں قصّہ ہا موجب گریہ است و اصل دریں
باب ہمیں است، بنا برآں متابعت ارباب سیر نمودہ شد۔
و ایں رسالہ مسمّٰی بہ احزان الصدور مشتمل است بر دہ
اندوہ۔ امید کہ باعث حزن و بکا و دخولِ جنّتِ مومنین
گردد کہ "من بکیٰ علی الحسین او تباکیٰ وجبت لہٗ الجنۃ"

یہ کتاب عشرۂ محرم کے مجالس عزا میں پڑھنے کے لیے 'دہ مجلس' کے طور پر لکھی گئی ہے، اس لیے دس حصّوں میں تقسیم کر دی گئی ہے جن کو مصنف اندوہ کے نام سے یاد کرتا ہے۔ ان کی فہرست حسب ذیل ہے:-

اندوہ اوّل۔ احوال انبیا۔ اندوہ دوم۔ احوال حضرت خیرالبشر۔
اندوہ سیوم۔ احوال حضرت سیدۃ النسا۔ اندوہ چہارم۔ احوال حضرت

امیرالمومنین ۔ اندوہ پنجم ۔ احوالِ حضرت امام حسن ۔ اندوہ ششم ۔ احوالِ مسلم بن عقیل ۔ اندوہ ہفتم ۔ احوالِ فرزندانِ مسلم بن عقیل ۔ اندوہ ہشتم در تقضائے چند از احوالِ شاہِ شہدا و بیان ثواب گریہ در ماتم آں حضرت ۔ اندوہ نہم ۔ در واقعۂ کربلا و جورِ منافقان و شہادتِ آں امام مظلوم مقتول ۔ اندوہ دہم ۔ در بیان اُمورے کہ بر اہل بیت و عترتِ آں حضرت بعد شہادت پیش آمد تا بردن بہ شام پیشِ یزید۔

اندوہ اوّل کی تمہید میں مصائبِ انبیا کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:-

"و از جملہ واقعہ ہا صعب ترین وقائعِ واقعۂ شہدائے کربلاست کہ ہیچ دیدہ بدیں گونہ مصیبتے ندیدہ و ہیچ گوش ازیں نوع بلیتے نشنیدہ ۔ و ازیں جاست کہ محبان اہل البیت ہر سال کہ ماہ محرم در آید مصیبت شہدا را تازہ سازند و بہ تعزیت اولاد صدرِ رسالت پردازند ۔ ہمہ را دل بر آتش حسرت بریاں و دیدہ ہا از غایت حیرت گریاں ۔"

اِس کتاب کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونی ورسٹی کے کتب خانے میں موجود ہے ۔ اُس کے سرورق پر مصنف کی مُہر پڑی ہوئی ہے اور یہ عبارت درج ہے " بتاریخ غُرّۂ جمادی الثانی ۱۱۲۵ھ داخل کتابخانہ شد ۔"

احزان المتدور کے اقتباس جو اوپر نقل کیے گئے ہیں اُن کے دو جملے " در ایّامِ عاشورا ...... تعزیہ می گیرند" اور " محبانِ اہل البیت ...... بہ تعزیت اولاد صدرِ رسالت پردازند ۔" بتاتے ہیں کہ اُس زمانے میں عشرۂ محرم میں عزاداری عموماً اور معمولاً ہوا کرتی تھی ۔

۷۔ احیاء القلوب ۔ یہ ڈیڑھ سو صفحے کی کتاب پیغمبر اسلام کے حالات میں ہے۔ اس میں تئیس مقالے اور ایک طولانی خاتمہ امامت کے بیان میں ہے۔ اس کے مختصر دیباچے کا ضروری حصہ یہاں نقل کیا جاتا ہے۔

"چنیں گوید اضعف عباد صدرالدین محمد ابن زبردست خاں غفراللہ ذنوبہما کہ بہ خاطر قاصر رسید شمۂ از احوال حضرت خیرالبشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و بعض امور دیگر کہ مناسب بداں باشد تحریر نماید۔ بنائً علیہ مقالۂ چند از روئے کتب حدیث و سیر بمقتضی خیرالامور ما قلّ و دلّ بہ قید تحریر درآورد و تالیف نمود و مسمّیٰ بہ احیاء القلوب کرد"

اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ لکھنؤ یونی ورسٹی کے کتب خانے میں موجود ہے۔ اس کے سرورق پر مصنف کی وہی مہر لگی ہوئی ہے جس کا اعتقاد القدیر اور صراط القدیر کے نسخوں کے سلسلے میں ذکر ہو چکا ہے اور لکھا ہے۔ "غرۂ شہر رجب داخل کتاب خانہ شد" یہ نسخہ بھی غالباً مصنف کی ملک تھا۔

۸۔ رسالۂ مناظرات۔ یہ رسالہ سات مجلسوں پر مشتمل ہے۔ ہر مجلس میں فائز نے محمد شاہی عہد کے امیرالامرا صمصام الدولہ خاں دوران خان بہادر کے یہاں اپنا جانا اور کسی نزاعی مذہبی مسئلے پر مناظرہ کرنا بیان کیا ہے۔ اس رسالے کا ایک قلمی نسخہ جو ۱۲۷۶ھ میں نقل کیا گیا تھا۔ راقم کے کتب خانے میں موجود ہے۔ اس نسخے پر اس کا نام رسالۂ منظرات لکھا ہوا ہے۔ لیکن یہ غالباً کاتب کا سہو قلم ہے۔ رسالے کے مندرجات سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اس کا نام رسالۂ مناظرات ہوگا۔ اس نسخے کی ابتدا میں عنوان کے طور پر یہ عبارت درج ہے :-

"رفتنِ جدِ مرحوم و مغفور نواب صدرالدین محمد خاں بہادر بہ ملاقات
نواب خان دوراں خان بہادر و احوال آں"

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہی کہ اس نسخے کا کاتب اور مالک فائز کے اخلاف میں سے تھا۔ ریاست رام پور کے سرکاری کتب خانے میں بھی اس رسالے کا ایک قلمی نسخہ موجود ہی جس کے سرورق پر "رسالہ مبحث" اور پہلے صفحے پر "رسالہ منظرات" لکھا ہوا ہی۔ دونوں جگہ کاتب نے ایک ایک الف حذف کر دیا ہی۔ حقیقت میں اُس کو رسالۂ مباحث اور رسالۂ مناظرات لکھنا چاہیے تھا۔ اس نسخے میں عنوان کی عبارت زیادہ تفصیلات کی حامل ہی۔ اس سبب ذیل میں نقل کی جاتی ہی:-

"در بیان رفتنِ جدِّ مغفور نواب صدرالدین محمد خاں بہادر
نبیرۂ نواب علی مردان خاں بہادر فیروز جنگ امیرالامرائے
ہندوستان بہ ملاقات صمصام الدولہ امیرالامرا نواب خان
دوران خان بہادر مرحوم و احوال آں کہ خود شان نوشتہ اند"

آغاز کتاب کے لیے بسم اللہ جو لکھی گئی ہی اس کے اوپر یہ عبارت کسی دوسرے شخص نے لکھ دی ہی۔ اس نسخے کے سرورق پر مصنف کی مہر لگی ہوئی ہی۔ معلوم ہوتا ہی کہ یہ نسخہ پہلے مصنّف کی ملک تھا۔ لیکن ان کے انتقال کے بعد ان کے اخلاف میں سے کسی کے قبضے میں آ گیا تھا۔

## امیرالامرا کی مجلسِ علمی

رسالہ مناظرات میں سات مجلسوں کا ذکر ہی۔ ان میں سے چار مجلسیں رات کے وقت واقع ہوئیں، جن میں امیرالامرا شریک تھے، اور ایک دن کے

آخری حصے میں۔ اُس وقت امیرالامرا محل کے اندر تھے۔ دیوان خانے میں دوسرے لوگ موجود تھے۔ اُن میں اور فائزؔ میں مذہبی مناظرہ ہونے لگا۔ یہاں تک کہ مغرب کی نماز کا وقت آ گیا اور فائز اپنے گھر واپس آ گئے۔ اس وقت تک امیرالامرا محل سے برآمد نہیں ہوئے تھے۔ دو مجلسوں کا وقت نہیں بتایا گیا ہے مگر ان دونوں میں بھی امیرالامرا موجود تھے۔ ان سات مجلسوں میں سے پانچ میں فائزؔ نے طالب علموں کا مجمع دکھایا ہے ان کے الفاظ یہ ہیں :-

"جمعے از طالب علمان نشستہ از ہر باب گفتگو می نمودند" "بدستورِ سابق جمعے از طالب علمانِ پوربی و پنجابی جمع بودند" "طالب علمان در قال وقیل بودند"۔ "بدستور طالب علماں را در قال وقیل یافتم"۔ "بدستورِ قال وقیلِ طالب علماں درمیاں بود"۔

فائزؔ نے ان مجلسوں کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ امیرالامرا کے یہاں روز شام کو طالب علموں کا مجمع ہوتا تھا۔ اور علمی و مذہبی گفتگو ہوا کرتی تھی جس میں امیرالامرا خود بھی شریک رہتے تھے۔ علامہ آزاد بلگرامی خزانۂ عامرہ میں انھیں امیرالامرا کے متعلق لکھتے ہیں :-

"باعلم و علما سرے داشت۔ دانش مندانِ جید فراوان جمع کردہ درخورِ مرتبۂ ہر کدام رعایت می نمود و ہر شب بعد نمازِ مغرب تا نیم شب در حضورِ او مجلسِ فضلا انعقاد می یافت و مباحثِ علمی درمیان می آمد۔"

فائزؔ کے بیانات سے امیرالامرا کے یہاں کی مجلسِ علمی کے متعلق

جو جو باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ ان سب کی تصدیق علامہ آزاد کی اس تحریر سے ہو جاتی ہی۔ صرف ایک قابلِ لحاظ فرق رہ جاتا ہی کہ علامہ آزاد جن لوگوں کا ذکر فضلا کے لفظ سے کرتے ہیں۔ فائز ان کو بار بار طالب علم کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ ان دونوں بیانوں میں بہ ظاہر اختلاف معلوم ہوتا ہی مگر حقیقت یہ ہی کہ فائز نے بعض دوسرے موقعوں پر بھی لفظ طالب علم کو عالم یا ذی علم کے معنی میں استعمال کیا ہی۔ ان عالموں یا طالب علموں میں سے دو کے نام بھی فائز نے لیے ہیں۔ ایک واسع خاں۔ دوسرے ملا امان اللہ ساکن خطہ۔ واسع خاں کا ذکر بار بار آیا ہی۔ مذہبی مباحثوں میں وہ سب سے آگے رہتے تھے۔

۹۔ انیس الوزرا۔ یہ محقق طوسی کی مشہور کتاب اخلاقِ ناصری کا خلاصہ ہی۔ اس کا ایک قلمی نسخہ میرے کتب خانے میں موجود ہی۔ اس کے دیباچے کا ایک حصہ ذیل میں نقل کیا جاتا ہی۔ جس میں اس کا سبب تالیف بیان کیا گیا ہی:—

"چنیں گوید احقر عباد صدرالدین محمد خاں ابن زبردست خاں ابن علی مردان خاں کہ روزے در مجمع دوستاں کہ اکثرے از آنہا طالب علم و شاعر نکتہ سنج بودند مذکور تہذیب اخلاق کہ بہترین صفات انسانیت است بلکہ انسانیت بدون آں ممکن و متصور نیست درمیان بود۔ در اثنائے آں حال و مقال فقیر گفت کہ درمیان این امور بہترین رسالہ ہا اخلاقِ ناصری است . . . . . . . . درجواب گفتند کہ فہمیدن معانی آن کتاب اشکال تمام دارد۔ مگر آن کہ کسے خلاصہ مضمون آن را بہ عبارتِ

واضح بہ قید تحریر در آورد و ہمگنان متفق اللفظ والمعنی
تعہد این امر خطیر را بہ جانب این قلیل البضاعت نمودند۔
ہرچند اعراض نمود قبول نیفتاد۔ لا علاج با لشتت احوال و
ضیق مجال و ہجوم آلام و تفریع بال و ضعف دماغ کمر ہمت
برایں مہم بست . . . . . . وچوں تفہیم ایں معنی ارباب
دول سیما وزرا را حاجت بیش تر است مسمی بہ انیس الوزرا نمودہ"
اس عبارت میں "اخلاق ناصری است" کے بعد اس کتاب اور اس کے
مصنف دونوں کی بہت طولانی تعریف عربی فقروں میں کی گئی ہے۔ جس کو
میں نے بے ضرورت سمجھ کر چھوڑ دیا ہے۔
فاکنز نے اس خلاصے میں اصل کتاب کی توضیحی عبارتیں حذف کردی
ہیں اور ضروری عبارتیں تقریباً لفظ بہ لفظ لے لی ہیں۔ انیس الوزرا
بائیس 'تعلیموں' میں تقسیم کی گئی ہے۔ گیارھویں تعلیم میں چھ 'فن' بارھویں میں
پانچ، تیرھویں اور چودھویں تعلیم میں چار چار، پندرھویں تعلیم میں دو اور
بائیسویں تعلیم میں بارہ 'فن' شامل ہیں اور آخر میں 'خاتمہ' ہے۔ کتاب
کے ان سب حصوں کے عنوان عربی میں ہیں۔ یہ خلاصہ اخلاق ناصری
کے مقالہ اول قسم اول کی فصل دوم سے شروع ہوتا ہے۔ یعنی نفس ناطقہ کی
تعریف سے اس کی ابتدا ہوتی ہے۔
۱۰۔ ارشاد الوزرا۔ ایلیٹ اور ڈاؤسن کی مشہور کتاب
ہسٹورینز ہسٹری آف انڈیا میں ایرانی مورخ خواند میر کی تصنیف

---

ا۔ Historians, History of India by Elliot and Dowson Vol IV P. 148

دستورالوزرا کے بیان میں لکھا ہے کہ بعد کو اسی موضوع پر ایک اس سے چھوٹی کتاب ارشادالوزرا کے نام سے صدرالدین محمد ابن زبردست خان نے ہندوستان میں محمد شاہ کے عہد میں لکھی۔ اُس کتاب میں ہندوستان کے وزیروں کے حالات بھی ہیں جو دستورالوزرا میں شامل نہیں ہیں۔ مگر وہ کتاب بہت مختصر ہے۔ اُس کا ایک نسخہ لکھنؤ میں فرح بخش کے شاہی کتب خانے میں تھا۔

لندن میں برٹش میوزیم کے کتب خانے میں ارشادالوزرا کا ایک قلمی نسخہ محفوظ ہے۔ اِس کتب خانے کی فہرست سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس کتاب میں مشہور وزیروں کے مختصر حالات درج ہیں۔ کتاب بارہ مقالوں پر مشتمل ہے۔ مقالۂ اوّل میں عقلائے قدیم یعنی فیثاغورث، جاماسپ، سقراط، افلاطون، ارسطو وغیرہ کا ذکر ہے اور یہ لوگ گشتاسپ، بہمن، ہمائے، دارا، اور دوسرے بادشاہوں کے وزیروں کی حیثیت سے پیش کیے گئے ہیں۔ بقیہ مقالوں میں حسب ذیل مسلمان بادشاہوں اور شاہی خاندانوں کے نامی وزیروں کا ذکر ہے:-

بنی اُمیّہ، بنی عباس، آل سامان، سلاطین غزنوی، آل بویہ، سلاطین سلجوقی، خوارزم شاہی خاندان، چنگیز خاں اور اُس کے جانشین، آل مظفر اور غوری خاندان، تیمور، ہندوستان کے تیموری یعنی مغل بادشاہ۔

ارشادالوزرا کا جو نسخہ برٹش میوزیم میں ہے وہ آخر سے کم ہے۔ اُس میں آخری حال جہاندار شاہ کے وزیر ذوالفقار خاں ابن اسد خاں کا ہے[1]۔

(حاشیہ صفحہ ۲۰ پر)

۱۱۔ نجم القدر ۔ اس رسالے کا موضوع علم ہیئت کا ایک شعبۂ معرفتِ تقویم ہے، جس کو مصنف "اول مرتبۂ تحصیل نجوم" قرار دیتا ہے۔ بعض اور امورِ متعلقہ کا بیان بھی ہے جن کی اکثر ضرورت پڑتی ہے۔ اس رسالے کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کے کتب خانے میں موجود ہے۔ وہ نسخہ مصنف کی مِلک تھا۔ اُس کے سر ورق پر خود مصنف اور محمد برہان الدین حسن خاں کی مُہریں لگی ہوئی ہیں اور یہ عبارت درج ہے:-

"۲۰ ربیع الثانی ۱۲۵۱ھ داخل کتاب خانہ شد"

۱۲۔ تحریر القدر ۔ اس مختصر رسالے میں مبتدیوں کو حساب کے ضروری قاعدے بتائے گئے ہیں اور یہ علّامہ شیخ بہاء الدین عاملی کی کتاب پر مبنی ہے۔ اس رسالے کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ اُس کے سر ورق پر مصنفِ رسالہ اور محمد برہان الدین حسن خاں کی مُہریں پڑی ہوئی ہیں اور لکھا ہے "رسالۂ تحریرات در علمِ حساب"۔

۱۳۔ رسالۂ مالیخولیا معروف بہ نبطاسیا ۔ اس رسالے میں مرض مالیخولیا کے اقسام، اسباب، علامات اور علاج کا بیان ہے۔ اس کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کے کتب خانے میں موجود ہے۔ اُس کے سر ورق پر مصنف کی مُہر پڑی ہوئی ہے اور رسالے کے نام کے نیچے 'جلد چہاردہم' لکھا ہوا ہے۔ معلوم نہیں کہ اس سے کیا مُراد ہے۔

---

۱۹ صفحہ ۲۰ فٹ نوٹ سلسلہ Catalogue of Persian Manuscripts in the British Museum Library, Vol. I pp. 338.339.

۱۴۔ ہدایۃ الصّدر ۔ اِس مختصر رسالے میں علم قیافہ کا بیان ہے۔ اس کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونی ورسٹی کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ اس کے سرورق پر مصنف کی مُہر ہے اور یہ عبارت لکھی ہوئی ہے۔ "غُرّہ جمادی الثانی ۱۲۵۱ھ داخل کتاب خانہ شد۔" یہ نسخہ مصنف کی ملک تھا۔

۱۵۔ زینۃ البساتین ۔ یہ رسالہ باغبانی اور کاشتکاری کے فن میں ہے اور اس کی تالیف میں شفا، منہاج، ذخیرہ، کناس یوحنا، عجائب المخلوقات، تقویم الصحہ، آثار اخبار رشیدی اور فلاحت کی کتابوں سے مدد لی گئی ہے۔ اِس کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونی ورسٹی کے کتب خانے میں ہے۔ اُس کے سرورق پر محمد برہان الدین حسن خاں کی مُہر پڑی ہوئی ہے۔

۱۶۔ تحفۃ الصّدر ۔ اِس رسالے میں مقدّمے اور خاتمے کے علاوہ بیس فصلیں ہیں، جن میں سے سترہ فصلوں میں گھوڑے کے متعلق ہر طرح کی معلومات اور اس کے مختلف مرضوں کے علاج درج ہیں اور آخری تین فصلوں میں سے ایک میں گدھے اور خچّر کا ایک میں اونٹ کا اور ایک میں ہاتھی کا بیان ہے۔ اِس رسالے میں جگہ جگہ ایسے ذکر آ گئے ہیں جن سے فائزؔ اور ان کے والد کے حالات پر کچھ روشنی پڑتی ہے۔

اِس رسالے پر لفٹننٹ کرنل ڈی، سی فِلٹ (D.C. Phillott) نے انگریزی میں حاشیے لکھ کر اُس کو اشاعت کے لیے مرتب کیا اور ایشیاٹک سوسائٹی بنگال نے اُس کو بیپٹسٹ مشن پریس میں چھپوا کر

۱۹۱۱ء میں شائع کیا۔ اِس مطبوعہ نسخے کے سرورق پر اُس کا نام فرس نامہ اور اُس کے مصنف کا نام 'زبردست خاں' لکھا ہوا ہے۔ مگر اُس کے دیباچے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ رسالہ اپنے موضوع کے اعتبار سے تو 'فرس نامہ' کہا جا سکتا ہے۔ لیکن مصنف نے اِس کا نام تحفۃ الصّدر رکھا ہے۔ مصنف کے نام میں غلطی ہو جانے کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُنھوں نے دیباچے میں اپنے باپ کا نام پہلے اور اپنا نام بعد کو یوں لکھا ہے "عاصی پر معاصی قلیل البضاعت ابن زبردست خاں قدس اللہ روحہ المخاطب بہ صدرالدین محمد خاں غفر اللہ ذنوبہ" اگر فلڈٹ صاحب ان لفظوں پر ذرا سا غور کرتے تو اُن کی سمجھ میں آ جاتا کہ اِس رسالے کے مصنف صدرالدین محمد خاں ہیں اور اِس کی تصنیف کے وقت اُن کے والد زبردست خاں کا انتقال ہو چکا تھا۔

تحفۃ الصّدر کے اِس ایڈیشن کا پیش نامہ سر آشوتوش مکرجی نے لکھا ہے۔ انھوں نے بھی بیٹے کی تصنیف باپ کی طرف منسوب کر دی ہے۔ اور لکھا ہے کہ ریو (Rieu) نے اپنی فہرست کتب میں ایک 'زبردست خاں' کا ذکر کیا ہے جو ابراہیم خاں کے بیٹے اور ارشاد الوزرا کے مصنف تھے۔ مگر یہ بے چارے ریو پر ایک اتہام ہے۔ اس نے زبردست خاں کا کچھ حال تو ضرور لکھا ہے لیکن ارشاد الوزرا کو اُن کی نہیں بلکہ اُن کے بیٹے صدرالدین محمد کی تصنیف بتایا ہے۔ اور یہی صحیح ہے۔

۱۷۔ رقعات الصّدر۔ فائز نے اپنے خطوں کا ایک مجموعہ مرتب کر کے رقعات الصّدر اس کا نام رکھا تھا۔ اُس میں سے ایک سو چودہ منتخب خطوں کا مجموعہ منتخب رقعات الصّدر کے نام سے کلیاتِ فائز کے موجودہ نسخے میں شامل تھا۔ مگر اب وہ خطبۂ کلیات کے ساتھ علیحدہ جلد میں

بندھا ہوا جامعۂ ملیۂ اسلامیہ دہلی کے کتب خانے میں موجود ہے۔ یہ خط اپنی نوعیت کے لحاظ سے دس فصلوں میں تقسیم کردیے گئے ہیں۔ ان میں سے نویں فصل میں وہ خط ہیں جن میں مختلف صنعتیں استعمال کی گئی ہیں اور دسویں فصل میں وہ خط ہیں جن میں مختلف علموں کی اصطلاحوں سے کام لیا گیا ہے یا علمی مسائل سے بحث کی گئی ہے۔ رقعات سے پہلے ایک مقدمہ ہے۔ اور آخر میں خاتمہ مشتمل بر نصیحت نامہ ہے۔ ایک سو چودہ خطوں میں سے صرف آٹھ کے مکتوب الیہ معلوم ہیں۔ ان آٹھ خطوں میں ایک خط میر کلاں کے نام، ایک مہابت خاں کے نام، ایک للّو میاں کے نام، ایک حکیم المالک کے نام اور چار حکیم مومن علی خاں کے نام ہیں۔ رقعات القدر کا مقدمہ کافی طولانی ہے۔ اس کی ابتدا میں مصنف اپنی اس کتاب کا تعارف یوں کرتا ہے:-

> "ایں رقعاتے چند است کہ احقر نام صدرالدین محمد بن زبردست خاں غفر اللہ ذنوبہا برائے جمعے از احباب مرقوم نمودہ، چوں خالی از نکات معنویہ و مناسبات لفظی نبود دریں رسالہ جمع نمود۔ بر سبیل منشیان بلاغت نشان از طول عبارت آرائی کہ مطلب بہ چندیں فرسخ ازاں بعید می ماند اجتناب نمودہ بفحوائے خیر الکلام ما قلّ و دلّ بہ اختصار عبارت و بیان مدعا کوشیدہ و از ترک لفظی با موقع و کنایات خفیہ لطیفہ یا مثلے مناسب و شعرے لائق محل را از دست ندادہ۔ لان الالفاظ فی الکلام کالملح فی الطعام۔ چوں از حداثت سن ایں مستمند را میلے بہ شعر و سخن بودہ گاہے متوجہ تحریر نظم و نثر می شد

بعد چندے بہ تحریک و تحریص عزیزے مشغول ترتیب آں
متفرقات کہ چوں زلف دلبراں پریشان بود گشتہ مانند خاطر
محبوباں جمع ساخت۔ نظم را در دیوان و نثر را دریں مجموعہ
مسمیٰ بہ رقعات القدر منتظم و منسلک گردانید۔"
اس مقدمے کے خاتمے پر فائز لکھتے ہیں:۔

"رقعاتے چند کہ چوں رقعہ براۃ از مدتے مارید جمع
نمودہ بودم آنہارا پنبہ دوزی کردہ باہم وصل نمودم و زنگ
کلفت از دل اہل طبع زدودم۔"

رقعات القدر کا یہ نسخہ اس قدر آب رسیدہ ہے کہ بہت مشکل سے
پڑھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ آخر سے کم بھی ہے۔ دسویں فصل کے بیس
خطوں میں سے صرف گیارہ موجود ہیں۔ باقی نو خط اور خاتمہ پورا غائب ہے
اس نسخے کے کاتب کوئی احمد علی ہیں اور اس کے سرورق پر محمد برہان الدین حسن
خاں کی مہر لگی ہوئی ہے۔

۵۔ خطبہ کلیات۔ یہ فائز کے کلیات کا طولانی مقدمہ ہے جس میں
شاعری کے جواز و عدم جواز، شعر کی مدح و ذم، عربی و فارسی شاعری
کی ابتدا، بیان و بدیع، عروض و قافیہ، مبالغہ و اغراق، اصنافِ سخن،
صنائعِ شعریہ، وغیرہ کا بیان ہے۔

اس خطبے میں فائز نے شعرائے ایران کے کلام پر رائے زنی کی ہے، اپنی شاعری
کے محرکات اور خصوصیات بتائے ہیں، قصیدہ گوئی سے اختلاف کیا ہے، شعر کی عظمت
دکھائی ہے، اور اپنے کلیات کی ترتیب کا حال بیان کیا ہے۔ یہ خطبہ فائز کی استعدادِ علمی،
وسعتِ نظر، مہارتِ فن، قدرتِ نظم اور صحتِ ذوق کا ثبوت دیتا ہے اور کئی حیثیتوں سے

بہت اہمیت رکھتا ہے۔

خطبۂ کلیات کے تین نسخے موجود ہیں۔ ایک میں جگہ جگہ ترمیم و تنسیخ کی گئی ہے۔ اُس کے سرورق پر مصنّف کی مُہر لگی ہوئی ہے، جس میں صرف 'صدرالدین محمد خاں' لکھا ہوا ہے، کوئی سن درج نہیں ہے۔ اس مُہر کے نیچے ایک عبارت تھی جو اب بہت کچھ مٹ گئی ہے۔ صرف یہ الفاظ پڑھے جاتے ہیں: "بتاریخ بست و نہم..... درخانہ..... زبردست خاں...... نوشتہ شد" مصنف کی مُہر اور یہ عبارت بتاتی ہے کہ یہ نسخہ مصنف کی مِلک تھا۔ اور اس سے یہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ اس میں جو ترمیم و تنسیخ کی گئی ہے وہ خود مصنف نے کی ہے۔ اس نسخے کے سرورق پر دو مُہریں اور بھی ہیں۔ ایک میں 'حسین بن الرضا' اور دوسری میں 'علی بن الرضا' درج ہے۔ اسی سرورق پر ایک جگہ یہ الفاظ لکھے ہوئے ہیں "دیوان بخط جسونت رائے" اس نسخے کا کچھ حصّہ غائب ہوگیا ہے۔ خطبۂ کلیات کا دوسرا نسخہ صاف ہے مگر اُس کا زیادہ حصّہ غائب ہے۔ تیسرا نسخہ صاف بھی ہے اور کامل بھی۔ اس پر 'محمد برہان الدین حسن خاں' کی مُہر پڑی ہوئی ہے۔ بیشتر یہ تینوں نسخے کلیات فائزؔ کے ساتھ منسلک تھے۔ مگر اب رقعات القدر کے ساتھ ایک علاحدہ جلد میں بندھے ہوئے ہیں، جو جامعۂ ملیۂ اسلامیہ دہلی کے کتب خانے میں موجود ہے۔

**۱۹- دیوان فارسی** - فائزؔ کے کلیات کا جو نسخہ میرے پیشِ نظر ہے اُس میں فائزؔ کے فارسی اور اُردو دونوں دیوان شامل ہیں۔ اس نسخے کے سرِورق پر "محمد برہان الدین حسن خاں" کی مُہر لگی ہوئی ہے اور اُس میں ۱۲۴۶ھ درج ہے۔ یہ برہان الدین حسن خاں کوئی بڑے علم دوست بزرگ تھے۔ انھوں نے کتابوں کا ایک اچھا ذخیرہ جمع کیا تھا۔ کوئی پندرہ سولہ برس ہوئے کہ میں نے اس علمی سرمایہ کو لکھنؤ کے نخاس میں لُٹتے دیکھا تھا۔ اس مالِ غنیمت میں سے ایسی چند کتابیں میرے بھی ہاتھ لگیں جن پر ان کے سابق مالک کی مُہر لگی ہوئی ہے۔

## کلیاتِ فائزؔ کی تکمیل و ترتیب

فائزؔ نے اپنے کلیات کا جو خطبہ لکھا ہے اس میں کلیات کی

تکمیل و ترتیب کا حال یوں بیان کیا ہے:۔

"مخفی نماند کہ این رسالہ در ابتدائے سن شباب چناں چہ مذکور شد مرقوم شدہ بود۔ منجملہ آں اشعار منشیے داشتم کہ موافق طبع خود پارہ انتخاب کردہ بود و از روئے آں منتخب اکثر عزیزاں نقول برداشتہ بودند۔ و فقیر نظر بر آں کہ رطب و یابس در کلام می باشد ارادۂ نظر ثانی بر آں داشت۔ لیکن تا پانزدہ سال میسّر نیامد کہ اشتغال دیگر درمیان بود۔ بعد از انقضائے این مدت در سنہ یک ہزار و یک صد و چہل و دو، فرصتے اتفاق افتاد۔ نظر ثانی بر آں مجموعہ کردم۔ قریب یک سال دریں کار کشید۔ آں چہ بہ عقل ناقص رسید حتی المقدور حک و اصلاح و کم و زیاد کرد۔ تا این رسالۂ کلیّات بدین تفصیل بر ہیئت دہشت کتاب مرتب گردید۔"

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ فائز کا کلیات ان کے عنفوان شباب میں مکمل ہو چکا تھا اور وہ اشاعت سے پہلے اس پر نظر ثانی کرنا چاہتے تھے لیکن دوسرے مشاغل نے پندرہ برس تک اس کام کی مہلت نہ دی اتنی مدت گزر جانے کے بعد ۱۱۴۲ھ میں کچھ فرصت ملی اور انھوں نے تقریباً ایک سال کا وقت صرف کر کے اپنے کلام میں ترمیم و اصلاح اور کمی و بیشی کی اور اپنے کلیات کو آٹھ کتابوں یعنی حصوں میں مرتب کیا۔ اس سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ۱۱۴۲ھ سے پندرہ برس پہلے یعنی ۱۱۲۷ھ میں جو عہد فرخ سیر کا پانچواں سال تھا۔ فائز کا کلیات مکمل ہو چکا تھا۔

کلیاتِ فائز کے خطبے سے جو عبارت اوپر نقل کی گئی ہے اس میں فائز نے یہ بھی بتایا ہے کہ اُن کے ایک منشی نے ان کے کلیات میں سے کچھ اشعار

اپنی پسند کے موافق منتخب کر لیے تھے اور لوگوں نے اس انتخاب کو نقل کر لیا تھا۔ اسی سلسلے میں وہ ذرا آگے بڑھ کر کہتے ہیں کہ اگر میرے کلام کے مختلف نسخوں میں کوئی فرق یا اختلاف نظر آئے تو اس کا یہی سبب سمجھنا چاہیے مگر وہی صورت معتبر ہے جو نظرِ ثانی میں قائم رہی۔ اُن کی اصل عبارت یہ ہے:۔

"اگر در عبارات نسخ تناقضے و اختلافے ظاہر شود ازیں جہت
باید دانست و معتبر ہمین است کہ در نظرِ ثانی بحال ماندہ"

## کلیاتِ فائز کی بیت شماری

اس مقام پر فائز نے کلیات کے اٹھائیس حصوں کی تفصیل لکھ دی ہے۔ میں نے اس کو چھوڑ دیا ہے۔ اس لیے کہ کلیات کے پیشِ نظر نسخے میں فہرست مضامین کی جگہ جو "بیت شماری دیوان کلیات" دی ہوئی ہے اس میں ان سب حصوں یا بہ قول فائز کتابوں کے نام آگئے ہیں اور وہ بیت شماری ذیل میں نقل کی جاتی ہے:۔

| شمار | نام کتاب | تعداد ابیات | | شمار | نام کتاب | تعداد ابیات | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | خطبہ | [illegible] | ۶۵۶ | ۸ | مربع تراکیب | [illegible] | ۱۳۵ |
| ۲ | قصائد | [illegible] | ۲۳۹۸ | ۹ | ترکیبات | [illegible] | ۲۳۳ |
| ۳ | قطعات | [illegible] | ۶۰۳ | ۱۰ | ترجیعات | [illegible] | ۱۹۲ |
| ۴ | غزلیات | × | × | ۱۱ | مفردات | [illegible] | ۴۳۳ |
| ۵ | رباعیات | [illegible] | ۲۲۸ | ۱۲ | مراثی | [illegible] | ۳۴۴ |
| ۶ | مستزاد | [illegible] | ۸۹ | ۱۳ | بحرِ طویل | [illegible] | ۵۰ |
| ۷ | مخمسات | [illegible] | ۲۰۲ | ۱۴ | تسمیط | [illegible] | ۹۱ |
| | | | | | | [illegible] | ۵۶۴۴ |

| شمار | نام کتاب | تعداد ابیات | | شمار | نام کتاب | تعداد ابیات | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | مثنویات بحر مولوی رومی | سمامعہ | ۳۷۷ | ۲۲ | بحرہائے غیر مشہور | ما سیسہ | ۱۲۵ |
| | | | | ۲۳ | لطائف | الصمامعہ | ۱۵۱۵ |
| ۱۶ | مثنویات بحر شاہنامہ | لمالعہ | ۷۹۶ | ۲۴ | ہجویات | السمالعہ | ۱۳۹۱ |
| ۱۷ | ” بحر خسرو شیریں | مالہ للعہ | ۱۴۸ | ۲۵ | غزلیات ریختہ | اماالہ ہ | ۴۵۱ |
| ۱۸ | ” لیلی مجنوں | صمالعہ | ۵۵۱ | ۲۶ | مثنویات ریختہ | صمانے | ۵۰۳ |
| ۱۹ | ” بحر حدیقہ | سمامعہ | ۶۷۰ | ۲۷ | ملمعات | سہیسہ | ۲۸ |
| ۲۰ | ” بحر خرنامہ | اماسہ | ۴۳۰ | ۲۸ | خاتمہ | مالعسہ | ۱۲۹ |
| ۲۱ | ” سبحۃ الابرار | سمامعہ | ۳۵۷ | | | الہ سمانالعسہ | ۹۳۶۴ |

” میزان کل سوائے غزلیات کہ در جلد علیحدہ است ۹۳۶۴ بیت “

کلیاتِ قائم کے پیشِ نظر نسخے کی ”بیت شماری“ اسی طرح دو کالموں میں دی گئی ہے اور تعداد ابیات صرف رقم میں لکھی ہوئی ہے۔ چوں کہ اکثر لوگوں کے لیے رقم کا پڑھنا مشکل ہے اس لیے یہاں بیتوں کی تعداد ہندسوں میں بھی لکھ دی گئی ہے۔ میں نے ان رقموں کو بڑی احتیاط سے پڑھا اور بار بار جوڑا ہے۔ پہلے کالم کی میزان صحیح اور دوسرے کی ۹۳۶۴ کی جگہ ۸۱۶۴ یعنی بارہ سو بیت کم نکلتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ میزان کل ۱۵۰۰۸ کی جگہ ۱۳۸۰۸ رہ جاتی ہے۔ اس میزان میں خطبۂ کلیات کی ۶۵۶ بیتیں یعنی نثر کی سطریں بھی شامل کر لی گئی ہیں مگر فارسی غزلوں کے اشعار شامل نہیں کیے گئے ہیں اور اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ وہ غزلیں علیحدہ جلد میں ہیں۔ مگر کلیات کے اس نسخے میں فارسی غزلیں بھی موجود ہیں، جن کے اشعار کی تعداد تقریباً تین ہزار ہے اور ”ترک“ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حصۂ غزلیات میں

آخر کے کچھ ورق غائب ہیں۔ بیت شماری میں مراثی کے ۴۴۳ شعر دکھائے گئے ہیں۔ لیکن کلیات کے اس نسخے میں کوئی مرثیہ موجود نہیں ہے اسی طرح ہجویات جو ۱۳۹۱ بیتوں میں تھیں اس نسخے میں بالکل نہیں ہیں۔
'بیت شماری' کے بعد تفصیل مندرجات ہے اور اس کے بعد مثنویوں کی دو تفصیلی فہرستیں ہیں۔ پہلی فہرست میں انھیں مثنویوں کے نام ہیں جو اس نسخے میں موجود ہیں مگر دوسری فہرست میں ان کے علاوہ انتیس فارسی مثنویوں کے نام اور ملتے ہیں جو اس نسخے میں موجود نہیں ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کلیات کے اس نسخے میں فائز کا کل کلام شامل نہیں ہے اس کے مندرجات کی تفصیل جس سرخی کے ماتحت درج کی گئی ہے اس سے بھی اس بات کی تصدیق ہوتی ہے وہ سرخی یہ ہے:۔

"تفصیل آنچہ دریں دیوان منتخب کلیات است بموجب
ایں جدول است۔"

اس عبارت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ فائز کا پورا کلیات نہیں ہے بلکہ منتخب کلیات ہے جس کو دیوان قرار دیا ہے۔

۲۔ دیوانِ ریختہ۔ فائز کے کلیات میں ان کے فارسی دیوان کے ساتھ اردو دیوان بھی شامل ہے مگر قرینہ کہتا ہے کہ ان کا اردو دیوان کلیات سے علٰحدہ بھی شائع ہوا تھا۔ منشی کریم الدین نے اپنے تذکرے طبقات شعرائے ہند میں فائز کا نام اور ولدیت بتانے کے بعد لکھا ہے۔

"اس نے ایک دیوان غزلیات اور قصیدہ اور چھ مثنویات
کا لکھا ہے۔ ایک مثنوی بیان پنگھٹ اور دوسری جوگن،
تیسری مالن، چوتھی گوجری، پانچویں بھنگیڑن، چھٹی بقے میں۔"

فائز نے فارسی میں چھوٹی بڑی کوئی سو مثنویاں لکھی ہیں لیکن کریم الدین نے صرف چھ مثنویوں کا ذکر کیا ہے جو سب کی سب اُردو میں ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے فائز کا جو دیوان دیکھا تھا وہ صرف اُردو کلام پر مشتمل تھا۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو وہ فارسی کلام کو نظر انداز نہیں کرسکتے تھے جو مقدار میں اُردو کلام کا پندرہ سولہ گُنا ہے۔

## فائز کے اُردو کلام کی مقدار

فائز کے اُردو دیوان کے جس نسخے کا ذکر مولوی کریم الدین نے کیا ہے اس میں غزلیات و مثنویات کے علاوہ قصیدہ یا قصیدے بھی تھے مگر اس کا جو نسخہ میرے پیشِ نظر ہے اس میں کوئی قصیدہ نہیں ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ فائز کے موجودہ فارسی دیوان کی طرح اُن کے اُردو دیوان میں بھی ان کا کل کلام شامل نہیں ہے۔ اس بات کا ایک کھلا ہوا ثبوت اور بھی ہے۔ کریم الدین نے جن چھ مثنویوں کا ذکر کیا ہے اُن میں سے ایک کا موضوع مالن اور ایک کا گوجری تھا۔ یہ دونوں مثنویاں اس نسخے میں موجود نہیں ہیں۔ اس سلسلے میں یہ بتا دینا ضروری ہے کہ میرے اس نسخے میں جہاں چند چیزیں کریم الدین کے نسخے سے کم ہیں وہاں گیارہ نظمیں زائد بھی ہیں۔ ان میں نو مثنویاں ہیں ایک مخمس ترجیع بند اور ایک بحرِ طویل۔

کلیات فائز کی 'بیت شماری' سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں غزلیات ریختہ کے ۴۵۱ شعر اور مثنویات ریختہ کی ۵۰۳ بیتیں شامل تھیں۔ مگر حقیقت میں اس میں غزلوں کے صرف ۱۷۶ شعر اور مثنویوں کی ۳۶۷ بیتیں ہیں۔ غزلوں کے شعروں کی کمی کا سبب یہ ہے کہ ان کے درمیان میں دو جگہ سے کچھ ورق غائب ہوگئے ہیں، جیسا کہ ترکِ پر نظر کرنے سے صاف

ظاہر ہوتا ہی مگر یہ نہ معلوم ہوسکا کہ مثنویوں کی بیتیں کیوں کر گم ہوگئیں بہ ہر حال فائز کا موجودہ اُردو دیوان اُن کے کل اُردو کلام پر مشتمل نہیں ہی۔ اس کے پیشِ نظر نسخے میں اٹھائیس مکمل غزلیں، چار غزلوں کے ایک ایک دو دو شعر، ایک مخمس ترجیع بند، ایک بحرِ طویل اور تیرہ مثنویاں شامل ہیں۔ واضح ہو کہ کلیاتِ فائز میں فارسی غزلیں، ردیف وار درج ہیں لیکن اُردو غزلوں میں کوئی ترتیب ملحوظ نہیں رکھی گئی ہی غالباً تعداد کی کمی کے باعث اس کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔

فائز کی تالیف انیس الوزرا کا جو نسخہ میرے کتب خانے میں ہی اس کے سرورق پر ان کے رسالوں کی فہرست دی ہوئی ہی جو یہاں بجنسہٖ نقل کی جاتی ہی:۔

"۱۔ انیس الوزرا در اخلاق ۲۔ تبصرۃ الناظرین در کلام
۳۔ طریق الصدر در کلام ۴۔ فوائد الصحت در حکمت۔
۵۔ نجم الصدر در نجوم ۶۔ ہدایۃ الصدر در علم قیافہ۔
۷۔ احزان الصدر در تاریخ ۸۔ منتخب الصدر تاریخ۔"

ان آٹھ رسالوں میں سے چھ کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہی۔ صرف دو یعنی فوائد الصحت اور منتخب الصدر کے متعلق تفصیلی معلومات حاصل نہیں ہوسکی۔ اس طرح فائز کی چھوٹی بڑی بائیس تصنیفوں کا علم ہوچکا ہی، جن میں سے اُنیس میری نظر سے گزر چکی ہیں، ایک کا تفصیلی حال دوسرے معتبر مصنفوں نے بتایا ہی اور دو[۲] کے صرف نام اور موضوع معلوم ہوئے ہیں۔

## فائز کے آباو اجداد

فائز اپنی ہر تصنیف میں اپنا نام صدرالدین محمد اور اپنے والد کا نام زبردست خاں ضرور لکھتے ہیں۔ انیس الوزرا میں انھوں نے اپنے دادا کا نام بھی بتایا ہی

جو علی مردان خاں ہی اس مختصر نشان دہی پر تاریخ کی کتابوں کی سیر کی تو معلوم ہوا کہ فائز ایک عالی خاندان، ذی عزت اور خوش حال آدمی تھے۔ اُن کے بزرگ کئی پشتوں سے ایران اور ہندوستان میں بڑے بڑے منصبوں پر فائز ہوتے چلے آتے تھے۔ اس طرح عزت اور دولت ان کو ورثے میں ملی تھی۔

فائز کے دادا کا دادا گنج علی کُرد قوم سے تھا۔ ایران کے صفوی بادشاہ شاہ عباس ماضی کے لڑکپن میں وہ اُس کے پاس ملازم تھا اس نے شاہزادے کی اتنی خدمت کی کہ جب وہ بادشاہ ہوا تو اپنے قدیم وفادار ملازم کو اس حسن خدمت اور بہادرانہ کارناموں کے صلے میں خان کا خطاب اور بابا کا لقب عنایت کیا۔ گنج علی خاں تیس برس تک کرمان کا مستقل حاکم رہا۔ قندھار کا قلعہ جو اکبر کے زمانے میں مغلیہ سلطنت میں شامل ہوگیا تھا، جہاں گیر کے عہد میں شاہ ایران کے قبضے میں چلا گیا اور گنج علی خاں اس کا قلعہ دار مقرر ہوا۔ سنہ ۱۰۳۴ھ میں ایک رات کو ایک ناگہانی حادثے سے اس کا انتقال ہوگیا۔ شاہ عباس نے اس کے بیٹے علی مردان بیگ کو خان کا خطاب، اور بابائے ثانی کا لقب دے کر باپ کی جگہ قندھار کا قلعہ دار مقرر کر دیا۔

شاہ عباس ماضی کے بعد اُس کا پوتا شاہ صفی ایران کا بادشاہ ہوا تو اس نے بے بنیاد شبہوں پر بڑے بڑے امیروں کو معزول کر دیا۔ اسی زمانے میں شاہ جہاں بادشاہ نے قندھار کا قلعہ دوبارہ حاصل کرنے کے لیے ریشہ دوانیاں شروع کیں۔ علی مردان خاں نے شاہ صفی کو

اس صورت حال کی اطلاع دی مگر توقع کے خلاف اِس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شاہ خود اُسی کی طرف سے بدگمان ہوگیا اور سرِ دربار اُس کو سزا دینے کا ارادہ ظاہر کیا۔ علی مردان خاں کے طرف دار، جو صفوی دربار میں موجود تھے انھوں نے شاہی عتاب کی خبر اُس کو پہنچا دی۔ اپنی جان اور مال کو خطرے میں دیکھ کر علی مردان خاں نے قندھار کا قلعہ شاہ جہاں کے حوالے کردیا اور خود اُس کی پناہ میں آگیا۔ شاہ جہاں نے لاہور میں بڑی عزت کے ساتھ دربار میں بلایا اور ایک بیش بہا خلعت، طلا کار چار قُب، کلغی، مرصّع خنجر، مرصع تلوار، دو گھوڑے اور ایک ہاتھی مرحمت کیا۔ اور شش ہزاری منصب عطا کرکے کشمیر کا صوبہ دار مقرر کردیا۔ یہ واقعہ شاہ جہاں کے جلوس کے بارھویں سال یعنی ۱۰۴۸ھ کا ہے۔ اِس کے دوسرے سال ہفت ہزاری ہفت ہزار سوار کا منصب ملا اور کشمیر کے علاوہ لاہور کی صوبہ داری بھی عنایت ہوئی۔ تین سال بعد امیر الامرا کا خطاب پاکر کل شاہ جہانی منصب داروں سے بڑھ گیا۔ کوئی بیس سال تک علی مردان خاں کے تدبر اور شجاعت سے بڑے بڑے کام بنتے رہے اور بڑی بڑی مہمیں سر ہوتی رہیں اور سرکار شاہی سے اُس پر انعام و اکرام، اعزاز و احترام کی بارش ہوتی رہی، یہاں تک ۱۰۶۷ھ آگیا۔ اسی سال میں علی مردان خاں نے اسہال کے مرض میں انتقال کیا اور اسی سال شاہ جہاں کو سلطنت سے دست بردار ہونا پڑا۔ گویا شاہ جہاں کے آفتابِ اقبال کا عروج و زوال علی مردان خاں کے ستارۂ حیات سے وابستہ تھا۔ علی مردان خاں کے خلوص و عقیدت دانائی اور کارروانی نے شاہ جہاں کے دل میں ایسا گھر کرلیا تھا کہ

وہ اُس کو یارِ وفادار کے الفاظ سے خطاب کرتا تھا۔ اُس کے انتقال
کا بادشاہ کو بے حد صدمہ ہوا۔

علی مردان خاں کی دولت وثروت اور سازوسامان کی ایک مدت
تک ہندستان بھر میں بڑی شہرت رہی۔ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ اس نے
بادشاہ کی دعوت کے موقع پر سو سینیاں مع سرپوش سونے کی اور تین سو
سینیاں چاندی کی دسترخوان پر رکھی تھیں۔ انتقال کے وقت جو اثاثہ
اس نے چھوڑا تھا اس کی مالیت کا تخمینہ ایک کرور روپیہ کیا گیا تھا۔

علی مردان خاں نے چار بیٹے چھوڑے۔ ابراہیم بیگ، اسماعیل بیگ،
اسحاق بیگ اور عبداللہ بیگ۔ ابراہیم سب سے بڑا بیٹا تھا اور باپ
کی زندگی میں منصب اور خانی کا خطاب پا چکا تھا۔ علی مردان خاں کے
انتقال کے بعد شاہ جہاں نے ابراہیم خاں کو اپنے حضور میں طلب کیا
اور اس کے منصب میں اضافہ کرکے چار ہزاری سہ ہزار سوار کر دیا۔
اور علی مردان خاں نے جو نقد وجنس ایک کرور کا اثاثہ چھوڑا تھا اُس میں
سے آدھا ابراہیم خاں کو عطا کیا اور آدھا شاہی خزانے میں داخل
کر دیا۔ ابراہیم خاں کا بھائی عبداللہ بیگ بھی ایک اچھے منصب پر
تھا۔ باپ کے مرنے پر سرکار شاہجہانی سے دو ہزار و پانصدی ہزار
و پانصد سوار کا منصب عطا ہوا۔ اسماعیل بیگ اور اسحاق بیگ کو بھی
ہزار و پانصدی ہشت صد سوار کا منصب مرحمت ہوا۔ شاہجہاں کی
معزولی کے بعد اُس کے بیٹوں میں تخت وتاج کے لیے جو جنگیں ہوئیں
اُن میں یہ چاروں بھائی داراشکوہ کی طرف تھے سموگڑھ کا سخت معرکہ
جس میں داراشکوہ نے شکست کھائی۔ اُس میں ابراہیم خاں اور اس کے

بھائی اسماعیل بیگ اور اسحاق بیگ بھی شریک تھے۔ وہ دونوں تو اس جنگ میں مارے گئے اور ابراہیم خاں نے شاہ زادہ مرادبخش کی رفاقت اختیار کرلی۔ جب عالم گیر تخت سلطنت پر متمکن ہوگیا تو اس نے ابراہیم خاں اور اس کے بھائی عبداللہ بیگ کو اپنی ملازمت کا شرف بخشا اور خلعت۔ انعام اور اضافۂ منصب سے سرفراز کیا۔ شجاع کی جنگ اور دارا شکوہ کی دوسری جنگ میں عبداللہ بیگ عالم گیر کے ساتھ تھا۔ بادشاہ کی سرکار سے اس کو 'گنج علی خاں' کا خطاب ملا اور جلوس عالم گیر کے نویں سال اس کو سہ ہزاری دو ہزار سوار کا منصب عطا ہوا۔

ابراہیم خاں نے عالم گیر کے عہد میں بہت ترقی کی۔ اس بادشاہ نے اپنے جلوس کے دوسرے سال اُس کو پنج ہزاری پنج ہزار سوار کا منصب دے کر کشمیر کا صوبہ دار مقرر کردیا۔ اس کے بعد لاہور، بہار، بنگال، الہ آباد، کشمیر اور احمد آباد گجرات کی صوبہ داری پر وقتاً فوقتاً اُس کا تقرر ہوتا رہا۔ جلوس عالم گیر کے اُنچاسویں سال اُس کے منصب میں اور اضافہ ہوا اور وہ شش ہزاری شش ہزار سوار کے منصب پر فائز ہوا۔ اُس نے دو تین مرتبہ ترک ملازمت کرکے گوشہ نشینی اختیار کرلی اور ہر مرتبہ سرکار عالم گیری سے اُس کا بیش قرار وظیفہ مقرر ہوگیا۔ ایک مرتبہ کی گوشہ نشینی کے متعلق تصریح کے ساتھ معلوم ہے کہ ساٹھ ہزار روپے سالانہ اُس کا وظیفہ مقرر ہوا تھا۔ عالم گیر کے بعد جب بہادر شاہ تخت نشین ہوا تو شاہ زادہ عظیم الشان نے ایک پرانی ناراضی کی بنا پر ابراہیم خاں سے مواخذہ کرنا چاہا۔ مگر خان خانان نے ابراہیم خاں کے خاندانی

وقار اور ذاتی اعزاز کا خیال کرکے بادشاہ سے سفارش کی اور بادشاہ نے اُس کو "علی مردان خاں" کا خطاب اور کابل کی صوبہ داری عطا کی۔ ابراہیم خاں پشاور پہنچ گیا۔ مگر بڈھا منصب دار صوبے کا بندوبست جیسا چاہیے تھا نہ کرسکا۔ اِس لیے اُس کی جگہ پر ایک اور شخص کا تقرر عمل میں آیا۔ ابراہیم خاں واپس آکر ابراہیم آباد سودھرہ میں مقیم ہو گیا۔ یہ مقام لاہور سے تیس کوس کے فاصلے پر واقع تھا اور اُس کو ابراہیم خاں نے گویا اپنا وطن بنا لیا تھا۔ وہیں چند مہینے کے بعد اُس نے انتقال کیا۔ "ابراہیم آباد سودرہ" کے باغ کی تعریف میں فائز نے ایک مثنوی کہی ہے، جس کے چند شعر یہاں نقل کیے جاتے ہیں :-

درین گلشن کہ مانند بہشت است   ہوا ہموارہ چوں آردی بہشت است

درش چوں جبہہ خوباں کشادہ   صفایش از گلِ بستاں زیادہ

خزاں را نیست رہ در ایں گلستاں   کہ سرسبز است ہمچوں باغِ رضواں

گرفتہ سر بسر روئے زمیں را   کسے کم دیدہ باغے ایں چنیں را

بود از حوض آئینہ کنارش   بسانِ جنت الماوی بہارش

چنار و سرو او از سربلنداں   دمیدہ سبزہ اش چوں خطِ خوباں

چو بہہ رخسارہ را رنگِ طلا کرد   انارش خندۂ دنداں نما کرد

گہر پاشی کند فوارہ دائم   مزاجِ مستقیمِ اوست قائم

زو یوارش حوادث بر کنار است   بہ ہر جانب کہ می بینی بہار است

نشاط افزا است ایں باغ پُر از گل
دہد دل را فرح چوں ساغرِ مُل

ابراہیم خاں کے دو بیٹے زبردست خاں اور یعقوب خاں شاہی منصب دار تھے۔ یعقوب خاں جلوس عالمگیر کے اکتالیسویں سال ۱۱۰۹ھ میں

جون پور کا فوج دار مقرر ہوا اور اُنچاسویں سال ۱۱۱۶ھ میں اُس کے منصب میں ہزار سواروں کا اضافہ کیا گیا۔ بہادر شاہ کے عہد میں وہ آصف الدولہ صوبہ دار لاہور کا نائب تھا۔ جس طرح ابراہیم خاں کو اُس کے باپ کے نام پر "علی مردان خاں" کا خطاب ملا تھا، اُسی طرح ابراہیم خاں کے انتقال کے بعد یعقوب خاں کو "ابراہیم خاں" کا خطاب دیا گیا تھا۔

زبردست خاں نے اپنے باپ کی نظامتِ بنگالہ کے زمانے میں رحیم خاں افغان پر، جس نے بردوان اور بعض دوسرے محالوں پر قبضہ کرکے رحیم شاہ کا لقب اختیار کر لیا تھا، فوج کشی کرکے اُس کو شکست فاش دی تھی۔ عالم گیری عہد کے بیالیسویں سال یعنی ۱۱۰۹ھ میں زبردست خاں صوبۂ اودھ کا ناظم مقرر ہوا۔ اور سہ ہزاری دو ہزار و پانصد سوار کے منصب پر فائز ہوا۔ اُس کے بعد وہ پنجاب کا صوبہ دار مقرر ہوا اور عہد عالم گیری کے اُنچاسویں سال ۱۱۱۶ھ میں اجمیر کا صوبہ دار ہوا اور چار ہزاری سہ ہزار سوار کا منصب پایا۔ بہادر شاہ کے عہد میں اُس کا انتقال ہوا۔ عہد مغلیہ کے ناموں اور خطابوں پر جن لوگوں کی نظر ہے اُنھیں اِس امر میں شبہ نہ ہوگا کہ "زبردست خاں" نام نہیں بلکہ خطاب ہے۔ عالم گیر کے عہد میں اِس خطاب کے اور لوگ بھی ملتے ہیں۔ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ اِن زبردست خاں کا نام کیا تھا۔ بہر حال فائزؔ اِنھیں زبردست خاں کے فرزند اور اِسی دودمانِ عالی شان کی یادگار تھے۔[۱]

**فائزؔ کا زمانہ**

فائزؔ کے آبا و اجداد کے حالات تو تاریخ کی کتابوں سے بہت کچھ معلوم کیے جا سکتے ہیں، لیکن خود اُن کا حال مجھے کسی

---

[۱] فائزؔ کے بزرگوں کے حالات عالم گیر نامہ، مآثر الامرا، مآثر عالم گیری، تاریخ کشمیر اعظمی، گلزارِ کشمیر، زبدۃ التواریخ، جامع التواریخ اور مفتاح التواریخ سے سے لیے گئے ہیں۔

تاریخ میں اب تک نہیں ملا۔ اُردو اور فارسی شاعروں کے کثیر التعداد مطبوعہ اور غیر مطبوعہ تذکرے جو میری نظر سے گزرے ہیں وہ سب بھی فائز کے حال میں خاموش ہیں۔ صرف طبقاتِ شعرائے ہند کے مصنف منشی کریم الدین نے اُن کے اُردو دیوان کا ذکر کیا ہے اور اُن کے متعلق صرف یہ چند لفظ لکھے ہیں، "صدرالدین محمد فائز فرزند زبردست خاں کا"۔ اس سے زیادہ فائز کے بارے میں اُنھیں کچھ معلوم نہ تھا۔ اُنھوں نے میر، سودا، درد، اور سوز کو اُردو شاعروں کے طبقۂ اوّل میں رکھا ہے اور فائز کو میر حسن، انشا اور جرأت کے ساتھ طبقۂ دوم میں جگہ دی ہے اور اس طبقے کے متعلق لکھا ہے:-

"اس میں اُن شعرا کا ذکر ہے جو مصلح اُردو اور مروج اس زبان کے تھے۔ اور اُنھوں نے الفاظ کریہہ کا استعمال یک قلم زبانِ ریختہ سے موقوف کیا۔"

معلوم ہوتا ہے کہ کریم الدین نے فائز کے کلام کا مطالعہ نہیں کیا۔ ورنہ اُن کے دیوان کا ہر صفحہ انھیں بتا سکتا تھا کہ انشا اور جرأت کا کیا ذکر فائز میر اور سودا سے بھی کہیں پہلے گزرے ہیں۔

فائز کی زبان کے علاوہ ان کی بعض تحریریں بھی ان کا زمانہ معین کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ ہم اوپر کلیاتِ فائز کے خطبے کی وہ عبارت نقل کر چکے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کلیات ۱۱۲۷ھ میں یعنی فرخ سیر کی سلطنت کے پانچویں سال میں مرتب ہوا اور ۱۱۴۲ھ میں یعنی محمد شاہ کی سلطنت کے گیارھویں سال میں اس پر نظرِ ثانی کی گئی۔ رسالہ مناظرات میں وہ مکالمے درج ہیں جو فائز اور بعض علما میں امیر الامرا صمصام الدولہ کے مکان پر مختلف اوقات میں بعض مذہبی مسائل کے متعلق ہوئے تھے۔ صمصام الدولہ کو فرخ سیر کے عہد میں امیر الامرا حسین علی خاں کی نیابت ملی

اور محمد شاہ کی سرکار سے امیر الامرا کا مستقل عہدہ عطا ہوا۔ اسی بادشاہ کے عہد میں وہ نادر شاہ کی فوج سے جنگ کرتے ہوئے مارا گیا۔ فائز نے اپنی ایک فارسی مثنوی میں بادشاہوں کے عبرت ناک انجام کا ذکر کیا ہے۔

اس کے چند شعر یہ ہیں :-

شہانے کہ بودند گردوں وقار — برآورد گیتی از ایشاں دمار
دو سہ روز اورنگ آراستند — خراج از شہانِ دگر خواستند
در اندک زمانے چو گردید بخت — نشستند بر خاکِ خواری ز تخت
ہماں سر کہ شایانِ افسر شدہ — بہ خاکِ مذلت برابر شدہ
من انچہ بدیدم نمایم بیان — ز احوالِ شاہانِ ہندوستان
چو اورنگ زیب از جہاں رخت بست — ز بعد وے اعظم بہ تختش نشست
شد اندر دو سہ ماہ دورش تمام — معظم بہ تختِ شہی یافت کام
نشستہ بر اورنگِ او پنج سال — برفت از جہان با ہزاران ملال
پس او جہاں دار شہ سر کشید — دو روزے سرش بار افسر کشید
پس از وے چو فرخ سیر شد عیاں — نہادہ قدم بر سریر جہان
جہاں داوری کرد تا ہفت سال — ز فرقش ربودند تاج جلال
ز بعد وے آمد رفیع الدرج — ندید از جہاں ہیچ حظ و فرج
پس از وے بیامد رفیعِ دگر — دو سہ مہ نپائید عمرش مگر
پس از وے محمد شہ آمد پدید — کہ در سلطنت غیر حسرت ندید
بر احوال ایں ہا بہ عبرت ببیں — بود عاقبت حال ہر کس چنیں

من آنہا کہ دیدم بسا سال نیست
تمامش بجز چارہ وہ حال نیست

کلیات فائزؔ کی ترتیب اور تکمیل کی تاریخیں، فائزؔ اور امیر الامرا صمصام الدولہ کی بے تکلف ملاقاتیں، اور سب سے بڑھ کر مثنوی کے یہ شعر، ان سب چیزوں پر نظر کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ فائزؔ نے عالم گیری عہد کا آخری حصہ دیکھا تھا۔ اور وہ محمد شاہی عہد میں بھی موجود تھے۔

**فائزؔ کا وطن** فائزؔ کے زمانے کی طرح اُن کے وطن کا پتا بھی انھیں کی تحریروں سے لگتا ہے۔ انھوں نے اپنے وطن کا ذکر صاف صاف تو کہیں نہیں کیا ہے لیکن ان کے کلام میں دہلی کا ذکر اس انداز سے اور اس کثرت سے ملتا ہے کہ دہلی کو ان کا وطن قرار دینے میں کوئی تامل نہیں ہو سکتا۔ ان کے فارسی کلیات میں ایک مثنوی نہان نامہ ہے جس میں 'نگمبود' کے گھاٹ پر، جو دہلی میں ہے ہندوؤں کے نہانے کا ذکر کیا ہے۔ تین مثنویاں افترا نامہ، آتش نامہ اور حویلی نامہ ہیں جن میں سے پہلی مثنوی میں دہلی میں کذب و افترا کی کثرت بیان کی ہے، دوسری میں دہلی میں آگ لگنے کی زیادتی دکھائی ہے اور تیسری میں دہلی کے مکان داروں کی مذمت کی ہے۔ ایک مثنوی درگاہ نامہ ہے جس میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے عرس کے موقع پر دہلی میں جو میلا لگتا تھا اُس کا حال لکھا ہے۔ ایک مثنوی میں امیر الامرا کے باغ، عمارت اور حمام کی تعریف کی ہے جو دار الخلافہ یعنی دہلی میں واقع تھا۔ ایک مثنوی میں شہر لاہور کی تعریف کرنے کے بعد کہتے ہیں:-

بشو فائزؔ اکنوں بہ دہلی رواں ۔۔۔ رفیقِ تو لطفِ خدا سے جہاں

فائزؔ کے دہلوی ہونے کا سب سے زیادہ کھلا ہوا ثبوت اُن کی اُس مثنوی سے ملتا ہے جو انھوں نے شاہ جہاں آباد کی تعریف میں لکھی ہے۔

اس میں دہلی کے بازاروں کے بیان میں دریبہ، گزری، نخاس مغل پورہ، اور قاضی کے حوض کا ذکر کیا ہے اور اسی سلسلے میں لکھا ہے :۔

پلے را کہ نامش مٹھائی بود ۔۔۔ زجنس نکو روشنائی بود

مرا خانہ بودہ است دراین طرف ۔۔۔ ز نہر ست اورا سراسر شرف

مٹھائی کا پل دہلی میں اب بھی موجود ہے۔ سعادت خاں کی نہر اس کے نیچے سے گزرتی ہے۔ یہ نہر اب پاٹی جارہی ہے مگر اس کے آثار ابھی موجود ہیں اور اس کا نام باقی ہے۔ سعادت خاں (برہان الملک) محمد شاہی عہد کا مشہور منصب دار تھا، جو بعد کو اودھ کی سلطنت کا بانی ہوا۔ ظاہر ہے کہ اس کی بنوائی ہوئی نہر فائز کے سامنے تیار ہوئی ہوگی اور اس میں شک نہیں کیا جا سکتا کہ انھوں نے منقولہ بالا شعروں میں اسی نہر کا ذکر کیا ہے۔ غرض کہ یہ دو شعر صاف بتاتے ہیں کہ فائز کا مکان دہلی میں مٹھائی کے پل کے قریب سعادت خاں کی نہر کے کنارے واقع تھا۔ اس مثنوی کا آخری شعر یہ ہے :۔

چو فائز اگر سیر دنیا کنی ۔۔۔ بہ این شہر باید کہ ماوی کنی

اس شعر سے بھی یہ بات نکلتی ہے کہ فائز دہلی میں رہتے تھے۔

فائز کے اردو دیوان میں بھی ایک مثنوی کا موضوع ہے۔ وصف جھنگیرن درگاہ قطب اور ایک مثنوی کا موضوع ہے تعریف نہان نگمبود۔ قطب صاحب کی درگاہ اور نگمبود کا گھاٹ دونوں دہلی میں واقع ہیں ۔ ایک اردو غزل کے مقطع میں بھی دہلی کا ذکر اس طرح کیا ہے :۔

شہر دہلی میں فائز اب ناہیں ۔۔۔ ثانی اس دل ربا سرجن کا

مختصر یہ کہ فائز کے دہلوی ہونے میں کسی شبہے کی گنجایش نہیں ہے۔

## فائز کی شکل و شمائل

فائز اصل نسل کے ایرانی اور پشتہا پشت کے امیر تھے۔ قیاس کہتا ہے کہ وہ ہاتھ پاؤں کے اچھے اور چہرے مہرے کے وجیہ ہوں گے۔ اس قیاس کی تصدیق بھی فائز ہی کے بیان سے ہو جاتی ہے وہ اپنے کلیات کے خطبے میں ایک جگہ لکھتے ہیں :-

"حسن ظاہر بہترین صفات امت و دلیل خوبی باطن
چناں چہ در حدیث وارد شدہ اطلبوا الخیر عند حسان الوجوہ
ازیں جا پیدا است کہ قبح منظر دلیل سوء باطن است۔ نعوذ
باللہ منہا"

اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ فائز خوب صورت آدمی تھے اگر وہ خود بد صورت ہوتے تو بد صورتی کو بد باطنی کی دلیل قرار نہ دیتے اور اس سے پناہ نہ مانگتے۔ اس سلسلے میں انھوں نے یہ شعر بھی لکھا ہے جس سے اس خیال کو اور تقویت پہنچتی ہے۔

زشت رو البتہ می باشد شریر  قول و فعل او نباشد دل پذیر

فائز خود حسین تھے اور حسینوں کی طرف فطری میلان رکھتے تھے انھوں نے اپنے کلیات کے خطبے میں اپنی گرفتاریٔ دل و تعلق بہ خوبان طاقت گسل" کا ذکر کیا ہے اور رسالۂ مناظرات میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ امیر الامرا نے اُن سے شکایت کی کہ آپ نے یہ کیا طریقہ اختیار کیا ہے کہ نہ دربار میں شرکت کرتے ہیں نہ میرے گھر آتے ہیں اس سلسلے میں مزاحاً یہ بھی کہا کہ کیا کہیں عاشقی کرلی ہے جو گھر سے باہر نہیں نکلتے؟ فائز نے جواب دیا کہ فی الواقع میں ہمیشہ سے

عاشق پیشہ تھا لیکن

چناں قحط سالے شد اندر دمشق | کہ یاراں فراموش کردند عشق

اس لیے اب عشق و عاشقی کا ہوش نہیں ۔

فائز نے اپنی شگفتہ مزاجی اور صاف دلی کا ذکر کئی جگہ کیا ہے ۔ مثلاً ایک قصیدے میں کہتے ہیں :-

اگر کدورت و بغض و نفاق در دلہاست | ہزار شکر کہ آئینۂ دلم یہ صفاست
چو گل شگفتگی افتادہ لازم طبعم | اگرچہ در دل و جانم زچرخ کلفتہاست

فائز کی نظموں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ہر طرح کی صحبتوں میں بیٹھتے تھے، ہر قسم کے جلسوں میں شریک ہوتے تھے ۔ میلوں ٹھیلوں کی سیر کرتے تھے، اور کھیل تماشے، ناچ رنگ سب کچھ دیکھتے تھے ۔ وہ اپنے گھر پر بھی ناچ گانے کے جلسے کرتے تھے ۔ کم از کم ایک جلسے کا حال تو انھوں نے خود نظم کیا ہے جو اُن کے یہاں نوروز کے دن ہوا تھا ۔ اس نظم کے صرف چار شعر یہاں نقل کیے جاتے ہیں :-

یافت ترتیب روزِ نوروزے | خانہ ام مجلسِ دل افروزے
دل برانِ پری رُخِ رعنا | چوں گل و لالہ جمع دریک جا
بردہ ہر یک بہ رقص ہوش زسر | عشوہ و نازِ شان ہمہ دل بر
صوتِ مطرب ازبس گشت بلند | زُہرہ بر چرخ طرح رقص فگند

فائز کی تحریروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ آخر عمر میں انھوں نے رقص و سرود کی محفلوں میں شرکت ترک کردی تھی اور مے نوشی سے ہمیشہ پرہیز کیا تھا ساقی نامہ کے نام سے انھوں نے ایک طولانی مثنوی کہی ہے ۔ اُس کے خاتمے میں یہ بھی بتایا ہے کہ شراب اور ساقی کا ذکر جو انھوں نے کیا ہے

اُس سے اُن کی مراد کیا ہے۔ کہتے ہیں :۔

مدہ طول از یں بیش در گفتگو — کہ بسیار گوئی نباشد نکو
مکن وصفِ ساقی و ساغر مدام — مطوّل مگرداں بہ ذکرش کلام
کہ مے نیست لائق بہ فرزانہا — بود شُربِ آں کار دیوانہا
زاُمّ الخبائث بکن احتراز — کہ آنست باغیر زلہم گراز
مرا شوق ایں بادہ و جام نیست — چنیں فکرتِ پختہ ام خام نیست
مرادِ من از بادہ باشد دگر — ندارد کسے از ضمیرم خبر
بہ دُردی کشانِ محبّت قسم — بہ ارباب و اہلِ مودّت قسم
کہ از بادہ مطلوبِ من کوثر است — مرا نشۂ آں مے اندر سر است
بہ ساقیِ او نیز دل بستہ ام — اگرچہ ز ایّام دل خستہ ام
بہ عشقِ علی درجہاں زندہ ام — بہ لوحِ دلم نام او کندہ ام

یوں تو فائز کو اُن تمام مشغلوں سے کچھ نہ کچھ دلچسپی تھی جو اُس زمانے میں امیری کے لوازم سمجھے جاتے تھے۔ مگر اُن کو خاص شوق دو چیزوں سے تھا۔ ایک کتابوں کا مطالعہ، دوسرے شکار۔ ایک مرتبہ اثنائے گفتگو میں امیر الامرا نے فائز سے پوچھا کہ "مطالعہ تو موقوف ہوا اب کیا شغل رہتا ہے؟" فائز نے جواب دیا "کچھ نہیں۔ اِس لیے کہ دو ہی چیزوں کی طرف طبیعت مائل تھی، ایک مطالعہ، وہ طبیبوں کے کہنے سے ترک کردیا، دوسرے شکار وہ دار الخلافت میں کسی کو میسر نہیں"۔ (رسالۂ مناظرات)

## فائز کی ذاتی وجاہت اور مالی حالت

فائز کے حالات معلوم نہیں مگر قرینہ کہتا ہے کہ وہ خاندانی اعزاز کے علاوہ ذاتی امتیاز کے بھی مالک

تھے۔ اُن کی دو مہریں، جو میں نے دیکھی ہیں، دونوں میں اُن کے نام کے ساتھ "خاں" کا لفظ موجود ہے۔ اس کے علاوہ رسالۂ مناظرات کے سرنامے کی عبارت جو اوپر نقل کی جا چکی ہے۔ اُس میں اُن کا نام "نواب صدرالدین محمد خاں بہادر" لکھا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ نوابی اور خانی کے خطاب پائے ہوئے تھے۔ ان کے ایک شعر سے ان کا صاحب جاگیر ہونا بھی ظاہر ہوتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اُن کو جو جاگیر ملی تھی وہ اُن کے استحقاق یا توقع سے کم تھی۔ کہتے ہیں :-

جاگیر اگر بہت نہ ملی ہم کو غم نہیں  حاصل ہمارے ملکِ قناعت کا کم نہیں

رقعات الصّدر کے مقدمے میں جو عبارت علم حساب کے تلازمے میں لکھی گئی ہے۔ اُس میں یہ الفاظ ملتے ہیں "مرا و بہ قسمت یقسم فمن یعمل است ومقسوم جاگیر است وخارج قسمت امیرزادہ ہا اند"۔ جاگیر کے معاملے میں فائز کی جو حق تلفی ہوئی تھی اُس کی شکایت اِن لفظوں میں بھی مضمر ہے۔ رسالۂ مناظرات سے فائز کی باوقعت شخصیت کا حال یوں بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ امیرالامرا کے حضور میں بلکہ خود انھیں سے خطاب کر کے، بے تکلفانہ اور بے باکانہ گفتگو کر سکتے تھے اور گفتگو بھی ایسی جس میں امیرالامرا کی ذات اور اُن کے مذہب پر حملے ہوتے تھے۔ باوجود اس کے امیرالامرا فائز کی ملاقات کے مشتاق رہتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک مہینے کے بعد ملاقات ہوئی۔ جب فائز رخصت ہونے لگے تو امیرالامرا نے کہا کہ مہینا بھر کے بعد آئے اور اتنی جلد چلے۔ ایک مرتبہ تین مہینے کے بعد ملاقات کی نوبت آئی تو امیرالامرا نے شکایت کی کہ آپ نے یہ کیا طریقہ اختیار کیا ہے کہ نہ دربار میں شرکت کرتے ہیں نہ میرے یہاں آتے ہیں۔ یہ الفاظ بتا

رہے ہیں کہ فائز کو دربار شاہی میں رسائی حاصل تھی۔

فائز کے باپ دادا کئی پشتوں سے جب دولت و ثروت کے مالک چلے آتے تھے اس کا کچھ حصہ تو فائز تک ضرور ہی پہنچا ہوگا۔ خود اُن کی بعض تحریروں سے بھی اُن کی خوش حالی کا اظہار ہوتا ہے۔ اپنے ایک دوست کو خط میں لکھتے ہیں کہ جو گھوڑا آپ نے بھیجا ہے وہ بھی بُرا نہیں ہے۔ لیکن جیسا میں نے لکھا تھا ویسا بھیجیے۔ گھوڑا اچھا ہو خواہ کتنی ہی قیمت کا ہو۔ (بہر قیمت کہ باشد لیکن خوب باشد) ایک خط میں کسی دوست کو لکھتے ہیں کہ ایک ہاتھی مطلوب ہے، مگر معمولی نہ ہو۔ بہت اچھا ہو۔ جس قیمت کا بھی ہو۔ مضائقہ نہیں ہے (بہ ہر قیمت کہ باشد مضائقہ نیست) کسی نے ایک گھوڑا منگوا بھیجا ہے۔ اس کو جواب میں لکھتے ہیں کہ چند گھوڑے جو میرے پاس تھے میں نے بیچ ڈالے۔ اگر کوئی گھوڑا ہوتا تو میں ضرور بھیج دیتا۔ اِن تحریروں سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ فائز کا ایک زمانہ کم از کم ایسا ضرور گزرا ہے جب ان کے اصطبل میں کئی کئی گھوڑے بندھے رہتے تھے اور دروازے پر ہاتھی جھومتے تھے۔ فائز کی جو تصویر اس کتاب کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے وہ بھی ان کی خوش حالی کا ثبوت دے رہی ہے۔ مگر خوش بختی اور خوش حالی تو ایک اضافی چیز ہے ہم جس حالت کو خوش حالی سمجھ رہے ہیں وہ خود فائز کے نزدیک خوش حالی نہ تھی، کیوں کہ نہ اُن کی مالی حالت وہ تھی جو اُن کے بزرگوں کی رہ چکی تھی نہ اُن کو وہ منصبی اعزاز حاصل تھا جو اُن کے خاندان میں کئی پشتوں سے چلا آتا تھا۔ اُن کی زندگی کا کچھ حصہ ایسا ضرور گزرا ہے جب وہ کسی منصب پر فائز نہ تھے اُن کو یہ شکایت ہے کہ اس عہد میں نام ور خاندانوں کے افراد بے روزگار

اور نیچے گھرانوں کے لوگ برسرِکار ہیں۔ ہر کس و ناکس کسی نہ کسی منصب پر فائز ہو مگر حق دار اپنے حق سے محروم ہیں اور غیر مستحق لوگ یکایک بڑے سے بڑے منصبوں پر پہنچ جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں رقعات الصدّر کے مقدمے سے تین مختصر اقتباس پیش کیے جاتے ہیں جن میں علمِ حساب، نحو اور منطق کا تلازمہ ملحوظ رکھا گیا ہے۔

"مراد بہ خطائیں دو خطا ست، یکے از پا انداختن بزرگ زادہا، دویم کارفرمودن بہ گدازادہ ہا"۔ "مستثنیٰ کسے است کہ دریں ایام کم تر از صدی منصب داشتہ باشد"۔

"قضیۂ اتفاقی آنست کہ در باوشاہ گردش شخصے یک مرتبہ ہفت ہزاری گردد و قضیۂ مہملہ طلب حق خواست سیما از قوی نرسے از خود ۔"

فائز کا ایک خط ہے "درجواب شخصے کہ احوال حضور نوشتہ بود" اس میں بھی دربار کے حالات کی خرابی کا ذکر اور نا اہلوں کے برسرِاقتدار ہونے کی شکایت کی ہے۔ لکھتے ہیں:-

"آنچہ نوشتہ بودند کہ مقدمات دربار بسیار زبون بہ نظر می آید و کار کسے نمی شود، بدیہی است، دولۃ الارذال آفۃ الرجال"۔

فائز نے اپنی نظموں میں جگہ جگہ اپنی بے کاری، اہلِ کمال کی ناقدری اور اربابِ اختیار کی بے امتیازی کی شکایت کی ہے اور اپنی سرفرازی اور بلند اقبالی کے لیے دعا مانگی ہے۔ مثلاً

عاقلاں از بہرِ نانے مضطر اند — ابلہاں با بخت و دولت ہم سر اند

ہر ابلہے پرُ ہنر شدہ صاحب احتشام — علم و کمال ہیچ نیا مد بہ کارِ من

---

نماندہ کسے در جہاں قدرداں — نہ دیدم کسے را بہ خود مہرباں

---

ہمہ دشمنِ مردِ صاحب ہنر — ہمہ مائل و راغبِ سیم و زر

---

بہ اصحابِ معنی نہ دارند کار — گر فتند از ایشاں چو حیواں کنار

---

آں کہ باشد نسب از امیرانِ قدیم — ہمہ کم نیست بر ایشں ز عفونات جحیم

چوں مجانیں نکنند ہیچ کس ادراک تعظیم — . . . . . . . . . . . .

---

ہر طرف می شنوم زمزمۂ بے تابی — حاصلے نیست بہ یاراں زخطابِ خانی

---

رقعات الصدر کے مقدمے میں لکھتے ہیں:۔

"قدیم زمانے میں اہلِ کمال کی بڑی عزت تھی۔ اس لیے کہ اکثر سلاطین اور اہلِ دول دانشمند دوست اور سخن فہم تھے اور چھپے ہوئے نکتوں کی تہ تک پہنچ جاتے تھے . . . . . . . .
اس عصر میں ماہرین فن میں سے ایک بھی موجود نہیں ہے اور کوئی ان کا طالب نہیں ہے . . . . . . . . قدما کا میلان کمال کی طرف تھا اور اس زمانے میں بے کمالی

کمال ہے اور ہزار ترقی مدارج کا باعث اور تفاخر کا سبب ہو۔" (ترجمہ)
اسی مقدمے میں آگے بڑھ کر لکھتے ہیں :۔

"ایسی افراط و تفریط کی حالت میں کہ اہلِ کمال کی طرح
تمیز کا پانو درمیان سے اٹھ گیا ہو کوئی علم کی خواہش کیوں
کرے اور کمال کس لیے حاصل کرے اگر صاحب کمال
ہو جائے گا تو اس کے مرتبے میں کیا زیادتی ہو جائے گی
اور اگر نادان رہ جائے گا تو اس کے رتبے میں کیا کمی رہ جائے گی۔
سخن فہم کون ہے اور دیکھنے والا کہاں ہے یہی سبب ہے کہ
کمال کی کساد بازاری یہاں تک پہنچ گئی ہے اور اقلیم سخن
کی خرابی اس حد تک کھنچ گئی ہے۔ اگر معقول بات کہو تو کوئی
تعریف نہیں کرتا اور مہمل بکو تو کوئی منہ پر نہیں مارتا۔" (ترجمہ)

فائز کبھی کبھی اپنی آمدنی کی کمی اور خرچ کی زیادتی سے سخت پریشان
ہو جاتے اور کہتے ہیں :۔

مرا کرد دیوانہ فکرِ معاش ‌ ‌ ‌ ‌ از آں رفتہ از طبع من انتعاش

مگر کبھی اپنے دل کو یوں تسکین دے لیتے ہیں کہ منصب نہ ملا تو اچھا ہوا
کہ حلال کی روٹی کھاتے ہیں اور کسی کے آگے سر نہیں جھکاتے ۔

بہ دہر روزیِ من دادہ حق زوجہ حلال ‌ ‌ ‌ ‌ بہ مال شبہ از اں دست آشنا نکنم
ز فضلِ حق بہ جہاں سرفراز چوں سرو م ‌ ‌ ‌ ‌ برائے کورنش و تسلیم قد دوتا نکنم

## فائز کی بیماری

فائز ایک طرف بے کاری سے پریشان تھے، دوسری
طرف بیماری سے نالاں تھے۔ ایک مناجات
میں کہتے ہیں :۔

ہوا دل تنگ میرا اس جہاں سے | توقع کچھ نہیں اب دوستاں سے
کہ بے کاری و بیماری بلا ہے | فقیر ان دو بلا میں مبتلا ہے
شفا خانے سے اپنے بخش صحت | سرافرازی کی جگ میں بھیج خلعت
شفا دے فائز زار و حزیں کو | ملیندا اقبال کر اندوہ گیں کو

ایک منقبت میں یہ دو شعر ملتے ہیں :-

لشکر سودا نے کیا ہے ہجوم | چھائے مرے دل پہ غمام غموم
فائز بیدل کوں سرافراز کر | صحت جاوید سوں ممتاز کر

یہ شعر بتاتے ہیں کہ فائز کسی سوداوی مرض میں مبتلا تھے ۔ وہ اپنے رسالۂ مالی خولیا کے دیباچہ میں لکھتے ہیں ۔" ایں ہیچ مداں را از سن طفولیت سودا در مزاج غالب بود و از خیالات غیر متناہی آں لحظۂ فارغ نہ بود ۔" اُن کی بعض دوسری تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کو خفقان کی شکایت پیدا ہو گئی تھی وہ ایک منظوم خط میں شاہی طبیب حکیم الملک کو لکھتے ہیں :-

ای مسیحا نفس طبیب زماں | در مداوا ترا ید بیضا
زاں خطاب تو شد حکیم الملک | کہ کنی زندہ ہر نفس موتیٰ
می کشد خاطرم بہ دشت جنوں | ہست ایں حال لازم سودا
ہر دمے در نظر بہ چندیں رنگ | جلوہ ہا می کند خیال رسا
گشت دل تنگیم چو غنچۂ گل | شد دلم خوں چو لالۂ حمرا
خفقاں از خیال ہم نفسی | بُردہ راحت بہ غارت دل ما
گر رسد نسخۂ یاقوتی | نفع بخشد مرا دریں اثنا
باید اجزائے آں بود یکسر | تقویت بخش قلب و روح افزا

اِس کے بعد نسخے کے اجزا بھی تجویز کیے ہیں اور وہ یہ ہیں ۔ یشب ۔ لعل عقیق

مروارید۔ حجر الیہود۔ بسد۔ کاہ ربا، عنبر، مشک، صندل، کافور، عود، زعفران، جوزبوا۔ انھیں حکیم الملک کو ایک دوسرے قطعے میں لکھا ہو کہ ایک ہفتہ آپ کا نسخہ استعمال کیا۔ دماغ میں مادے کا کسی قدر حبس ہو گیا ہو، جس سے دماغ پریشان ہو۔ اگر تنقیۂ دماغ ضروری ہو تو پھر آپ دیر کیوں کر رہے ہیں۔ ایک مثنوی میں اُنھوں نے اپنی حالتِ زار ذرا تفصیل سے بیان کی ہو۔ اُس کے چند شعر یہاں نقل کیے جاتے ہیں:۔

زسودا چناں شد مزاجم خراب — کہ کس را نگویم ز کلفت جواب
حواسم نماندہ چو دیوانہ ہا — دلم وحشتے دارد از خانہ ہا
نہ با باغ رغبت نہ شوقے بہ گل — نہ ذوقے بہ جام و نہ خواہش بہ مُل
نہ میلے سوئے دشت و صحرا و کوہ — نہ حظّے ز باغات و الا شکوہ
ندارد دلم رغبتے بر شکار — گرفتہ طبیعت از ایں ہا کنار
نہ شوقِ ملاقات ہم سایہ ہا — نہ خواہش بہ دیدارِ ہم پایہ ہا
ندارم دماغے بدرس و کتاب — کہ شبہا ز فکرم نبردہ است خواب
ز وضع فلک گشتہ جانم ملول — نشستم ز کلفت بہ کنج خمول

فائز کے خطوں میں ایک حکیم الممالک کے نام اور چار حکیم مومن علی خاں کے نام ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ حکیم الملک، حکیم الممالک اور مومن علی خاں سے ایک ہی ذات مراد ہو۔ ان خطوں سے معلوم ہوتا ہو کہ حکیم مومن علی خاں نے ایک مرتبہ فائز کو دوار المسک بھیجی تھی اور ایک مرتبہ سرمہ۔ حکیم الممالک کے نام جو خط ہو اُس میں بھی فائز نے اپنے مراق اور خفقان کا ذکر کیا ہو۔ اس خط کا کچھ حصہ یہاں نقل کیا جاتا ہو:۔

"مہربانِ من چہ گویم و چہ نویسم از احوالِ کثیر الاختلال سراپا ملال طفلِ طبیعتم کہ از سن صبی الی یومنا ہذا در مہدِ عافیت نشو و نما یافتہ بود سرگشتۂ بادیہ حیرانیست و تو بادۂ آرزویم کہ

ہموارہ در کشاکش جمعیۃ بسر می برد ہاموں نورد صحرائے سرگردانیست ذہن دقاوعالیم کہ طعنہ بر افلاطون می زد مضحکۂ پست فطرتان گردیدہ وعقل نکتہ فہم کہ باساکنانِ سموات دست گریبان می شد بربع القہقرا اسر کشیدہ حافظہ ام کہ لوح محفوظ بود ضعفش تا آں جا کہ آنچہ باو سپردہ بودم نسیًا منسیا بل کان لم یکن شیئاً مذکوراً "

فائز کی تحریروں کا غائر مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اپنی بےکاری، بیماری یا مالی بے اطمینانی اور اہل زمانہ کی گردش سے بے زاری - ان سب چیزوں کے مجموعی اثر نے اُن کو خانہ نشین بنا دیا تھا اور انھوں نے لوگوں سے ملنا جلنا بہت کم کر دیا تھا - اوپر لکھا جا چکا ہے کہ ایک مرتبہ فائز تین مہینے کے بعد امیر الامرا سے ملے تو انھوں نے یہ شکایت کی کہ آپ نہ دربار میں جاتے ہیں نہ میرے یہاں آتے ہیں - رقعات الصدور کے مقدمے میں فائز نے سب سے مجالست ترک کرکے ایک مخلص دوست کی صحبت پر قناعت کرنے کا سبب بیان کیا ہے - یہ بیان انھیں کی زبان سے سنیے :-

" دریں عصر آنچہ بہ نظر می آید نادیدنیست وہرچہ مسموع می شود ناشنیدنی وآنچہ بہ عمل می آید ناکردنی - اگر نفی آں کردہ شود برایشاں شاق واگر تصدیقِ آں نمودہ شود مالا یطاق - علی کل التقدیرین باعث تصدیع طرفین شود . . . . بناءً علیہ ترک مجالست ہمہ نمودم و دوستے مشفق وانیسے محب کہ ہموارہ ہم نفس است . . . . . . . . اختیار فرمودم "

اس کے بعد اُس دوست کی تعریف عربی میں لکھی ہے اور عربی ہی میں اُس کے نام کے کئی سجع بنائے ہیں۔ اِن معموں سے وہ نام "تجرید" نکلتا ہے، جس کے معنی ہیں تنہائی۔ فائزؔ کا مطلب یہ ہے کہ سب لوگوں سے ملنا جلنا چھوڑ کر تنہائی اور گوشہ نشینی اختیار کر لی ہے۔

## فائزؔ کی علمی استعداد

فائزؔ کی علمی استعداد بہت اچھی تھی۔ فارسی زبان پر اُن کو جو عبور تھا وہ اُن کی متعدد تصنیفوں اور ضخیم فارسی دیوان سے ظاہر ہے۔ وہ فارسی ادب بالخصوص فارسی شاعری، میں بہت وسیع نظر رکھتے تھے۔ اپنے کلیات کے خطبے میں ایک جگہ لکھا ہے:۔

"فقیر قریب پنجاہ دیوان از قدما و استاداں بہ مطالعہ در آوردہ احوالِ ہر یک و مراتب کلامِ ایشاں سنجیدہ"

اِس کے بعد فارسی کے باون (۵۲) شاعروں کا ذکر کیا ہے اور اُن کے خصوصیات نہایت اختصار کے ساتھ بیان کرنے کے بعد لکھا ہے:۔

"طور و طرزِ ہر یک جداست۔ کسے کہ مدتہا مطالعۂ کتبِ ہر یک نمودہ باشد بر و پوشیدہ نخواہد بود"

اسی خطبے میں دوسری جگہ اپنے متعلق لکھتے ہیں:۔

"اکثر مطالعۂ کتبِ اشعارِ استاداں می نمود۔ زیںسبب کہ خوش آمد در آں فکرِ نظم می نمود"

ان قولوں کے علاوہ فائزؔ نے اپنے کلیات کے خطبے میں ایرانی شاعروں کی تصنیفوں کے حوالے دیے ہیں اور اُن کے شعر مختلف

موقعوں پر کثرت سے نقل کیے ہیں۔ انھوں نے اپنی فارسی مثنویوں کو اُن کی بحروں کے اعتبار سے ترتیب دیا ہے اور ان بحروں کے نام یوں بتائے ہیں۔

بحر مثنوی مولوی روم و معراج الخیال، بحر مثنوی شاہ نامۂ فردوسی و سکندر نامۂ نظامی گنجوی، بحر مثنوی خسرو شیرین زلالی و نظامی و یوسف زلیخاے جامی، بحر مثنوی حدیقۂ سنائی و ہفت پیکر نظامی و سلسلۃ الذہب جامی، بحر مثنوی لیلیٰ مجنوں نظامی و جامی و نل دمن فیضی، بحر مثنوی مخزن الاسرار نظامی، و نقش بدیع غزالی و خسر نامہ محمد قلی سلیم، بحر مثنوی سبحۃ الابرار جامی و بدن نماے میر سید علی مہری، بحر ہاے مختلف سواے ہفت بحر مشہور۔

اس سے بھی فارسی کے ادب منظوم میں فائز کی وسعتِ نظر کا کسی قدر اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

فائز کو اپنی فارسی دانی پر ناز تھا اور فارسی نظم و نثر میں وہ اپنے ہم عصروں میں سے کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ اُن کا ایک خط جو "یکے از مردم خطہ" یعنی کسی کشمیری کے نام ہے جس نے اُن کے شعر کو اصلاح طلب کہہ دیا تھا، اُن کی اس خود پسندی کی غمازی کر رہا ہے۔ اس خط کا ضروری حصہ یہاں نقل کیا جاتا ہے:-

"مسموع گردید کہ آں شیخ سرخیل لوندان مقام کوہ ماران و تخت سلیمان بہ زبان نا فصاحت جریان گفتہ کہ شعر فلانے اصلاح طلب است۔ دست بالاے دست بسیار است اگر این حرف را قدسی یا کلیم می گفت بجا بود تو شعر را کی می فہمی

وفارسی را چہ می دانی ۔ بہ جانِ سخن و بہ نزاکتِ معنی سوگند
وانہ لقسم لو تعلمون عظیم کہ دریں عصر کسے را نمی رسد
تا چنیں کلمہ در برابر نظم و نثر من گوید۔ تو خود در چہ شماری و
کہ داخل قطاری۔ ایں قدر باید دانست کہ بر نکتہ فہماں
گرفت و گیر بے جا نتواں کرد۔ پا بہ اندازۂ گلیم دراز باید نمود۔
پارۂ اشعار حافظ و صائب یاد گرفتن و بہمیں قدر خود را
نکتہ سنج و شعر فہم قرار دادن دور از شیوۂ عقل است و دلیل
بے شعوری بل خری و بے جوہری ۔ کلام من نہ از تصانیف
حبہ خاتون و یوسف شاہ است کہ تو فہم آں توانی نمود۔ و نہ
از اشعار حافظ سلمان و فقیر و اٹل است کہ تو غور مضامین
آں توانی فرمود ۔ ایں زبانِ فارسی است از پارسی زبانان
باید شنید "

اِس عبارت کا آخری جملہ بتاتا ہے کہ فائز اپنے کو فارسی میں
اہلِ زبان سمجھتے تھے ۔ وہ اصلاً تو ایرانی تھے ہی ۔ ممکن ہے کہ اُن کے
گھر میں اب تک فارسی بولی جاتی ہو ۔ فائز کی خود پسندی کے ثبوت
میں اُن کی ایک عبارت اور نقل کی جاتی ہے ۔ وہ رقعات الصدور
کے مقدمے کے خاتمے پر لکھتے ہیں : ۔

" گلستا نیست بے خزاں و بوستا نیست گل افشاں"
بہارش دائم و رنگ و بوے ریاحینش قائم ؎
عبارتش چو آبِ زندگانی درو پیدا جواہرا ز معانی
" دانند آنہا کہ ہمہ دان اند کہ ازیں قبیل نشآت

دیگر نیست ۔ ایں مجموعۂ خوبیست بصورت عجوبیست ۔
تاہم نکاتش نہ کار ہمگناں بل تحفہ ایست لائق بزم خردسنداں"

فائز عربی زبان اور ادب پر بھی کافی عبور رکھتے تھے ۔ وہ اپنے رسالوں میں حمد و نعت وغیرہ عربی میں لکھتے ہیں اور اپنی فارسی تحریروں میں عربی کے اشعار و اقوال وغیرہ بے تکلف لاتے ہیں اور بعض اوقات لمبی لمبی عبارتیں عربی میں لکھتے چلے جاتے ہیں۔ رقعات الصنائع کے مقدمے میں ایسی عبارتیں کئی جگہ موجود ہیں ۔ اسی کتاب میں فائز کے کئی خط شامل ہیں جو عربی زبان میں لکھے گئے ہیں ۔ وہ عربی میں نظم کرنے کی قدرت بھی رکھتے تھے ۔ ان کے کلیات میں ملمعات کے عنوان سے اٹھائیس شعر ایسے موجود ہیں جن کا پہلا مصرع فارسی اور دوسرا عربی ہے ۔ ان کے اردو دیوان میں ایک غزل ہے جس کے ہر شعر کا دوسرا مصرع عربی ہے ۔ اُن کی اردو مثنویوں میں بھی سات شعر اسی طرح کے ملتے ہیں اور ایک شعر پورا عربی میں ہے ۔

عربی زبان کے علاوہ عربی علوم میں بھی فائز کو اچھا خاصا دخل تھا ۔ وہ قرآن کی آیتیں پیش کرتے ہیں اور اُن کے معنی و مطالب بیان کرنے میں اجتہادی شان دکھاتے ہیں ۔ رسول کی حدیثیں راویوں کے حوالوں کے ساتھ نقل کرتے ہیں اور اسلامی عقائد، فقہ اور تاریخ کے نزاعی مسئلوں پر عالمانہ بحثیں کرتے ہیں ۔ انھوں نے امیر الامرا کے یہاں اہل علم کے مجمع میں مختلف مسائل پر جو مناظرے کیے اور اپنے حریفوں کو جن مدلل بحثوں سے لاجواب کر دیا اُن پر نظر کرنے سے فائز کا یہ دعوا صحیح معلوم ہوتا ہے ۔

صدرِ اصحاب معنیم بہ جہاں | برتری حق خاندانِ من است
سرِ دشمن جدا کنم ز سخن | تیغ ہندی ہمیں زبانِ من است

مناظروں کے سلسلے میں فائز جن مصنفوں کے قول پیش کرتے ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ فریقین کی مستند کتابیں ان کی نظر سے گزر چکی تھیں رسالۂ مناظرات کے علاوہ اُن کے دوسرے رسالوں میں بھی علوم عربی کی بڑی بڑی کتابوں اور ان کے مصنفوں کے حوالے جگہ جگہ ملتے ہیں۔

ریاضیات کے مختلف شعبوں میں خاص کر علم ہیئت میں فائز کو اچھی دستگاہ حاصل تھی۔ ایک دن وہ امیر الامرا کے یہاں گئے۔ وہاں اصحابِ کہف کے متعلق یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ ان کے غار کا منھ فلاں جانب تھا اور اس میں دھوپ اس طرح پہنچتی تھی۔ فائز اس گفتگو میں شریک ہوے اور حرکتِ افلاک پر عالمانہ بحث کی۔ رقعات الصدر میں کئی خط ایسے شامل ہیں جن میں فائز نے ریاضی اور ہیئت کے مختلف مسائل بیان کیے ہیں۔ ایک خط میں خصوص کواکب کی شرح کی ہے۔ ایک میں شہاب اور ذوذنابہ کی حقیقت سمجھائی ہے۔ ایک میں روز اور نوروز کے معنی بتائے ہیں۔ ایک میں کسوف اور خسوف کے اسباب سے بحث کی ہے ایک میں کواکب کے رنگوں اور ان کے مزاجوں کا حال بیان کیا ہے۔ ایک خط میں اس سے بحث کی ہے کہ ایک داخل عدد ہے یا نہیں اور ایک خط میں یہ بتایا ہے کہ اقلیم سات کیوں قرار دیے گئے اور ربعِ مسکون سے کیا مراد ہے۔ ان خطوں میں ریاضی اور ہیئت کی مستند عربی کتابوں کے اقتباسات نقل کیے گئے ہیں۔ فائز کے یہ سب خط اُن خطوں کے جواب میں ہیں جن میں یہ مسائل اُن سے دریافت کیے

ؔ رسالہ مناظرات۔

گئے تھے۔ ان خطوں کے مکتوب الیہ تو معلوم نہیں ہیں مگر اُن کے القاب بتاتے ہیں کہ وہ ذی علم اور بلند مرتبہ اشخاص تھے۔ اور اسی سے یہ بات نکلتی ہے کہ اہل علم کے حلقے میں فائز ریاضی اور ہیئت کے ماہر سمجھے جاتے تھے۔ اُنھوں نے علم نجوم میں ایک رسالہ نجم القدر اور علم حساب میں ایک رسالہ تحریر القدر لکھا ہے۔ اِن رسالوں کے دیباچوں میں لکھتے ہیں:۔

"فقیر را از صغر سن میل بہ علوم عربیہ بسیار بود۔ چنانچہ بقدر وسع در تحصیل آں خود را معاف نمی داشت" (نجم القدر)

"فقیر را شوق بسیار بہ علم عدد بودہ و کسب ایں فن شریف در عنفوانِ شباب نمودہ" (تحریر القدر)

عروض، قافیہ، معنی، بیان اور بدیع میں فائز کو جو مہارت تھی وہ ان کے کلیات کے خطبے سے ظاہر ہے جس میں اُنھوں نے اِن فنون کے اہم مسائل سے بحث کی ہے۔ وہ عربی صرف و نحو سے بھی خوب واقف تھے۔ اپنے زمانے کے نحویوں کی ناقابلیت کا ذکر وہ جس طنزیہ انداز میں کرتے ہیں وہ ذیل کے اقتباس سے ظاہر ہوگا:۔

"در پیشِ نحات ایں عصر کہ در مرتبہ کم از بز اخفش نیستند قواعد نحوی چنیں مثبت است کہ گویند غرض از نحو صیانت از خطاے لفظی است در کلام عرب، و مردم ہند محتاج بہ ایں علم نیستند زیرا کہ در زبانِ ہندی غلط نمی کنند و با زبانِ عربی کار ندارند۔"

اسی طرح اپنے زمانے کے صرفیوں پر بھی طنز کی ہے اور اس سلسلے میں علم صرف کی اصطلاحوں کے تلازمے میں سلطنتِ وقت کی بدنظمیوں

کی طرف اشارے کیے ہیں۔ ایک اقتباس ملاحظہ ہو:۔

"در پیشِ صرفیانِ ایں عصر کہ ہیچ یک کم از سیبویہ و زنجانی نیست ضوابط صرف...... بدیں گونہ مبرہن و مبین است کہ گویند صحیح منصبے بود کہ جعلی باشد و غیر سالم طرق و شوارع است کہ از دست متمرّدان ایں عصر مخوف است و اجوف دہات و قریہ ہاست کہ بہ سبب تحدّی حکام اہلِ آں فرار شدہ اند و خالیست و ناقص عہود و مواثیق است و لفیف اخبار دروغ است کہ ملفف بہ کذب است و ملتوی کار ملک است کہ اصلاح نمی یابد۔"

فائز کو طب، منطق، فلسفہ اور کلام میں کافی دخل تھا اور انھوں نے علم طب میں دو رسالے فوائد الصحت اور رسالۂ مالیخولیا کے نام سے لکھے ہیں۔ دوسرے رسالے کے دیباچے میں کہتے ہیں "در وقتِ تحصیل علوم رسالہ ہائے طب را مطالعہ نمودہ۔" وہ علمِ رمل اور علمِ قیافہ سے بھی واقف تھے۔ موخرالذکر موضوع پر اُن کا ایک رسالہ بھی ہے جس کا نام ہدایت القندر ہے۔ اُس کے دیباچے میں لکھا ہے "در عنفوانِ شباب رسالۂ چند در علمِ قیافہ بہ مطالعہ در آمد۔" تاریخ سے فائز کو جو دلچسپی تھی اُس پر اُن کی کتاب ارشاد الوزرا شاہد ہے۔

فائز نے جو علوم حاصل کیے تھے ان کے مسائل اور اصطلاحات اُنھیں اس قدر مستحضر تھے کہ ان کی رعایت اور تلازمے کے ساتھ لمبی لمبی عبارتیں لکھتے چلے جاتے تھے۔ رقعات القندر کے مقدمے میں انھوں نے زمانے کی برائیاں، علم کی کساد بازاری اور اہلِ علم کی نایابی وغیرہ کا بہت طولانی بیان رنگین عبارت میں اس طرح کے تلازموں کے ساتھ کیا ہے اور حاشیے پر یہ سرخیاں دی ہیں:۔ الکلام فی الحکم، الکلام فی الریاضی،

الکلام فی الہندسہ ، الکلام فی الحساب ، الکلام فی الطب ، الکلام فی النجوم ۔
الکلام فی المنطق ، الکلام فی النحو ۔ الکلام فی الصرف ۔ یہ طولانی عبارت
بڑی تقطیع کے بیس صفحوں پر پھیلی ہوئی ہے اور اپنے لکھنے والے کی
غیر معمولی علمی استعداد کی شہادت دے رہی ہے ۔ فائز نے اپنے بعض
خطبوں میں بھی مختلف علوم کا تلازمہ ملحوظ رکھا ہے ۔ ان کے جو خطبے موجود
ہیں ان میں سے ایک صرف و نحو کی ، ایک منطق کی اور ایک ریاضی کی
اصطلاحوں میں لکھا گیا ہے ۔ انھوں نے رقعات الصدر کے مقدمے
میں ایک مقام پر علم اور اہلِ علم کی ناقدری کا ذکر اس طرح کیا ہے کہ مختلف علموں کے
بڑے بڑے عالموں کے نام گنائے ہیں ۔ اس مقام کی عبارت ذیل میں
نقل کی جاتی ہے :۔

"دیگرم کہ کسے در نسب علوی بود و در حسب فاطمی ، و در
قواعد فقہ علامہ حلیؒ ، و در فنون عربیہ زمخشری ، و در نحو سیرافی و در اخبار
ملیح اصمعی ، و در حکمت در مرتبۂ لقمان ، و در زہد سلمان ، و در
فصاحت سحبان ، و ابن بابویہ در علم ادیان ، و شیخ الرئیس در علم ابدان ،
و عاصم در قرأتِ قرآن ، و در طب جالینوس ، و در نجوم بطلیموس ،
و در ریاضی مالاناوس ، و در ہیئت ثاودوسیوس ، و در لغت
مثل صاحب قاموس ، و در صرف مثل زنجانی ، و در معانی و
بیان تفتازانی ، و مانند ابن مقلہ در معرفت اقلام ، و ابن سیرین
در تعبیر رویا و احلام ، و ابن عربی در قواعد صوفیہ ، و محقق شریف
در قوانین منطقیہ ، و مثل سکاکی در تسخیرات ، و مثل میر داماد
در فلکیات ، و مثل شیخ بہائی در وفق اعداد ، و مثل محقق طوسی

در علم مبدا و معاد دمثل افلاطون در علوم حکمیہ ومثل امام
رازی درفنون کلامیہ (قیمتش ؟) بیش تر از بہرہ نخواہد شد لہ
اس عبارت سے بھی فائز کی عام اور وسیع معلومات کا سراغ ملتا ہے۔
فائز کو کتابوں کے مطالعے جو شوق تھا اس کا ذکر انھیں کی زبان سے
اوپر دو تین جگہ کیا جا چکا ہے۔ اس کے علاوہ وہ اپنے ایک خط میں کسی دوست کو لکھتے
ہیں کہ "ہر شخص کو کوئی چیز پسند ہوتی ہے۔ مجھ کو کتابوں اور طالب علموں
کی صحبت پسند ہے" فائز کے اس قول کی تصدیق ان کے عمل سے ہوتی ہے
ان "طالب علموں" کی صحبت اس درجہ پسند تھی کہ امیرالامرا کے یہاں جن
طالب علموں کا مجمع رہتا تھا وہ اکثر ایسی گفتگو چھیڑ دیتے تھے جس سے اُن کے
مذہبی جذبات کو ٹھیس لگتی تھی۔ مگر اس کے باوجود وہ وقتاً فوقتاً وہاں جاتے ضرور تھے۔
اُن کے شوق مطالعہ کے سلسلہ میں اُن کی اور امیرالامرا کی گفتگو نقل
کی جاتی ہے جو امید ہے کہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگی۔ ایک مرتبہ امیرالامرا
کے یہاں رویت باری تعالیٰ کے مسئلے پر بحث ہو رہی تھی۔ فائز بھی اس بحث
میں شریک تھے۔ اُن کی فلسفیانہ گفتگو سن کر امیرالامرا نے ان سے کہا
"کیا آپ حکمت کی کتابوں کا بہت مطالعہ کرتے ہیں" فائز نے جواب
دیا" اُن کے مطالعے کا شوق تو تھا لیکن اب طبیبوں نے مراق کی بیماری کے
باعث مجھے حکمت کی کتابیں پڑھنے سے منع کر دیا ہے۔ اس لئے اِدھر کچھ دنوں
سے ان کا مطالعہ ترک کر دیا ہے۔۔ بلکہ پہلے جو کچھ پڑھا تھا اُس سے بھی
پشیمان ہوں اس لیے کہ اگلے زمانے میں علم سے آدمی کی عزت ہوتی
تھی اور اب اس کا الٹا ہوتا ہے[1]۔ (ترجمہ) معلوم ہوتا ہے کہ اس جواب

---

[1] رسالہ مناظرات۔ مجلسِ ثالث۔

میں در پردہ امیرالامرا پر تعریض کی گئی ہے۔ اس لیے کہ فائز کی نظر میں اُن کی علمی حیثیت کچھ نہ تھی ایک جگہ لکھتے ہیں:۔

"امیرالامرا خود علمے نداشت وخود را از متصوفہ واہل تحقیق میدانست . . . . . . حالانکہ از علم تصوف ہم خبرے نہ داشت۔[۹]"

فائز نے اس طرح کی تعریض ایک دوسرے موقع پر بھی کی ہے۔ ایک مرتبہ امیرالامرا کے یہاں یہ ذکر نکلا کہ "خدا ہر شخص کو اس کی عقل کے موافق دولت دیتا ہے۔" فائز نے اس بات سے اختلاف کیا اور اثنائے بحث میں مثلاً کہا کہ "اگر ایسا ہوتا تو خان زمان میواتی جو بیل اور گدھے میں فرق نہ کر سکتا تھا ہفت ہزاری اور میر آتش نہ ہوتا۔ خدا کی دین کے لیے قابلیت شرط نہیں ہے بلکہ قابلیت کے لیے خدا کی دین شرط ہے۔" (ترجمہ) یہ لکھ کر فائز کہتے ہیں کہ "امیرالامرا میری بات سمجھ تو گئے مگر مسکرا کر ٹال گئے۔[۱۰]" (ترجمہ)

## فائز کا مذہب

علوم دین سے فائز کو خاص شغف تھا۔ ان کی کئی تصنیفوں کا موضوع بھی مذہب ہی ہے۔ ان میں سے ایک کتاب میں پیغمبر عرب کے حالات لکھے گئے ہیں۔ تین رسالوں میں عقائد اور اصولِ مذہب سے بحث کی گئی ہے۔ ایک رسالے میں امام عصر کے متعلق حدیثیں جمع کی گئی ہیں، ایک کتاب میں واقعاتِ کربلا بیان کیے گئے ہیں، ایک رسالے میں رویتِ باری کے مسئلے سے بحث کی گئی ہے اور ایک رسالے میں مذہبی مناظروں کی رُوداد بیان کی گئی ہے۔ فائز کی یہ تصنیفیں بتاتی ہیں کہ وہ مذہباً اثنا عشری شیعہ تھے اور مذہبیات میں اُن کا مطالعہ بہت وسیع تھا۔ اُن کو حضرت علیؓ سے بڑی عقیدت تھی، جس کا کچھ اندازہ ذیل کے شعروں سے کیا جا سکتا ہے:۔

---

[۹] رسالہ مناظرات، مجلس ثالث [۱۰] رسالہ مناظرات مجلس ثانی

بغیرِ نامِ علی نیست نقشِ سینۂ ما    پُرام ز منقبتش چوں سفینۂ اشعار

---

تا چند یاد روے پری پیکراں کنم    جز مدح بوتراب نباشد شعارِ من

---

جملہ صفاتِ نبی بجز نبوت، دراو    بود علی ولی بندۂ خاصِ خدا

---

شاہم از بندگیٔ شیرِ خدا    مہر و مہ چتر و سائبانِ من است

---

چوں غلامِ علی شدم فائز    ہرچہ بینی ہمہ از آنِ من است

---

لطفِ حیدر بہ فائزِ مسکین    بہتر از عمرِ جاوداں باشد

---

من سراپا جرم و عصیانم و لے از فضلِ حق
حامیٔ فائز بہ محشر لطف و مہرِ حیدر است

---

طریقِ عارفاں گر کردہ طے    فدائی علیِ مرتضےٰ شو
ہواے نفسِ امّارہ زبوں است    چو فائز پیروِ راہِ ہدیٰ شو

---

اپنی مثنوی نورِ خیال میں حمدِ خدا اور نعتِ رسول کے بعد لکھتے ہیں :-

ہیچ او باید مرا او را جانشین    جانشینِ آسماں نبود زمین
غیرِ حیدر کی سزاوار است کس    تا تواند گشت با او ہم نفس

زانکہ از یک نورشان خلقت شدہ | آں یکے جان و دگر صورت شدہ
مصطفیٰ و مرتضےٰ را یک شمار | نیستی احول دو بینی واگذار
اہل بینش ہر یکے در راہِ دین | رہنما گردیدہ چوں شمعِ مبین
جزو ایمان است حبِ آلِ او | ہر کرا نبود بدا احوالِ او

فائز کے اُردو دیوان میں بھی حضرت علی کی مدح میں ایک نظم ہے جس کا عنوان ہے "در مدح شاہ ولایت علیہ الصلوٰۃ والسلام"

**فائز کی عمر** فائز کی ولادت اور وفات کی تاریخیں معلوم نہیں اس لیے اُن کی عمر کا صحیح اندازہ نہیں کیا جا سکتا، اُن کے کلام سے بھی ان کے سن کا حال نہیں کھلتا۔ ایک مثنوی میں انھوں نے جوانی کا گزر جانا، طبیعت کا افسردہ ہو جانا، دنیوی لذّتوں سے کنارہ کشی کر لینا اور موت کا ناگزیر ہونا بیان کیا ہے۔ اس مثنوی کے چند شعر یہ ہیں:۔

آہ کہ ایامِ جوانی گزشت | موسمِ اقلیمِ ستانی گزشت
گشت دل افسردہ و خاطر ملول | جائے تواں کرد بہ کنجِ خمول
خندۂ تفریح فراموش شد | آتشِ عشقم ہمہ خاموش شد
دل نکشد گاہ بسوئے نگار | از ہمۂ خلق گرفتہ کنار
زمزمۂ مطربم آرد ملال | نیست خوش آیندہ عنیں قیل و قال
رقصِ و طرب گاہ نیاید بیاد | خواہشِ وحدت بہ دلم شد زیاد
نے بہ طرف دل نکشد بہرِ سیر | نے سوئے مسجد روم و نے بہ دیر
ذوقِ کتاب است ز خاطر بروں | در سرِ من ہست خیالِ جنوں
شمع دلِ غمزدہ پژمردہ شد | خاطرِ پُر عیشِ من افسردہ شد

ان شعروں سے معلوم ہوتا ہے کہ فائز بڑھاپے کی سرحد میں ضرور داخل

ہو گئے تھے ۔ کلیاتِ فائز کے خطبے کی ایک عبارت اوپر کہیں نقل کی جا چکی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ فائز کا کلام زیادہ تر جوانی کے زمانے کا ہے اور اُس کی تصنیف کے پندرہ برس بعد مصنف نے اس پر نظرِ ثانی کی ہے ۔ اب ہم کلّیات کی ترتیب کے وقت فائز کی عمر اگر تیس پینتیس برس کی فرض کریں تو اس پر نظرِ ثانی کرتے وقت اُن کا سن پینتالیس پچاس برس کا قرار پائے گا اِس سے بھی یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ فائز نے بڑھاپے کی ابتدائی منزلوں کی سیر ضرور کی تھی، مگر یہ معلوم نہیں کہ وہ کس عمر تک زندہ رہے ۔

## فائز کی اولاد

فائز کی اولاد کا کوئی تفصیلی حال تو معلوم نہیں ۔ مگر رقعاتِ شیخ علی حزین میں اُس کے مولف نے چار خط اس سُرخی کے تحت میں درج کیے ہیں "رقعات کہ بہ میرزا احسن علی خاں المخاطب بہ اشرف الدّولہ بہادر خلف نواب صدرالدین محمد خان نگاشتہ اند ۔" اس عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ فائز کے ایک بیٹے میرزا احسن علی خاں تھے جن کا خطاب اشرف الدولہ بہادر تھا۔ فائز کے فارسی دیوان میں دو قطعے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آخر عمر میں اُن کے یہاں ایک لڑکا پیدا ہوا مگر پیدا ہوتے ہی مر گیا ۔"

ایک قطعہ میں گیارہ اور دوسرے میں سترہ شعر ہیں ۔ ان دونوں قطعوں کے تھوڑے تھوڑے شعر یہاں نقل کیے جاتے ہیں :-

بعد عمر از تولّد پسرے — جوشِ شادی رسید تا افلاک
در نفس ہا چوں حباب آمد و رفت — بہ دمے شد چو طفلِ اشک ہلاک
این مسافر شبے قیام نہ کرد — آمد و شد رواں بہ عالمِ خاک
دایۂ مرگ برد در بغلش — ہمچو گنجینش گزاشت در تہ خاک

ایزدم داد بعد عمر پسر | شد چو موجود آں بدل پیوند
طرب افزود در دلم ناگاہ | شدم از مقدمش بسے خورسند
جمع گشتند در نفس مردم | شد تحیت زچار سوے بلند
روے امید چوں بدنیا کرد | نظرے جانب زمانہ فگند
چشم وا کرد و دید طور فلک | دیدہ را کرد و بار دیگر بند

فائز کے ضخیم کلیات اور ان کے متعدد رسائل کا حرف حرف کئی کئی دفعہ بڑے غور سے پڑھنے اور تذکروں اور تاریخوں کی ورق گردانی کرنے سے کچھ منتشر کڑیاں ملیں۔ اُن کو مناسب ترتیب سے جوڑ کر ایک فی الجملہ مسلسل بیان پیش کر دیا گیا۔ اُردو کے اس قدیم شاعر کے متعلق سر دست ہماری معلومات کا کل سرمایہ اتنا ہی ہے۔

---

# فائز کی شاعری

## فائز کی شاعری کے محرکات

فائز نے فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں شعر کہے ہیں۔ ان کے فارسی کلام کی مقدار اُردو سے کہیں زیادہ ہے اور دونوں زبانوں میں مثنویوں کی مقدار غزلوں سے زیادہ ہے۔ شعر کی اور صنفیں بھی ان کے کلیات میں موجود ہیں مگر وہ مقدار میں بہت کم ہیں۔ ان سب صنفوں کے نام اور ان کے شعروں کی تعداد اوپر لکھی جا چکی ہے۔ ان کی مثنویاں بالعموم چھوٹی چھوٹی اور تعداد میں بہت ہیں۔ اس لیے ان کے موضوعوں

کا شمار طوالت کا باعث ہوگا۔ مختصراً اتنا کہا جا سکتا ہے کہ وہ زیادہ تر خارجی چیزوں سے متعلق اور بیانیہ شاعری میں شمار ہونے کے قابل ہیں۔ مقدار کے لحاظ سے مثنویوں کے بعد غزلوں کا نمبر ہے۔ فائزؔ نے اپنی غزل گوئی کے محرکات خود بتائے ہیں۔ وہ انھیں کی زبان سے سنیئے۔

(۱) "در عنفوانِ شباب حدّتے در مزاج ذشوشیے در طبیعت بہ مرتبۂ تمام بود۔ معہذا اگر فتاری دل و تعلق بہ خوبان طاقتِ گسل علاوہ آں گردیدہ۔ اکثر در وصفِ حسنِ خوباں شعرے و غزلے طرح می شد۔ رفتہ رفتہ مجموعۂ گردید۔" (خطبۂ کلیات)

(۲) "چوں اکثر مطالعۂ کتب استاداں می نمود زمینے کہ خوش می آمد۔ دراں فکرِ نظم می نمود۔ بعد مدّتے بہ ترغیب یکے از رفقا بہ ترتیب آں متفرقات متوجہ شدہ دیوان مرتب ساخت۔" (خطبۂ کلیات)

ان اقتباسوں میں سے پہلا اُن تمام نظموں سے تعلق رکھتا ہے جن کا موضوع حسن عشق ہے، خواہ وہ غزلیں ہوں، خواہ مثنویاں ہوں، خواہ کسی دوسری صنف کی نظمیں ہوں۔ دوسرا اقتباس غزل سے خاص طور پر متعلق ہے۔ مگر دوسری اصنافِ سخن پر بھی صادق آتا ہے۔ ان اقتباسوں سے ضمناً یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ فائزؔ نہ مشاعروں کی طرحوں میں غزلیں کہتے تھے نہ مشاعروں میں اپنا کلام سناتے تھے، اسی کے ساتھ وہ اتنے بڑے شاعر بھی نہ تھے کہ خود گھر میں بیٹھے رہتے اور کلام ان کا شہرت کے پروں سے اُڑتا پھرتا۔ غالباً یہی وجہ ہیں کہ وہ شاعر کی حیثیت سے غیر معروف رہے اور شعرا کے تذکرے اُن کے ذکر سے خالی رہے۔

## فائزؔ اور قصیدہ گوئی

فائزؔ نے قصیدہ گوئی کی طرف زیادہ توجہ نہیں کی۔ اُن کی خودداری معمولی انسانوں کی مدّاحی کو، خواہ وہ کسی درجے کے ہوں جائز نہ رکھتی تھی اور صلے کی امید پر شعر کہنے کو وہ ایک طرح کی گدائی سمجھتے تھے۔ اُن کے فارسی دیوان میں اٹھارہ چھوٹے چھوٹے قصیدے ہیں۔ اُن میں سے ایک

خدا کی حمد میں، تین رسول کی نعت میں، اور چودہ حضرت علی کی منقبت میں ہیں زیادہ تر قصیدوں میں صرف آخر کے پانچ سات بلکہ دو چار شعر مدح، مناجات یا دعا کے ہیں۔ باقی کل شعر تشبیب کے ہیں۔ فائزؔ نے اپنے کلیات کے خطبے میں ایک جگہ قصیدہ گوئی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار یوں کیا ہے

"میں نے لوگوں کی مدح نہیں کی کہ اس سے گدائی کی بو آتی ہے۔ قدما اس معاملے میں مجبور تھے۔ اس لیے کہ بادشاہوں کی فرمائش سے شعر کہتے تھے یا اُن کی مدح میں تاکہ تقرب کا ذریعہ ہاتھ آئے۔ میں ان دونوں باتوں سے بری ہوں، کہ اپنی نشانی چھوڑ جانے کے سوا کوئی غرض اور مطلب نہیں ہے۔ بادشاہ حقیقی کے سوا کوئی مدح کے قابل نہیں ہے۔ یا ائمہ ہدا کی مدح کرنا چاہیے کہ موجبِ ثواب اور کارِ خیر ہے۔ دنیوی اغراض کے لیے اپنے مثل کو سراہنا عقل کے نزدیک مستحسن نہیں ہے۔ ہاں حسینوں کی تعریف کرنا اور ان کے خط و خال کے وصف میں مبالغہ کرنا تیزیِ طبع کا باعث اور اہلِ دل کے نزدیک جائز ہے۔" (ترجمہ)

اسی خطبے میں ایک دوسرے مقام پر فائزؔ نے قصیدہ گویوں کو حسبِ ذیل ہدایتیں کی ہیں:۔

"فقیر کے اعتقاد میں لوگوں کی مدح کرنا درحقیقت مذموم ہے۔ تاہم اگر شاعر مدح گوئی شروع کرے تو ان چند باتوں کا لحاظ رکھے۔ اول یہ کہ ممدوح کے قابلِ مدح کرے۔

مثلاً بادشاہوں کو خواجہ ۔ مہتر یا کسی ایسے لفظ سے یاد نہ
کرے جو ان کے مرتبے سے پست ہو اور امیر کو ملک یا
سلطان نہ کہے ۔ علما کی مدح علم و فضل و ورع کے ساتھ
کرے نہ کہ شہامت اور شجاعت کے ساتھ ۔ بہ خلاف
اہلِ شمشیر کے کہ اُن کی تعریف تسلط ، غلبہ اور شہامت
کے ساتھ کرنا بہتر ہی ۔ مردوں کی مدح میں حسن و جمال کا
ذکر نہ کرے ، مگر کمالاتِ نفسانی کے ضمن میں مثلاً کہے کہ
حسنِ صورت اور نیکی سیرت دونوں رکھتا ہی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
قدیم شاعر خلفا اور ملوک کی مدح میں سخاوت اور شجاعت
کا ذکر کچھ بہت پسند نہیں کرتے تھے ۔ اگرچہ اِس کا رواج
ہی کیوں کہ بادشاہوں کے لیے سخاوت ناگزیر ہی ، ایک
عالم اُن سے بہرہ ور ہوتا ہی ۔ اور شجاعت اُن کے لشکر
کے لیے لازم ہی ۔ پس اُن کی سب سے بہتر خوبیاں ہیں یا
انصاف اور ورع اور کمالاتِ نفسانی اور اُن کے خوف
اور سیاست کے باعث فتنوں کا دفعیہ اور ملکوں کی آبادی
کوئی ایسی چیز جس کا ممدوح پر الزام یا اتہام ہو کبھی نہ لائی
جائے ۔ نہ صراحتہً نہ کنایتہً ۔ عورتوں کی مدح میں حسن سخاوت
اور خلق کی تعریف نہ کی جائے بلکہ عفت اور عصمت کی تعریف
اولا ہی ۔ قصیدے کی ابتدا مبارک اور مسعود لفظوں سے
آراستہ ہونا چاہیے اور منحوس اور نفی کے لفظوں (مثلاً
نیست ، نباشد ، نبود) سے دور ، کیوں کہ یہ بدشگونی ہی ۔

جو مدح سب سے زیادہ زبردست ہو اُس کو آخر میں لانا چاہیے
اُوکوشش کرنا چاہیے کہ قصیدے کا آخری حصہ نہایت مطبوع
اور شاعر کی غرض پر مشتمل ہو اور اس کے لفظ فصیح اور معنی
بدیع ہوں۔ کیوں کہ وہ سننے والے کی سماعت سے
قریب العہد ہوتا ہے۔ وہ اُس سے مدت تک لطف اٹھاتا
ہے اور اُس کو بھولتا نہیں۔ اُن لفظوں سے بچنا چاہیے
جو مدح اور ذم میں مشترک ہیں جیسے لفظ سوُر کہ خوشی
اور غم دونوں کے لیے آیا ہے "۔ (ترجمہ)

جیسا کہ اوپر لکھا جاچکا ہے فائز نے صرف مذہبی پیشواؤں کی مدح میں چند چھوٹے چھوٹے قصیدے کہے ہیں۔ دنیا داروں کی مدح میں کوئی قصیدہ نہیں کہا ہے۔ اس لیے یہ سوال پیدا نہیں ہوتا کہ دوسرے قصیدہ گویوں کو اُنھوں نے جو ہدایتیں کی ہیں اُن پر وہ خود کس حد تک عمل کرسکے۔ مگر ان ہدایتوں سے اتنا فائدہ ضرور حاصل ہوتا ہے کہ قصیدے کے متعلق فائز کا معیارِ تنقید معلوم ہوجاتا ہے۔

## فائز کی صداقت پسندی

فائز سچے آدمی تھے اور سچائی کے دل دادہ۔ وہ شاعری میں بھی جھوٹ کو جائز نہ رکھتے تھے۔ گویا وہ عرب کے اُس شاعر کے ہم نوا تھے جس کا یہ قول مشہور ہے کہ سب سے اچھا شعر وہ ہے جس کو سن کر لوگ کہیں کہ سچ کہا۔ وہ اپنے کلیات کے خطبے میں کہتے ہیں :-

"مجھ کو باکمال شاعروں پر تعجب ہوتا ہے کہ جھوٹی کہانیاں
اور غلط باتیں کیوں نظم کرتے ہیں "۔ (ترجمہ)

ذرا آگے بڑھ کر پھر کہتے ہیں :-

"عقل مند آدمی کو کیا ضرورت ہے کہ جھوٹی باتیں نظم کرنے میں اوقات صرف کرکے اپنے کلام کو عاقلوں کی نظر میں بے قدر کرے اور جاہلوں کو گم راہی میں مبتلا کرے، کیوں کہ وہ اِن باتوں کو سچ سمجھ لیتے ہیں۔ اگر خدا کسی کو موزوں طبیعت عطا کرے تو وہ سچی باتیں اور سچی حکایتیں کیوں نہ نظم کرے کہ جھوٹی باتوں میں مشغول ہوکر اپنے کلام کو بے رتبہ بنا دے۔" (ترجمہ)

اس سلسلے میں فردوسی، نظامی، اور جامی کے کذب، بہتان اور مبالغے کی مثالیں دینے کے بعد فائز کہتے ہیں کہ شاہ نامہ، سکندر نامہ، لیلیٰ مجنوں، خسرو شیریں، نل دمن، وغیرہ میں اگر ایک سچ ہے تو دس جھوٹ ہیں۔ اپنے اصول کے مطابق فائز اپنی شاعری میں جھوٹ سے بچتے ہیں۔ حد سے گزرے ہوئے مبالغے سے کام نہیں لیتے۔ لفظوں کی مناسبت پر کلام کی بنیاد نہیں رکھتے اور خیالی مضامین کے طلسمی گل دستے نہیں بناتے وہ جو کچھ آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ کانوں سے سنتے ہیں، اور دل سے محسوس کرتے ہیں اُسی کو اپنی شاعری کا موضوع قرار دیتے ہیں۔

## فائز کے کلام میں بے ساختگی

فائز کے کلام میں غور و فکر کے آثار نہیں پائے جاتے ہیں۔ نہ وہ مضمون کی تلاش میں کوئی خاص کوشش کرتے ہیں، نہ لفظوں کے انتخاب میں غیر معمولی کاوش۔ سیدھی سیدھی باتیں سادے سادے لفظوں میں کہتے چلے جاتے ہیں۔ اُن کی راستی پسند طبیعت نے اپنے کلام

کی اس خصوصیت کا خود اعتراف کرلیا ہی اور کلیات کے خطبے میں انھوں نے صاف صاف کہہ دیا ہی کہ میں نے دوسرے شاعروں کی طرح مضمون کے لیے کوشش اور فکر کبھی نہیں کی۔ شوق کے غلبے میں جو کچھ دل میں آیا بے توقف لکھ دیا چناں چہ ایک ایک دن میں سوا سوا سو شعر اور طبیعت حاضر ہوئی تو اس سے بھی زیادہ کہہ ڈالے۔ اُن کے اصل الفاظ یہ ہیں :-

"ایں ہیچ مداں ہرگز بہ دستور شعرائے دیگر سعی و فکر برائے مضمون نکرد۔ در غلبات شوق آنچہ بہ خاطر رسید بے توقف تحریر نمود چناں چہ اکثر در روزے صد و بیست و زیادہ ازاں کہ دماغ چاق می بود گفتہ می شد۔"

فائز نے اپنے کلام کی بے ساختگی کا ذکر ایک شعر میں بھی کیا ہی اور اس طرح کیا ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ اس کو کلام کی ایک پسندیدہ صفت سمجھتے تھے۔ وہ شعر یہ ہی :-

فائز چہ خوش آیند سخنہائے تو مارا ۔۔۔ بے ساختہ باشد غزل و شعر تو یکسر

فائز کی سادگی پسندی کا اظہار اُن کے اس شعر سے بھی ہوتا ہی :-

حسنِ بے ساختہ بھاتا ہی مجھے ۔۔۔ سرمہ انکھیاں میں لگایا نہ کرو

## فائز اور شعر کے محاسن

فائز اپنے کلیات کے خطبے میں مختلف اصنافِ سخن کا بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں :-

"تمام اقسام شعر میں چاہیے کہ نظم بدیع ہو قافیے درست ہوں، معنی لطیف ہوں، الفاظ شیریں ہوں، عبارت صاف ہو"

یعنی اس کے سمجھنے میں دقت نہ ہو، بیان میں تکلف نہ ہو۔
حروفِ زائد سے پاک ہو اور الفاظ صحیح ہوں۔ شاعر کے
لیے لازم ہو کہ نظم کے طور و ترکیب کو پہچانتا ہو۔ تشبیہ کے
قاعدوں، استعارے کی قسموں اور زبان کے محاوروں سے
واقف ہو، قدما کی تاریخ اور نظم سے باخبر ہو اور حکما کے
کلام کا تتبع کرے اور اپنی طبع سلیم سے جزیل اور رکیک
لفظوں میں امتیاز کرے اور چھوٹی تشبیہوں مجہول اشاروں،
ناپسندیدہ ایہاموں، غریب وصفوں، بعید استعاروں،
نادرست محاوروں اور نامطبوع تکلفوں سے پرہیز
کرے۔" (ترجمہ)

شاعروں کے لیے فائز نے جو ہدایتیں کی ہیں اُن سے صاف ظاہر ہوتا ہو کہ اُن کی پوری توجہ صرف صحتِ زبان اور حسنِ بیان کی طرف ہو، نفسِ شاعری کی طرف بالکل نہیں ہو اور ایک فائز پر کیا منحصر ہو اُن کے زمانے کا حال یہی تھا کہ جو کلام معنی و بیان، بلاغت، و بدیع، صرف و نحو، عروض و قافیہ کے اعتبار سے جس قدر بے عیب ہو اُسی قدر اچھا سمجھا جاتا تھا۔ شاعری کی حقیقت اور اُس کے موضوع و مقصد کے متعلق واضح تصورات لوگوں کے ذہن میں نہ تھے۔ یہ چیزیں ذوقی اور وجدانی سمجھی جاتی تھیں جن کا اظہار لفظوں میں ناممکن تھا۔ اُس زمانے کے حالات کے مطابق فائز کے پیشِ نظر بھی شعر کا کوئی بلند معیار نہیں ہو۔ نہ اُن کے سامنے شاعری کا کوئی مقصد ہو، جو ہدایتیں اُنھوں نے دوسرے شاعروں کو کی ہیں اُن پر اپنی استعداد کے موافق کاربند ہونے کی

خود بھی کوشش کی ہے۔

## فائز کے فارسی کلام کا نمونہ

فائز کے فارسی کلام کا کچھ اندازہ ذیل کے نمونوں سے کیا جا سکتا ہے۔ ان کی مثنویوں کے کئی اقتباس اوپر جا بجا نقل کیے جا چکے ہیں۔ اس لیے یہاں غزلوں کے شعر پیش کیے جاتے ہیں :۔

بہ رہ عشق تا قدم زدہ ایم ــــ پشت پا ے بہ ملک جم زدہ ایم
ہر دم از نالۂ جہاں آشوب ــــ در صف عاشقاں علم زدہ ایم
محو یاریم و آرزوئے نیست ــــ بر خط مدعا قلم زدہ ایم
سخن ماست جملہ درد آلود ــــ فائز از جوش عشق دم زدہ ایم

---

ز دل خراب عاشق چہ غم ای نگار داری ــــ تو کہ دل بکس ندادی بہ غمی چہ کار داری
نہ بہ خانہ نے بہ گلشن نہ سر رہت بیابم ــــ چو دل رمیدۂ من تو کجا قرار داری
دلم از وزیدن تو چو گل چمن شگفتہ ــــ مگر ای نسیم گلشن خبرے ز یار داری

---

با خمار ین نگہے من سرو کارے دارم ــــ خار در سینہ ز مژگان نگارے دارم
روزگاریست بحیرت سرو کارے دارم ــــ ہم چو آئینہ نظر بر رخ یارے دارم
گر تو با پیر مغاں دوش زدہ رطل گراں ــــ من ہم از بادۂ چشم تو خمارے دارم

---

گرچہ در بزم تو گفتند ز ہر جا سخنے ــــ کاش سیگفت کسے ہم ز دل ما سخنے
روے دل با دگرے داشتی و چشم بما ــــ نداں کہ با خود سخنے گفتی و با ما سخنے

---

ہر لحظہ ام بہ فکرِ تو سودائے دیگر است — من جائے دیگر و دلِ من جائے دیگر است
غنچہ حیران ز دہانت کہ تبسم نہ بست — طوطی از حرفِ تو خامش کہ تکلم نہ بست

---

دوش دیدم کہ بہ گلشن تو خرامے داری — دم بہ دم با گل و شبنم مے و جامے داری

---

در گلستاں تا در سنگے کردہ — ہر نفس گل را بہ رنگے کردہ

---

من کہ در سینہ دل از آتشِ غم سوختہ ام — در شبستانِ تو شمعِ دگر افروختہ ام

---

یار را شمعِ انجمن دیدم — صرفۂ خویش سوختن دیدم

---

شرمندہ شد ز عارضِ تو لالہ زار ہا — حیراں ہیں گل اند بہ عالم بہار ہا

---

نو بہار آمد ز گل پیدا بہ ہر سو ساغر است — رنگِ گل در چشمِ مستاں چون شرابِ احمر است

---

نورِ شمع و رنگِ گل چوں در رُخِ جانانہ است
عاشق بیچارہ گہ بلبل گہے پروانہ است

---

ہست آبادی آئینہ ز عکسِ رخِ تو — جز خیالت کہ دہد نور بہ ویرانۂ ما

---

دل در شکنِ زلفِ تو از سینہ کند یاد — یا شہ طرفِ شام فزوں یادِ وطن ہا

ہر کسے در گوشۂ اندر خیالے سرخوش است  بلبل اندر گلستاں خوش چغد در ویرانہ ہا

---

سر بہ اوجِ فلک از بسکہ بہار تو کشید  گلِ خورشید سزد گوشۂ دستارِ ترا

---

اقلیمِ جنون را نبود آفت و داغم  در مملکتِ عشق ز خوباں خطرے ہست
ملک دل سر بسر از فیضِ سخن آباد است  زاں کہ در کشورِ معنی غم ویرانی نیست
خیرہ بر روے تو نظر نہ کنم  بر سرت ہست چہرۂ زر تار
مزن ایں ناوکِ مژگاں بہ سوے سینۂ ما  کہ ترا در دلِ دیوانۂ ما جا باشد

---

اب فائز کی چند رباعیاں ملاحظہ ہوں :-

از عشقِ تو سوختیم با خرمنِ خویش  چوں شعلہ زدیم دست بر دامنِ خویش
مارنجہ ز طبعِ نکتہ فہمِ خویشیم  چوں ما نبود ہیچ کسے دشمنِ خویش

---

یک چند بہ عقل و ہوش مقروں گشتم  یک چند چو خم نشینِ فلاطوں گشتم
دیدم چو نشد ہیچ ازاں حاصلِ من  از خویش بروں رفتم و مجنوں گشتم

---

با صلح در آویز و دمِ جنگ مزن  بر دامنِ ایں و آں عبث چنگ مزن
خواہی نشوی شکستہ دل اندر دہر  بر شیشۂ خاطرِ کسے سنگ مزن

# فائز کا اُردو کلام

فائز کی تصنیفوں کے سلسلے ہم اوپر لکھ آئے ہیں کہ ان کا اُردو دیوان کن اصنافِ سخن پر مشتمل ہے اور اُن کے اُردو کلام کی مقدار کیا ہے۔ فائز کی شاعری پر ایک مختصر عمومی تبصرہ بھی کیا جاچکا ہے۔ اب اُن کے اُردو کلام پر ذرا گہری نظر ڈالی جائے گی اور اُن کی شاعری کی خصوصیتیں کسی قدر تفصیل کے ساتھ بیان کی جائیں گی۔

**فائز کی غزلیں** فائز کی غزلوں کا عام موضوع ظاہری حسن ہے یا مجازی محبت۔ خدائی محبت کا تو شاید کہیں ذکر ہی نہیں، انسانی محبت کا تصور بھی کچھ بلند نہیں ہے۔ اُن کے یہاں جس محبت کا بیان ملتا ہے وہ وہی ہے جسے ہوس یا حسن پرستی کہہ سکتے ہیں، عشق کے نام سے تعبیر نہیں کرسکتے۔ شاید دو ہی چار شعر ہوں گے جو عشق کے اعلیٰ تصور پر مبنی ہوں۔ مثلاً

خاک سینی سجن اٹھا کے کیا عشق تیرے نے سربلند مجھے

اسی طرح فائز کی غزلوں میں دو چار شعر ایسے بھی مل سکتے ہیں۔ جن میں حسن و محبت کے علاوہ کوئی اور مضمون باندھا گیا ہو۔ مثلاً

جاگیر اگر بہت نہ ملی ہم کو غم نہیں حاصل ہمارے ملک قناعت کا کم نہیں
ظاہر کے دوست آتے نہیں کام وقت پر تلوار کاٹھ کیا کرے جس کو جو دم نہیں

محبوب کی توصیف اور محبت کے اظہار ہیں وہ محبوب سے براہِ راست خطاب کرتے ہیں۔ بعد کے شاعروں نے غزل میں معشوق کا ذکر اکثر ضمیرِ غائب

کے ساتھ کیا ہے۔ لیکن فائز کی غزل "سخن از معشوق گفتن" کا نہیں بلکہ "سخن بہ معشوق گفتن" کا مصداق ہے۔

شمالی ہند میں اردو غزل گوئی کا ابتدائی دور ایہام گوئی کا زمانہ سمجھا جاتا ہے لیکن فائز کو ایہام گوئی کا شوق نہ تھا۔ وہ اپنے کلام کی بنیاد بالعموم دوہرے معنوں کے لفظوں اور فقروں پر نہیں رکھتے ہیں۔ تاہم کبھی کبھی صنعت ایہام سے کام لیتے ہیں۔ ان کی زبان میں وہ سادگی، نرمی اور لوچ ہے جو غزل کے لیے ضروری ہے۔ وہ اپنا مطلب تمثیل کے پیرائے میں یا استعارے کے پردے میں بیان نہیں کرتے۔ جو کچھ کہنا ہوتا ہے سیدھے سادے بے تکلف انداز میں کہہ دیتے ہیں مگر اسلوبِ بیان کچھ ایسا اختیار کرتے ہیں کہ اُن کی سادی سادی باتیں بھی لطف اور اثر سے خالی نہیں ہوتیں۔

آزاد مغفور دہلی کے دورِ اوّل کے اردو شاعروں کے متعلق لکھتے ہیں:-

"اُن بزرگوں کے کلام میں تکلف نہیں۔ جو کچھ سامنے آنکھوں کے دیکھتے ہیں اور اُس سے دل میں جو خیالات گزرتے ہیں وہی زبان سے کہہ دیتے ہیں۔ ایچ پیچ کے خیال، دور دور کی تشبیہیں، نازک استعارے نہیں بولتے۔ اِس واسطے اشعار بھی صاف اور بے تکلف ہیں۔۔۔۔ اِس میں شک نہیں کہ اُن کے محاورات قدیمی اور مضمون بھی اکثر سبک اور مبتذل ہوں گے۔ مگر کلام کی سادگی اور بے تکلفی ایسی دل کو بھلی لگتی ہے جیسے ایک حسنِ خداداد ہو کہ اس کی قدرتی خوبی ہزار بناؤ سنگار کا کام کر رہی ہے۔

(آبِ حیات)

آزاد کا یہ بیان فائز کے کلام پر حرف بہ حرف صادق آتا ہے۔ مثال کے لیے ایک غزل کے چند شعر ملاحظہ ہوں :۔

تری گالی مجھ دل کوں پیاری لگے ۔۔۔ دعا میری تجھ من میں بھاری لگے
تدی قدر عاشق کی بوجھے سجن ۔۔۔ کسی ساتھ اگر تجھ کوں یاری لگے
بھواں تیری شمشیر و زلفاں کمند ۔۔۔ پلک تیری جیسے کٹاری لگے
نہ جانوں تو ساقی تھا کس بزم کا ۔۔۔ نین تیرے مجھ کوں خماری لگے

وہی قدر فائز کی جانے بہت
جسے عشق کا زخم کاری لگے

چند متفرق شعر اور سنیے :۔

جب سجیلے خرام کرتے ہیں ۔۔۔ ہر طرف قتلِ عام کرتے ہیں
مرغِ دل کا شکار کرنے کوں ۔۔۔ زلف و کاکل کو دام کرتے ہیں

---

گلِ باغِ جنوں ہے رسوائی ۔۔۔ عزتِ ملکِ عشق خواری ہے
خونِ دل بادہ و جگر ہے کباب ۔۔۔ نغمۂ بزمِ وصل زاری ہے
لیلیٰ مجنوں کا ذکر سرد ہوا ۔۔۔ اب تمھاری ہماری باری ہے

---

یار میرا میانِ گلشن ہے ۔۔۔ غرقِ خوں پھول تا بہ دامن ہے

دورِ اوّل کے اور شاعروں کی طرح فائز کی غزلوں میں بھی درد و الم، سوز و گداز، رندی و مستی، جوش و خروش کم ہے۔ لیکن محبوب کی اداؤں کے بیان اور عاشق کی محبت کے اظہار میں کبھی کبھی اُن کے کلام میں گرمی پیدا ہو جاتی ہے۔ مثلاً

ترچھی نگاہ کرنا کترا کے بات سننا  مجلس میں عاشقوں کی انداز ہے سراپا

بعض لوگ غلط فہمی سے اُردو غزل پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اس میں معشوق مذکر ہوتا ہے۔ لیکن فائز کے یہاں معشوق کی نسوانیت بالکل ظاہر ہے۔ وہ اس کو کبھی کبھی نار کے لفظ سے یاد کرتے ہیں جس کے معنی ہیں عورت اور اس کی ساری اوڑھنی وغیرہ کا ذکر کرتے ہیں۔ مثلاً

سورج کا جلانے کوں جگر جیوں دلِ فائز
ای نار تو کیوں دھوپ میں سر کھول کھڑی ہے

---

تجھ بدن پر جو لال ساری ہے  عقل اس نے مری بساری ہے

---

اوڑھنی اودی پر کناری زرد  گرد شب کے سورج کی دھاری ہے

مگر کبھی کبھی وہ مردانہ حسن کا بیان بھی کرتے ہیں اور اس سلسلے میں قبا اور چیرہ یعنی پگڑی کا ذکر کرتے ہیں۔ مثلاً

کیا خوب ترے سر پہ لگے چیرۂ سالو  کیا زیب دیوے لبمہ نری سبز قبا پر

---

کرناں کا بنا ہے نور رخ سوں  چیرہ ہے جو سر پہ تجھ زری کا

فائز کی غزلوں کے اس مختصر مجموعے میں کئی غزلیں ایسی ہیں جن کا موضوع شروع سے آخر تک ایک ہے یعنی وہ غزل کی شکل میں مسلسل نظمیں ہیں وہ غزلیں یہاں نقل کی جاتی ہیں اور ہر غزل کا عنوان تجویز کرکے اس پر درج کیا جاتا ہے:-

---

## ایّامِ محبّت کی یاد

جان ایام دل بری ہے یاد — سیرِ گل زار و مے خوری ہے یاد
دیکھتا نہیں سورج کوں نظراں بھر — جس کوں تجھ جامۂ زری ہے یاد
خوب پھولی تھی باغ میں نرگس — گلِ صد برگ و جعفری ہے یاد
وہ چراغاں وہ چاندنی کی رات — سیرِ تہ پھول و پھلجھری ہے یاد
وہ تماشا و کھیل ہولی کا — سب کے تن رخت کیسری ہے یاد
ہو دیوانا جنگل میں کیوں نہ پھرے — جس کو وہ سایۂ پری ہے یاد
اے سیہ مست! میری انکھیوں کے — لال بادل کی تجھ جھمری ہے یاد؟
جب تمن پاس فائز آیا تھا — بات کہنا پی سرسری ہے یاد

---

## جذبۂ بے باک

منہ پھول سے رنگین تھا وساری تھی اس ہری
کھڑی تھی ایک دیکھی میں پنگھٹ میں جیوں پری
چیری ہیں اس کی اُر بسی رنبھا و رادھکا
پر بھو نے دیکھ ابنائی نہیں ویسی دوسری
میں نے کہا کہ گھر چلے گی میرے ساتھ آج
کہنے لگی کہ ہم سوں نہ کر بات تو اجری
دھک جا کے اس کی بانہہ کو پکڑا میں ہاتھ سوں
کہ بیٹھی جا وی بارسے کرتا ہے مسخری

چومالیا اُدھر پر اُسے جب لگا کے گل
کہنے لگی مغل کی یہی ریت ہو بُری
کم دیکھی فائزؔ ایسی حُسن میں میں مہارنی
بیتیں برکھ برکھ ز غم اد گھڑی گھڑی

---

## قیدِ الفت

زلف تیری ہوئی کمند مجھے  اُس میں باندھا ہی بند بند مجھے
خاک سیتی سجن اٹھا کے کیا  عشق تیرے نے سر بلند مجھے
نہیں جگ بیچ اور اے دل بر  وصل بن تیرے سودمند مجھے
میں گرفتار ہوں ترے مکھ پر  جگ میں نہیں اور کچھ پسند مجھے
فائزؔ اس طور سے ہوا ہی ملول  نوں جلاتا ہی جیوں سپند مجھے

---

## عالمِ فراق

مجھ پاس کبھی وو قد شمشاد نہ آیا  اس گھر منے وو دل بر استاد نہ آیا
گلشن مری انکھیاں میں لگے گلخن وو زخ  جو سیر کو مجھ ساتھ پری زاد نہ آیا
سانجھ آئی دیو دن ہی ہوا فکر میں آخر  وو دلبر چا وو گر صیاد نہ آیا
آیا نہ ہمن پاس کیا وعدہ خلافی  فائزؔ کا کچھ احوال نگر یاد نہ آیا

---

## اوصافِ محبوب

خوباں کے بیچ جاناں ممتاز ہی سراپا  انداز دل بری میں اعجاز ہی سراپا

پل پل مٹک کے دیکھے ڈگ ڈگ چلے لٹک کر
وہ شوخ چنچل چھبیلا طناز ہی سراپا

ترچھی نگاہ کرنا ، کترا کے بات سننا
مجلس میں عاشقوں کی انداز ہی سراپا

نینوں میں اس کی جادو زلفاں میں اس کی پھاندا
دل کے شکار میں وہ شہباز ہی سراپا

غمزہ نگہ تغافل ، انکھیاں سیاہ چنچل
یارب نظر نہ لاگے انداز ہی سراپا

## فائز کے کلام میں مقامی رنگ

اُردو شاعری پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہی کہ وہ مقامی رنگ سے خالی ہی۔ مگر فائز کا کلام اس اعتراض کی زد سے دور ہی۔ وہ تشبیہوں، استعاروں اور تلمیحوں میں خاص ہندستانی چیزوں سے کام لیتے ہیں۔ مثلاً پلک کو کٹاری سے ، نرم ، نازک ، گول باہوں کو کنول کی ڈنڈی اور کیلے کے گابھے سے ، بڑی بڑی آنکھوں کو کنول کے پھول سے ، سونتواں ناک کو چمپے کی کلی سے ، دل کش رفتار کو مور اور مست ہاتھی کی چال سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اِن تشبیہوں کی چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں:۔

بھواں تیری شمشیر و زلفاں کمند
پلک تیری جیسے کٹاری لگے

---

کنک سوں صفا دار ہی وہ بدن
کنول ڈال سے ہاتھ گل سے چرن

---

کیلے کے گابھے سے ملائم وو ہات
دیکھ کے مرجھاتے تھے کیلے کے پات

---

دو ادھر تیرے ہیں جیوں امرت پھل
شیرینی میں ہی مگر شان عسل

---

رنگ سوں ہیں پیرہن سب گل سے لال
نین ہیں رنگیں کنول سے از گلال

نین دو کنول اور دو گل ہیں گال ۔۔۔ کلی چمپے کی ناک کو ہے مثال

ترچھی نظروں سے دیکھنا ہنس ہنس ۔۔۔ مور سے چال تجھ نیاری ہے

ہتے ہاتھی سی چال تھی تہ جو بن ۔۔۔ نہ آہٹ پاتے گز بھی نہ پیچن

ہندی شاعری کے اتباع میں وہ معشوق کا استعارہ چاند سے اور عاشق کا چکور سے کرتے ہیں :۔

ان چکوروں سے دور رہا ہے چاند ۔۔۔ قول عشاق کا نمازی ہے

ملتے ہو سب کو جاکے گھر اور ہم سے ہو کنار ۔۔۔ کچھ ہم تو ان چکوروں سوا ہے ماہ کم نہیں

ثانی ہندوؤں کے مذہبی عقیدوں اور معاشرتی طریقوں کی طرف اکثر اشارہ کرتے ہیں۔ مثلاً بالوں کی لٹوں کو سہس ناگنی، جوڑے کو کنھیا کا گیند، خوب صورت عورت کو اندر کی اپسرا، حسینوں کے مجمع کو اندر کی سبھا، شب ہجر کے ایک پل کو برمھا کی گھڑی قرار دیتے ہیں۔ ذیل کے شعر ملاحظہ ہوں :۔

جوڑا نہیں گیند ہے کنھیا کی ۔۔۔ یا سہس ناگنی ہے دریا کی

ہر اک پنہاروں اک اپچھراتی ۔۔۔ کنویں کے گرد اندر کی سبھاتی

اپچھرا اندر کی سوں تھی خوب تر ۔۔۔ حسن اُس کا تھا پری سوں بیش تر

دل فریبی کی ادا اُس کی انوپ        رُوپ میں تھی رادھکا سوں بھی سروپ

چیری ہیں اُس کی اُرلسی رمبھا و رادھکا        پر بھو نے دھرا بنائی نہیں ویسی دوسری

ہی اندر کی مانو سبھا جلوہ گر        کہ ہر نار دستی ہو رمبھا سوں ور

اوجاں شب ہجران تری سخت بڑی ہو        ہر پل مگر اس تن کی برہما کی گھڑی ہو

اسی طرح رام رام کرنا ، نمو نرائن کہنا ، تپ یا تپسیا کرنا ، وغیرہ یہ چیزیں بھی فائز کے یہاں نظر آتی ہیں ۔ مثلاً

خوب رُو آشنا ہیں فائز کے        مل سبھی رام رام کرتے ہیں

جب کرے تپ سورج کی ٹھاڑی رہ        چرخ منہ موڑے ' نمو نرائن ' کہ

رہ کھڑا اک پانوں پر بگلا        ہو تپستی وہ بحر جوبن کا

## فائز کے کلام میں صنعتیں، تشبیہیں اور استعارے

فائز نے اپنے کلیات کے خطبے میں لکھا ہو کہ "شاعر کا کمال صنائع شعریہ پر موقوف ہو۔ ہر شخص جو فی الجملہ موزوں طبع ہو اور مہمل شعر کہہ لیتا ہو وہ اپنے کو شاعر علامہ سمجھ لیتا ہو حالانکہ ایسا نہیں ہو بلکہ شاعر کی استعداد صنائع میں ظاہر ہوتی ہو" یہ لکھنے کے بعد فائز نے بہت سی صنعتوں کا بیان کیا ہو اور تمام صنعتوں کی مثالوں میں اپنے شعر پیش کیے ہیں ۔ اس طرح انھوں نے اپنی قادر الکلامی

کا ثبوت دے دیا ہے اور بہ قول خود شاعری کا کمال دکھا دیا ہے۔ مگر جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں فائز کی زبان سلیس اور بیان بے تصنع ہے۔ وہ صنعتوں کا التزام نہیں کرتے ہیں۔ مگر کہیں کہیں کوئی صنعت اُن کے یہاں نظر آجاتی ہے۔ مثلاً

ہووے سرو بازار و دامن کا دیکھ　　اگر گرد دامن کناری لگے

---

ایک پل جا نہ کہیں نین سوں ای نورِ بصر　　ٹک نہ ہو اس دل تاریک سوں ای بدر بدر

دامن اور دامن، بدر اور بدر میں تجنیس محرف ہے۔

تجھ دام میں ای آہوے چین بنا ہے فائز　　ہرگز نہیں اس طائر اندیشہ خطا پر

---

تجھے دیکھ فرہاد ای خوش ادا　　کرے رات دن جانِ شیریں فدا

چین اور خطا، فرہاد اور شیریں میں ایہامِ تناسب ہے۔

لشکرِ سودا نے کیا ہے ہجوم　　چھاے مرے دل پہ غمامِ غموم

غمام اور غموم میں تجنیس لاحق اور شبہ اشتقاق ہے۔

کج لب پر اس کے تھا زیبندہ خال　　تھے دراز اس مو کمر کے سر کے بال

مو، کمر، سر، بال میں مراعات النظیر ہے۔

عشق کی آگ میں رہے دن رین　　یاد تیرا مگر سمندر ہے

مگر اور سمندر میں ایہام تناسب ہے

دو اُدھر تھے اس گے جیوں یاقوت لال　　گل ہوا اس غنچہ لب کے آگے لال

لال اور لال میں تجنیس تام ہے۔

مرگ سے اس حور لقا کو تھے نین　　اُس کا مجھے عشق ہوا فرضِ عین

---

لے جاتی ہیں جیوں اپچھرا جی کو چھل  کہ دیکھ اُن کوں پانی میں جی جاے جل

"جین اور جین، پانی اور جل" میں ایہام تناسب ہے

تیری اس صبح بناگوش وخطِ شکیں سوں  سیر کرتا ہوں عجب شام وسحر شام وسحر

یہاں شام وسحر کی تکرار دو معنوں میں ہے۔ ایک معنی میں "شام وسحر" اسم مفعول ہیں اور دوسرے معنی میں ظرفِ زمان۔

تشبیہ اور استعارے کے استعمال میں فائز خاص امتیاز رکھتے ہیں وہ مقررہ استعاروں اور رسمی تشبیہوں پر قناعت نہیں کرتے بلکہ اپنے مشاہدے سے نئی تشبیہیں اور نئے استعارے پیدا کرتے ہیں۔ مثلاً

چاند جیسا ہے شفق بھیتر عیاں  چہرہ سب کا از گلال آتش فشاں

یعنی روشن چہرے پر گلال ملا ہوا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شفق کے اندر سے چاند نمودار ہے۔

ایک حسین جوگن کے متعلق لکھتے ہیں :۔

نہیں چھپا تن بھبھوت میں سارا  راکھ میں حُسن کا ہے انگارا

یعنی جوگن کے بدن پر بھبھوت نہیں ملی ہوئی ہے بلکہ حسن کا انگارہ راکھ میں چھپا ہوا ہے۔

ایک حسین میوے والی کی تصویر یوں کھینچتے ہیں :۔

پھرتی ہے وہ سورج سی دن کوں دردر  میواں سوں لے سر پہ تارے چندر

یعنی میوؤں کے چاند تارے سر پر رکھ کر وہ سورج کی طرح دن بھر گھر گھر پھرا کرتی ہے۔

سب چکورے بھنگیڑ خانے پر  جیسے کوّے ہیں آشیانے پر

یعنی جس طرح شام کو بسیرے کے وقت بہت سے کوّے ایک جگہ

جمع ہو کر خوب شور کرتے ہیں۔ اسی طرح اوباش لوگ بھنگڑ خانے میں جمع ہو کر غل غپاڑا مچا رہے ہیں۔ ایک دوسرے مقام پر کہتے ہیں کہ بھنگیڑ خانے میں سقے، لفنگے جمع ہیں۔ ان میں کچھ ایسے لوگ بھی کھڑے ہوئے ہیں جن کے بدن پر کپڑے تک نہیں ہیں۔ ان لوگوں کو شمع سے تشبیہہ دے کر ان کی بے سروسامانی کا نقشہ کھینچ دیا ہے۔ کہتے ہیں:۔

خنائی اور بازاری اس سنگت میں جمع ہر طرف ننگے کھڑے ہیں مثل شمع

ایک خوب صورت گوری چٹی عورت کی ایڑی کو سرخی اور گولائی کی بنا پر نارنگی سے اور تلووں کو سرخ و سفید رنگ کی مناسبت سے سیب سے تشبیہہ دی ہے:۔

خوش نما تھا اس کے پگ میں پائے زیب ایڑی نارنگی و وہ تلوے تھے سیب

دل کی شکل بادام سے مشابہ ہوتی ہے اور بادام کے چھلکے پر باریک باریک سوراخ کثرت سے ہوتے ہیں۔ ان دونوں باتوں پر نظر کر کے شاعر نے ایک اچھوتی تشبیہہ پیدا کی ہے۔

چھیدتی سب کے دل کوں جیوں دام کرتی تجھ پلک کام سوزن کا

گوری باہوں کو شمع اور ہاتھوں کو شمع کی لو قرار دے کر کرتے کو دو شاخہ فانوس کہنا ایک نادر تشبیہہ ہے۔ ملاحظہ ہو:

پا ہیں تنی شلوار زریفت جلا کرتا فانوس دو شاخہ پُر جلا

فن بلاغت کے مسلمات سے ہے کہ تشبیہہ مرکب تشبیہہ مفرد سے زیادہ پُر لطف ہوتی ہے۔ اگر وجہ شبہہ میں حرکت شامل ہو تو تشبیہہ کا لطف اور بڑھ جاتا ہے۔ ان دونوں باتوں کو نظر میں رکھیے اور ایک نادر تشبیہہ ملاحظہ کیجیے۔ دریا کے کنارے میلا لگا ہوا ہے۔ سفید چمکتی ہوئی ریتے پر

حسین عورتیں رنگ رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے ادھر سے اُدھر آجا رہی ہیں۔ فائز اس متحرک منظر کو تشبیہہ دیتے ہیں ایک چاندی کی تھالی سے جس میں مختلف رنگوں کے جواہرات ڈھلک رہے ہیں۔ کہتے ہیں:۔

ندی پر نمایاں ہیں سیمیں بدن جیوں روپے کی تھالی میں ڈھلتے رتن

یہ سب تو حسی تشبیہوں کی مثالیں تھیں۔ اب ایک عقلی یا تخیلی تشبیہ بھی دیکھیے:۔

اوڑھنی اودی پر کناری زرد گرد شب کے سورج کی دھاری ہے

فائز کی تشبیہوں، استعاروں اور تلمیحوں میں اگر ایک طرف دیسی رنگ پایا جاتا ہے تو دوسری طرف فارسی شاعری کا اثر بھی موجود ہے۔ چند شعر ملاحظہ ہوں:۔

اُس ساتھ مہ رخاں کو نہیں کچھ برابری یوسف سے یہ نگار پری زاد کم نہیں

---

گھڑا سر پر کھڑی تھی راہ اُوپر یقیں یوسف کی جا ہے چاہ اُوپر

---

دو بھواں تیغ جنوبی سی دراز ہوتے صد محمود دیکھ دیکھ ایاز

---

جامہ زیبی میں نہیں تجھ ثانی تو ہے خوبی میں جیوں نقش مانی

---

لیلیٰ مجنوں کا ذکر سرد ہوا اب تمہاری ہماری باری ہے

**فائز کی نظمیں**

فائز کے یہاں مسلسل نظمیں بھی ہیں اور مقدار میں غزلوں سے کہیں زیادہ ہیں۔ اُن کے عنوان مختلف

ہیں۔ مثلاً تعریفِ پنگھٹ، وصف بھنگیڑن، تعریفِ جوگن، بیان میلۂ بہتہ، تعریف نہان نگمبود۔ مگر فائز کی غزلوں کی طرح اِن سب میں بھی زیادہ تر حُسن اور اُس کے تاثرات کا بیان ہے۔ صرف دو نظمیں ایسی ہیں جن کے موضوع دوسرے ہیں۔ یعنی ایک مناجات ہے، ایک منقبت۔ اِسی طرح اگرچہ اِن سب نظموں کا وزن ایک نہیں ہے، پھر بھی اُن میں اتنی یکسانی ضرور ہے کہ وہ سب مثنوی کی شکل کی ہیں۔ صرف دو نظمیں ایسی ہیں جن کی شکل دوسری ہے۔ یعنی ایک مخمس ہے اور ایک بحرِ طویل۔ یہ مسلسل نظمیں ثابت کرتی ہیں کہ جس طرح فائز ہماری موجودہ معلومات کی بنا پر دہلی کے پہلے اُردو غزل گو قرار پاتے ہیں اُسی طرح وہ دہلی کے پہلے اُردو نظم گو بھی ٹھہرتے ہیں۔

**فائز اور ولی** فائز ولی دکنی کے ہم عصر تھے۔ ان کے اُردو دیوان کے موجودہ نسخے میں صرف بتیس[۳۲] غزلیں ہیں اور اِن میں اُنیس[۱۹] غزلیں ایسی زمینوں میں ہیں جو ولی کے دیوان میں بھی موجود ہیں۔ اِس حد کی مطابقت کو صرف اتفاق سے سمجھنا مشکل ہے۔ ولی کا دیوان بہ قولِ حاتم جلوس محمد شاہ کے دوسرے سال دہلی میں آیا۔ اور فائز کا کلیات اُس سے چند سال پیش تر فرخ سیر کے عہد میں مرتب ہو چکا تھا۔ اِس سے بادی النظر میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ولی نے فائز کی غزلوں پر غزلیں کہیں مگر امکان اس کا بھی ہے کہ ولی کے دیوان سے پہلے اُن کی غزلیں دہلی پہنچنے لگی ہوں اور فائز نے ان کے جواب میں غزلیں کہی ہوں۔ بہرحال سر دست یہ فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ ہم طرح غزلوں میں تقدم کا شرف کس کو حاصل ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اِن میں سے بعض غزلیں فائز نے پہلے کہی ہوں اور بعض ولی نے۔

ہمارے ادب کی تاریخ میں یہ مسئلہ خاص اہمیت رکھتا ہے ۔ امید ہے کہ ادبی تحقیق کرنے والے اس کو حل کرنے کی کوشش کریں گے ۔ ذیل میں فائزؔ اور ولیؔ کی ہم طرح غزلیں درج کی جاتی ہیں کہ ان کا تقابل آسانی سے کیا جا سکے

## فائزؔ

خوباں کے بیچ جاناں ممتاز ہے سراپا — انداز دل بری میں اعجاز ہے سراپا
پل پل مٹک کے دیکھے ڈگ ڈگ چلے لٹک کر — وہ شوخ چھل چھبیلا طناز ہے سراپا
ترچھی نگاہ کرنا، کترا کے بات سننا — مجلس میں عاشقوں کی انداز ہے سراپا
نینوں میں اس کی جادو زلفاں میں اس کی پھاندا — دل کے شکار میں وہ شہباز ہے سراپا
غمزہ، نگہ، تغافل، انکھیاں سیاہ چنچل — یارب نظر نہ لاگے انداز ہے سراپا

## ولیؔ

وہ نازنیں ادا میں اعجاز ہے سراپا — خوبی میں گل رخاں سوں ممتاز ہے سراپا
اے شوخ تجھ نین میں دیکھا نگاہ کر کر — عاشق کے مارنے کا انداز ہے سراپا
جگ کے ادا شناساں جن کی ہے فکر عالی — تجھ قد کوں دیکھ بولے یو ناز ہے سراپا
کیا ہو سکیں جگت کے دل ربر تیرے برابر — تو حسن ہور ادا میں اعجاز ہے سراپا
گاہے اے عیسوی دم یک بات لطف سوں کر — جاں بخش مجھ کوں تیری آواز ہے سراپا
مجھ پر ولیؔ ہمیشہ دلدار مہرباں ہے — ہر چند حسب ظاہر طناز ہے سراپا

## فائزؔ

مجھ پاس کبھی وہ قد شمشاد نہ آیا — اس گھر سنے وہ دل بر استاد نہ آیا

گلشن مری انکھیاں میں لگے گلخن دوزخ | جو سیر کو مجھ ساتھ پری زاد نہ آیا
سا نجھ آئی دیو دن بی ہوا فکر ہیں آخر | وہ دل بر جا دو گر صیاد نہ آیا
آیا نہ ہمن پاس کیا وعدہ خلافی | فائز کا کچھ احوال مگر یاد نہ آیا

## ولی

پھر میری خبر لینے وہ صیاد نہ آیا | شاید کہ مرا حال اُسے یاد نہ آیا
مدت ستی مشتاق ہیں عشاق جفا کے | بیداد کہ وو ظالم بیداد نہ آیا
جاری کیا ہوں جوے رواں انکھیاں سوں | افسوس کہ وہ غیرت شمشاد نہ آیا
جس غم منیں موزوں کیا ہوں آہ کا مصرع | وہ مصرع دل چسپ پری زاد نہ آیا
پہنچی ہی ہر اک گوش میں فریاد ولی کی | لیکن وہ صنم سننے کوں فریاد نہ آیا

## فائز

گل ترے مکھ کی فکر میں بیمار | جیو بلبل کا تجھ قدم پہ نثار
گلی کوں ای شوخ ٹک تنک دکھلا | کہ خزاں کر دکھاوے اس کوں بہار
مست سے دل کوں ہی عذر لازم | نین تیرے بہت ہوسے سرشار
اس گلی میں قدم کرم سوں دھر | کہ کردں ہر قدم پہ جیو نثار
مارتی مجھ کوں اسی کماں ابرو | یہ پلک تیر و یہ نگہ تلوار
ہجر میں نیر سے آہ کرنا ہی | دل عاشق نہیں ہو ٹک بے کار
کیا کرے تجھ سے پاپی سوں فائز | سینہ غم سوں ہی تیرے آبلہ دار

## ولی

گر چمن میں چلے وہ رشک بہار | گل کریں نقد آب و رنگ نثار

بلبلاں ہر طرف سوں اُٹھ دوڑیں دیکھنے کوں اُسے ہزار ہزار
یاد تجھ خطِ سبز کی ای شوخ زخمِ دل پر ہی مرہمِ زنگار
حق نے تیری انکھاں کوں بخشا ہی مئے وحدت سوں ساغرِ سرشار
جن نے دیکھا ہی اس پری رو کوں صورتِ ہوش سوں ہوا بیزار
تجھ درس کے خیال میں قائم مثل نیساں ہی چشم گوہر بار
تجھ لب آگے ای مشتری طلعت آبِ حیواں کا سرد ہی بازار
بسکہ پایا ہی تجھ جفا سوں شکست خانۂ دل ہوا ہی آئینہ وار
ای ولی اُس سوں حرفِ ہوش نہ پوچھ
جو ہوا مست جلوۂ دیدار

## فائز

ابرو نے ترے کھینچی کماں جور و جفا پر
قرباں کروں سو جیو ترے تیر ادا پر
یاقوت کو لاوے نہیں خاطر میں کبھی وہ
جس کی نظر ای یار پڑے تیری حنا پر
کیا خوب ترے سر پہ لگے چیرۂ سالو
کیا زیب دیوے بسمہ تری سبز قبا پر
تجھ دام میں ای آہوئے چیں بند ہی فائز
ہرگز نہیں اُس طائرِ اندیشہ خطا پر

## ولی

آیا جو کمر باندھ کے تو جور و جفا پر میں جی کوں تصدق کیا تجھ بانکی ادا پر

مجھ دیدۂ خوں بار میں ایک بار قدم رکھ — ای شوخ ترا جیو ہے گر رنگ حنا پر
انکھیاں میں یہ خوبانِ جہاں کی کہ لگی ہیں — بوٹی نہیں نرگس کی صنم تیری قبا پر
[illegible] خط کوں دیا مشکِ ختن سوں — عالم کوں وہ آگاہ کیا اپنی خطا پر
دشوار ہے حیرت سوں ولی اس کا نکلنا — باندھا ہے جو دل اُس رُخِ آئینہ نما پر

## فائز

تری گالی مجھ دل کوں پیاری لگے — دعا میری تجھ من میں بھاری لگے
تدی قدر عاشق کی بوجھے سجن — کسی ساتھ اگر تجھ کوں یاری لگے
بھلا دیوے دو عیش و آرام سب — جسے زلف سیں بے قراری لگے
نہیں تجھ سا اور شوخ ای من ہرن — تری بات دل کوں نیاری لگے
بھواں تیری شمشیر و زلفاں کمند — پلک تیری جیسے کٹاری لگے
ہووے سرد بازار دامن کا دیکھ — اگر گرد دامن کناری لگے
نہ جانوں تو ساقی تھا کس بزم کا — نین تیری مجھ کوں خماری لگے
وہی قدر فائز کی جانے بہت — جسے عشق کا زخم کاری لگے

## ولی

جسے عشق کا تیر کاری لگے — اسے زندگی جگ میں بھاری لگے
نہ چھوڑے محبت دمِ مرگ تک — جسے یار جانی سوں یاری لگے
نہ ہووے اسے جگ میں ہرگز قرار — جسے عشق کی بے قراری لگے
ہر اک وقت مجھ عاشقِ زار کوں — پیارے تری بات پیاری لگے
ولی کوں کہے تو اگر یک بچن — رقیباں کے دل میں کٹاری لگے

## فائز

سجن مجھ پر بہت نامہرباں ہی
کہاں وو عاشقاں کا قدرداں ہی

کہوں احوال دل کا اس کو کیوں کر
بہت نازک مزاج و بدزباں ہی

مرا دل بند ہی اس نازنیں پر
عجب اس خوش ادا میں ایک آں ہی

بھواں شمشیر ہیں وو زلف پھانسی
ہراک پلک اس کی مانند سناں ہی

چندر بے وقر ہی اس بدر آگے
صفا اس مکھ کی ہراک پر عیاں ہی

سمجھتا ہی ترے اشعار فائز
خدا کے فضل سوں وہ نکتہ داں ہی

## ولی

صنم میرا نپٹ روشن بیاں ہی
بہ رنگ شعلہ سرتاپا زباں ہی

نظر کرتے میں دل اُس کا لیا ہوں
کمندِ گل نگاہِ بلبلاں ہی

بجا ہی گر وہ سروِ گلشنِ ناز
ہماری راستی پر مہرباں ہی

وفا کر حسن پر مغرور مت ہو
وفاداری بہارِ بے خزاں ہی

صنم مجھ دیدہ و دل میں گزر کر
ہوا ہی، باغ ہی، آبِ رواں ہی

ہوا تیرِ ملامت کا نشانہ
نظر میں جس کی وو ابرو کماں ہی

ولی اُس کی جفا سوں خوف مت کر
جفا کرنا وفا کا امتحاں ہی

## فائز

مرا محبوب سب کا من ہرن ہی
نظر کر دیکھو وو آہو نین ہی

نہیں اب جگ میں ویسا اور ساجن
مجھے صورت شناسی ریچ فن ہی

سبھی دیوانے ہیں اس مہ لقا کے — مگر وو دل بر جادو نین ہے
مرے ویرانے دل میں آئی یاد اُس کی — شتاب آکر کرو یہ کہاں بن ہے
کرے رشکِ گلستاں دل کو ناثر — مرا ساجن بہارِ انجمن ہے

## ولیؔ

یہ تل زنگی و خط مشکِ ختن ہے — سخن مصری و لب کانِ یمن ہے
مِرے پر کھینچتے ہیں تیغِ ہندی — ترے ابرو کہ جیں جن کا وطن ہے
ہوئی ہیں دنگ تصویرِ فرنگ دیکھ — تری صورت کہ یہ رشکِ دمن ہے
دِسے تیرے نین میں کا نور و دیس — تری باتاں میں بنگالے کا فن ہے
ترے لب میں دِسے لعلِ بدخشاں — سخن تیرا ہر اک درِّ عدن ہے
تری یہ زلف ہے شامِ غریباں — جبیں تیری مجھے صبحِ وطن ہے
ولیؔ ایران و توراں میں ہے مشہور — اگرچہ شاعرِ ملکِ دکن ہے

---

شکار انداز دل وہ من ہرن ہے — لقب جس شوخ کا جادو نین ہے
ہوا ہے جو شہیدِ لالہ رویاں — بہ رنگ داغ دل خونیں کفن ہے
نہیں در کار گل گشت چمن زار — بہار عاشقاں وہ گل بدن ہے
کرے گی سنگ دل کے دل میں جا نقش — صدائے بے دلاں فرہاد فن ہے
بجا ہے اس کو کہنا خسروِ وقت — نظر میں جس کی وہ شیریں بچن ہے
ترا قد ای بہارِ گلشن ناز — مثال سرو زیب صد چمن ہے
خودی سوں اولاً خالی ہوا ہے دل — اگر اس شمع روشن کی لگن ہے
غلام و فدوی درگاہِ احمد — سدا اس کی زباں پر یہ بچن ہے

ہوا جو خادمِ شاہِ ولایت ولی ہو والیِٔ ملکِ سخن ہو

## فائز

یار میرا میانِ گلشن ہو غرقِ خوں پھول تابہ دامن ہو
دل لبھاتا ہو سب کا وہ ساجن دل فریبی میں اس کو کیا فن ہو
تارے جیوں دُر ہیں اس کے حلقہ بگوش وہ بناگوشِ صبحِ روشن ہو
اس نظارے سے سب شہید ہوے وہ نین کیا بلائے رہزن ہو
کیا بیاں کر سکوں میں گت اُس کی فائزؔ اُت خوش ادا سریجن ہو

---

مکھ ترا صاف مثلِ درپن ہو[۱] نین عقل و ہراں کی رہزن ہو

## ولی

عارفاں پر ہمیشہ روشن ہو کہ فنِ عاشقی عجب فن ہو
دشمنِ دیں کا دین دشمن ہو راہزن کا چراغ روشن ہو
کیوں نہ ہو مظہرِ تجلیٔ یار کہ دل صاف مثلِ درپن ہو
عشق بازاں ہیں تجھ گلی میں مقیم بلبلاں کا مقام گلشن ہو
سفرِ عشق کیوں نہ ہو مشکل غمزۂ چشمِ یار رہزن ہو
بار مت دے رقیب کوں اے یار دوستاں کا رقیب دشمن ہو
تنگ چشمی ہو راہ بے بصری گرچہ مقدار چشمِ سوزن ہو

---

[۱] اس غزل کا صرف مطلع رہ گیا ہو۔ بقیہ اشعار جس ورق پر تھے وہ غائب ہوگیا ہو۔

مجھ کوں روشن دلاں نے دی ہی خبر | کہ سخن کا چراغ روشن ہی
گھیر رکھتا ہی دل کوں جامۂ تنگ | جگ منیں دور دورِ دامن ہی
عشق میں شمع روکے جلتا ہوں | حال میرا سبھوں پہ روشن ہی
ای ولی تیغِ غم سوں خوف نہیں | خاک ساری بدن پہ جوشن ہی

## فائز

مرے دل بیچ نقشِ نازنیں ہی | مگر یہ دل نہیں یارو نگیں ہی
کمر پر تیری اس کا دل ہوا محو | ترا عاشق بہت باریک بیں ہی
جو کہیے اس کے حق میں کم ہی بیشک | پری ہی حور ہی روح الامیں ہی
غلام اُس کے ہیں سارے اہلِ مجلس | نگر ہیں حسن کے کرسی نشیں ہی
مجھے ہی موشگافی میں مہارت | جو نت دل محوِ خطِ عنبریں ہی
نظر کر لطف کی ای شاہ خوباں | ترا فائز غلام کمتریں ہی

## ولی

ترے لب پر جو خطِ عنبریں ہی | خطِ یاقوت سوں نقشِ نگیں ہی
چمن آرائے باغ خوش ادائی | نہالِ قدِ سرو گل جبیں ہی (کذا)
کہو زاہد سے جاوے اُس گلی میں | اگر مشتاقِ فردوسِ بریں ہی
نہ آوے گی کدھی لکھنے میں ہرگز | مصور یوں ادا سے نازنیں ہی
ہمیشہ دیکھتی ہی تجھ کمر کوں | نگہ میری سدا باریک بیں ہی
مرے حق میں عنایت نامۂ یار | مثالِ شہپرِ روح الامیں ہی
کرے اک آن میں جگ کوں دِوانا | نگہ تیری کہ جادو آفریں ہی

نہیں گل برگ گلشن میں ای لالن — ترے گل گوں کا یہ دامان زیں ہی
سویدا کی نمط جاوے نہ ہرگز — خیال اُس خال کا جو دل نشیں ہی
ولی جن نے سنا میرے سخن کوں — زباں پر اس کی ذکرِ آفریں ہی

## فائز

ای سجن وقتِ جاں گدازی ہی — موسمِ عیش و فصلِ بازی ہی
ان چکوروں سے دور رہ ای چاند — قول عشاق کا نمازی ہی
اس قلندر کی بات سہل نہ بوجھ — عشق کے فن میں فخرِ رازی ہی
ہم غریں مجھ نہ کر رقیباں سوں — طور یاروں کا پاک بازی ہی
عاشقاں جان و دل گنواتے ہیں — یہ نہ طورِ زمانہ سازی ہی
فائز اُس خوش ادا سریجن پاس — بے گناہاں کا قتل بازی ہی

## ولی

عشق بے تاب جاں گدازی ہی — حسن مشتاق دل نوازی ہی
اشک خونیں سوں جو کیا ہی وضو — مذہب عشق میں نمازی ہی
جو ہوا رازِ عشق سوں آگاہ — وہ زمانے کا فخرِ رازی ہی
پاک بازاں سوں یو ہوا معلوم — عشق مضمونِ پاک بازی ہی
جا کے پہنچی ہی حدِ ظلمت کوں — بسکہ تجھ زلف میں درازی ہی
تجربے سوں مجھے ہوا ظاہر — ناز مفہوم بے نیازی ہی

ای ولی عشقِ ظاہری کا سبب
جلوۂ شاہدِ مجازی ہی

## فائز

تجھ بدن پر جو لال ساری ہے / عقل اس نے مری بساری ہے
بال دیکھے ہیں جب سوں میں تیرے / زلف سی دل کوں بے قراری ہے
سب کے سینے کو چھید ڈالا ہے / پلک تیری مگر کٹاری ہے
اوڑھنی اودی پر کناری زرد / گردشِ شب کے سورج کی دھاری ہے
قہر و لطف و تبسم و خندہ / تیری ہر اک ادا پیاری ہے
ترچھی نظراں سے دیکھنا ہنس ہنس / مور سے چال تجھ نیاری ہے

---

دھوپ سا یو کنول ناری ہے / کرن سورج کی وو کناری ہے
چھپ رقیباں سوں آتا نہیں وو چاند / کیا رین ہجر کی اندھیاری ہے
نہیں اثر کرتا صبر کا مرہم / دلِ عاشق میں زخم کاری ہے
گلِ باغِ جنوں ہے رسوائی / عزتِ ملکِ عشق خواری ہے
خونِ دل بادہ و جگر ہے کباب / نغمۂ بزمِ وصل زاری ہے
لیلیٰ مجنوں کا ذکر سرنہ ہوا / اب تمہاری ہماری باری ہے
ملنا عاشق سوں ہے بہانے سوں / یہ نصیحت سخن ہماری ہے
مجکوں مت جانو یاد سوں غافل / رات دن دل کوں لو تماری ہے
دل بندھا سخت تیری زلفاں پر / عقل فائز کی اُن بساری ہے

## ولی

دل کوں تجھ باج بے قراری ہے / چشم کا کام اشک باری ہے

شبِ فرقت میں مونس وہم دم — بے قراری و آہ و زاری ہے
ای عزیزاں مجھے نہیں برداشت — سنگ دل کا فراق بھاری ہے
فیض سوں تجھ فراق کے ساجن — چشم گریاں کا کام جاری ہے
فوقیت لے گیا ہوں بلبل سوں — گرچہ منصب میں دہ ہزاری ہے
عشق بازی کے حق منیں قاتل — ہر نگہ خنجر و کٹاری ہے
آتشِ ہجر لالہ روسوں ولیؔ — داغ سینے میں یادگاری ہے

تجھ بنا مجھ کوں بے قراری ہے — میری انکھیاں سوں اشک باری ہے
کیوں نہ ہو چاک چاک میرا دل — شوخ کے ہاتھ میں کٹاری ہے
یک نگہ سوں کیا ہے مست مجھے — اُس کی انکھیاں میں کیا خماری ہے
تیرے ابرو نے مجھ کوں قتل کیا — کیا بلا اس میں آب داری ہے
اب ولیؔ نے یہ تیری صورتِ حسن — صفحۂ دل اُپر اتاری ہے

## فائز

ای خوب رو فرشتہ سیر انجمن میں آ — سروِ روانِ حسن ہمارے چمن میں آ
منہہ باندھ کر کلی سا نہ رہ میرے پاس تو — خنداں ہو کر کے گل کی صفت ٹک سخن میں آ
عشاق جاں بکف ہیں کھڑے تیرے آس پاس — ای دلربائے غارتِ جاں اپنے فن میں آ
دوری نہ کر کنار سوں میرے تو ای ہما — کب لگ رہے گا دور ٹک اپنے وطن میں آ
تیرے ملاپ بن نہیں فائزؔ کے دل کو چین — جیوں روح ہو لبا ہے تو اس کے بدن میں آ

## ولی

ای رشکِ ماہ تاب تو دل کے صحن میں آ — فرصت نہیں ہے دن کوں اگر تو رین میں آ

ای گل عذار غنچہ دہن ٹک چمن میں آ
گل سر پہ رکھ کے شمع نمن انجمن میں آ

جیوں طفلِ رشک بھاگ نہ تو مجھ نظر ستی
ای نورِ چشم نور نمط مجھ نین میں آ

کب لگ اپس کے غنچۂ لب کو رکھے گا بند
ای نو بہارِ باغِ محبت سخن میں آ

تا گل کے رو سے رنگ اڑائے اُس کی نمط
ای آفتابِ حسن لٹک سوں چمن میں آ

تجھ عشق سوں کیا ہے دلی دل کوں بیتِ غم
سرعت ستی ای معنیٔ بیگانہ من میں آ

## فائز

تجھ سا نہیں زلف و خط پری کا
یہ ناز ہے سحرِ سامری کا

کرناں کا بنا ہے نور رخ سوں
چیرہ ہے جو سر پہ تجھ زری کا

ہنس ہنس جو مجھے نظر کرے ہے
ہے طور غریب پروری کا

ای چاند تجھ آگے غرقِ خجلت
ہر شام ہے مہر خاوری کا

دوری نہ کرو ہمن سے اس حار
دل محو تمہاری دل بری کا

تجھ قد کو بغل کرے تمنا
فائز کو خیال برتری کا

## ولی

طالب نہیں ماہ و مشتری کا
دیوانہ ہوا جو تجھ پری کا

یو غمزۂ شوخ ساحری نین
استاد ہے سحرِ سامری کا

تجھ تل سے ای آفتابِ طلعت
ممنوں ہوں ذرہ پروری کا

گفتارِ فرنگ کو دیا آگ
تجھ زلف نے درس کافری کا

تیرا خطِ خضر رنگ ای شوخ
سلطان ہے خشکی و تری کا

وہ سر سوں قدم تلک جھلک میں — گویا ہی قصیدہ انوری کا
خورشید سوں ہمسری کرے ہی — چیرہ ترے سر اُپر زری کا
ای غنچہ نہ فخر کر کہ یو دل — تکمہ ہی پیا کی پگڑی کا
پایا ہی جو کوئی دولتِ فقر — مشتاق نہیں سکندری کا
پھیکی لگے اُس کو شانِ دولت — چاکھا جو مزہ قلندری کا
کہتا ہی ولی پکار یو بات — بندہ ہوں پیا کی دل بری کا

## فائز

مستمنداں کو ستایا نہ کرو — بات کو ہم سے دُرایا نہ کرو
دل شکنجے میں نہ ڈالو میرا — زلف کو گوندھ بنایا نہ کرو
حسنِ بے ساختہ بھاتا ہی مجھے — سرمہ انکھیاں میں لگایا نہ کرو
تم سے مجھ دل کو بہت ہی امید — مجھ سے مسکیں کو کڑھایا نہ کرو
بیدلاں سوں نہ پھراوو مکھڑا — ہم سے تم آنکھ چھپایا نہ کرو
مخلص اپنے کو نہ مارو ناحق — حقِ اخلاص بھلایا نہ کرو
عشق میں فائز شیدا ممتاز — اس کوں سب ساتھ ملایا نہ کرو

## ولی

صحبتِ غیر میں جایا نہ کرو — دردمنداں کو کڑھایا نہ کرو
حق پرستی کا اگر دعوا ہی — بے گناہاں کو ستایا نہ کرو
اپنی خوبی کے اگر طالب ہو — اپنے طالب کوں جلایا نہ کرو
ہی اگر خاطرِ عشاق عزیز — غیر کوں درس دکھایا نہ کرو

مجھ کوں ترشی کا ہے پرہیز صنم — چین ابرو کو دکھایا نہ کرو
دل کوں ہوتی ہے صنم بے تابی — زلف کوں ہاتھ لگایا نہ کرو
نگہ تلخ سوں اپنی ظالم — زہر کا جام پلایا نہ کرو
ہم کوں برداشت نہیں غصے کی — بے سبب غصے میں آیا نہ کرو
پاک بازاں میں ولی ہے مشہور — اس سوں چہرے کو چھپایا نہ کرو

## فائز

جب سجیلے خرام کرتے ہیں — ہر طرف قتل عام کرتے ہیں
مکھ دکھا، چھب بنا، لباس سنوار — عاشقوں کو غلام کرتے ہیں
گردش چشم سوں سریجن سب — بزم میں کار جام کرتے ہیں
یہ نہیں نیک طور خوباں کے — آشنائی کو عام کرتے ہیں
مرغ دل کے شکار کرنے کوں — زلف و کاکل کو دام کرتے ہیں
شوخ میرا بتاں میں جب جاوے — اس کو اپنا امام کرتے ہیں
خوب رو آشنا ہیں فائز کے — مل سبھی "رام رام" کرتے ہیں

## ولی

خوب رو خوب کام کرتے ہیں — یک نگہ میں غلام کرتے ہیں
دیکھ خوباں کو وقت ملنے کے — کس ادا سوں سلام کرتے ہیں
کیا وفادار ہیں کہ ملنے میں — دل سوں سب رام رام کرتے ہیں
کم نگاہی سے دیکھتے ہیں و لے — کام اپنا تمام کرتے ہیں
کھولتے ہیں جب اپنی زلفاں کوں — صبح عاشق کو شام کرتے ہیں

صاحب لفظ اس کوں کہ سکیے جس سوں خوباں کلام کرتے ہیں
دل لے جاتے ہیں اے ولی میرا
سرو قد جب خرام کرتے ہیں

---

زلف کوں کھول دام کرتے ہیں آہوئے دل کو رام کرتے ہیں
دیکھ تجھ لعل لب کی کیفیت زاہداں مے حرام کرتے ہیں
بلبلاں چھوڑ کر چمن کوں سجن تجھ گلی میں مقام کرتے ہیں
گل رخاں فیض لب کے پانی کوں بادہ لعل جام کرتے ہیں
ناوک ناز شوخ چشماں کے دل میں عاشق کے کام کرتے ہیں
کم نگاہی سے دیکھتے ہیں ولی
کام اپنا تمام کرتے ہیں

فائز اور ولی کی ان غزلوں کا مقابلہ کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعری میں فائز کا مرتبہ ولی سے کسی طرح کم نہیں ہے

## فائز کی زبان

فائز کی زبان کوئی پونے تین سو برس پہلے کی اُردو ہے۔ اس لیے اس میں فطری طور پر ایسے لفظ موجود ہیں جو بعد کو متروک ہو گئے۔ یہ لفظ تقریباً سب کے سب ہندی ہیں اور ان میں سے اکثر ہندی زبان میں اب تک استعمال ہوتے ہیں۔ مگر اُردو میں ان میں سے بعض کی جگہ دوسرے ہندی لفظوں نے اور بعض کی جگہ فارسی لفظوں نے لے لی ہے۔ ایسے کچھ الفاظ یہاں پیش کیے جاتے ہیں۔ ان کے سامنے قوسین میں ان کے معنی بھی لکھ دیے گئے ہیں۔ مکھ (چہرہ) نس (رات) نار (عورت) چیری (لونڈی) ادھر (ہونٹ)

برکھ (برس) درپن (آئینہ) رنانا (بے چارہ) من (دل) گمانی (مغرور) چھن (لمحہ) بسرنا (بھولنا) ابھوگن (زیور) سگل (سب) انیک (کئی، بہت سے) میت (دوست) مرگ (ہرن) سن (مثل) برہ (ہجر) چرن (پانوں) ہت (محبت) بیاکل (بے چین) پاتی (خط) نچنت (بے فکر) ٹھور (جگہ) اتر (جواب) نیٹھرائی (دیدہ دلیری) درسنا (دکھائی دینا) سوبھا (خوب صورتی) لگ (تک) ناری (تھی) تیں (تو)۔ اردو کا لفظ سے اس صورت میں بھی موجود ہے مگر اس کی جگہ سیں، سوں، سنی اور سیتی بھی ملتا ہے۔ کسی کی جگہ کسو اور کبھی کی جگہ کبھو کہیں نہیں ملتا لیکن ایک جگہ کہیں کے معنی میں کہوں ملتا ہے۔ کرتا تھا، کہتا تھا وغیرہ کی جگہ کرے تھا، کہے تھا وغیرہ تو کبھی استعمال کیا ہی نہیں گیا۔ آتا ہے، جاتا ہے وغیرہ کی جگہ آئے ہے جائے ہے وغیرہ بھی ایک دو جگہ سے زیادہ نہیں آیا ہے۔

مفرد لفظوں کے علاوہ بعض ایسے محاورے بھی فائز کے یہاں ملتے ہیں جو بعد کو متروک ہو گئے۔ مثلاً پیاری لگنا (محبت ہونا) بھاری لگنا (گراں گزرنا)، سخن میں آنا (باتیں کرنا)، فن ہونا (مشق، مہارت یا کمال ہونا) آخری محاورہ ذیل کے مصرعوں میں آیا ہے:-

تجھے صورت شناسی بیچ فن ہے

---

دل فریبی میں اس کو کیا فن ہے

---

دل بری میں تجھے عجب فن ہے

فارسی اور عربی لفظوں کی جمع فارسی قاعدے کے مطابق بغیر فارسی

ترکیب کے بھی استعمال کی گئی ہے مثلاً زلفاں ، حوراں ، نظراں اس سے
بڑھ کر یہ ہے کہ ہندی لفظوں کی جمع بھی اکثر فارسی قاعدے کے مطابق بنائی
گئی مثلاً کرن ، بھون ، ہاتھ ، بات اور دانت کی جمع کرناں ، بھواں ،
ہاتاں ، باتاں باتاں ، داتاں ایسی جمعوں میں صرف دو جگہ علامت جمع
سے پہلے ایک ی بڑھادی ہے ۔ یعنی کلرل کی جمع کلرلیاں اور ٹھٹھرل کی
جمع ٹھٹھولیاں لائے ہیں ۔ بعض ہندی اور غیر ہندی لفظوں کی جمع اردو کو
قاعدے کے مطابق بھی لائی گئی ہے مثلاً ہے مناسب دلبروں سے دل بری ۔
بے گنا ہوں کا عبث لیتا ہے پاپ ۔ مناسب نہیں عاشقوں سے حجاب ۔
تو رقیبوں کے چمن میں خنداں ۔ خوب رویوں سے واں لگا دربار ۔
ان چکوروں سے دور رہ اے چاند ۔

فائز ہندی اور فارسی لفظوں کو فارسی قاعدوں کے مطابق ترکیب
دیتے ہیں ۔ مثلاً آہو نین ، جادو نیں ، کنچن بدن ، ہاتھ بستہ ، گھر بہ گھر ،
دل و انکھیاں ، عشق و لاج ، مرکی و نتھ ، بہل و رتھ ، شعلۂ جوبن ، بحرِ جوبن ، فوج پیادہ
فارسی کے مصدر اور فعل تو استعمال نہیں کرتے ۔ مگر حروف معنوی کبھی کبھی
لے آتے ہیں ۔ مثلاً

چہرہ سب کا از گلال آتش فشاں

---

مٹے ہاتھی سی چلتی تھی ز جوبن

---

جیوں سبھا اندر کی در باغ ارم

---

پان پھرانی تھی وہ جب برڈوکاں

شور تیرا سبی کے درسر ہر　　　ذکر تیرا ہے شہر گھر گھر ہی

ایک جگہ فارسی ضمیر استعمال کی ہو مگر فارسی ترکیب کے ساتھ،

"بیتیں برکھ برکھ زغم او گھڑ گھڑی" کو یا کوں کا لفظ علامت اضافت کے

طور پر بھی لاتے ہیں مثلاً

تجھ کو خوبی میں اب نہیں جوڑا

---

تجھ کوں نہیں ہو ثانی

---

نہیں تجھ کو شریک ای ذات بیچوں

---

مرگ سے اس حور لقا کو تھے نین

---

کہ خنجر گزاری ہو اس کوں شعار

پر اور اس کے مخفف پہ کو کئی جگہ کچھ عجب طرح سے استعمال کیا ہو

جیسا کہ ذیل کی مثالوں سے واضح ہو گا۔

مرا دل بند ہو اس نازنیں پر　　　دل بندھا سخت تیری زلفاں پر

محو ہوں میں جمال پر تیرے　　　محو ہوں درین سا تجھ پر ای حبیب

عالم ہو تجھ پہ حیراں　　　دل بند تجھ پہ میرا

حروف معنوی اور علامت اضافت کو اکثر حذف کر دیتے ہیں۔ ذیل میں

چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔ جہاں کہیں کوئی لفظ محذوف ہو وہاں ذرا سی

جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہو۔

سب کے تن ـــ رخت کیسری ہی یاد
سبوں کے رنگ برنگ تھی پا ںگڑی باندھ ـــ
} میں محذوف

---

ہر اک غمزے ـــ اُپر جاں مبتلا ہی
اس کو سب ـــ ساتھ ملایا نہ کرو
اس ـــ حسن کا دیکھ تازہ گلزار
} کے محذوف

---

لال بادل کی تجھ ـــ جھڑی ہی یاد
ہم قریں مجھ ـــ نہ کر رقیباں سوں
یہ نصیحت تمن ـــ ہماری ہی
مرتے تھے عشاق دیکھ اس خوب رو ـــ
} کو محذوف

---

عقل فائز کی اُن ـــ لبھاری ہی
بال دیکھے ہیں جب سے میں ـــ تیرے
تیرے پیچھے سبھی کو ہم ـــ چھوڑا
} نے محذوف

کبھی کبھی حرف ربط ہی اور ہیں کو بھی محذوف کر دیتے ہیں۔ مثلاً

چھیدتی ـــ سب کے دل کو جیوں بادام	کرتی ـــ تجھ پلک کام سوزن کا
مارتی ـــ مجھ کوں ای کہاں	یہ پلک تیر و یہ نگہ تلوار
دوری نہ کر ہمن سے اس حد	دل خو تماری دل بری کا

موزونیت کی ضرورت سے لفظوں کے تلفظ میں (۱) کبھی متحرک

حروف کو ساکن (۲) کبھی ساکن کو متحرک (۳) کبھی مخفف کو مشدد (۴) کبھی مشدد کو مخفف کر دیتے ہیں ۔

(۱) پَلَک ۔ ہَرَن ۔ کِرَن (۲) نَیَنَ ۔ بُرَین ۔ حُسْن (۳) ہنگامہ ۔ مُکھ (۴) لکے (لکّے) دیا (دیّا) ۔ اسی ضرورت سے (۱) کبھی اعراب کو کھینچ کر حرفِ علت تک پہنچا دیتے ہیں ۔ (۲) کبھی حروفِ علت کو دباکر اعراب کی حد میں لے آتے ہیں ۔ مثلاً (۱) پھاندا (پھندا) لاگے (لگے) ساجن (سجن) راکھ (رکھ) ناہیں (نہیں) بہوت (بہت) میٹھائی (مٹھائی) موکھ (منھ) ہوائی (ہوئی) چھوٹی (چھوٹی)

(۲) اُپر (اوپر) گل (گال) ہت (ہاتھ) دِکھ (دیکھ) آگے (آگے) سُرج (سورج) دِوے (دیوے) لویں (لیویں) دِکھے (دیکھے) نہیں بروزن فع ۔ اندھیاری بروزن فعولن ۔

اُردو غزل میں یار کا لفظ معشوق یا محبوب کے معنی میں آتا ہے مگر فائز نے اسے عاشق کے مفہوم میں بھی استعمال کیا ہے مثلاً

عشق کی آگ میں رہے دن رین ۔۔۔ یار تیرا مگر سمندر ہے

راست اگر سروسی قامت کرے ۔۔۔ یار کی آنکھوں میں قیامت کرے

اسی طرح یاری کا لفظ عشق یا محبت کے معنی میں استعمال کیا ہے کہتے ہیں

تدبی فار عاشق کی بوجھے سجن ۔۔۔ کسی ساتھ اگر تجھ کوں یاری لگے

دنیا کی ہر زبان میں ہمیشہ کچھ پرانے لفظ استعمال سے خارج اور کچھ نئے لفظ داخل ہوتے رہتے ہیں ۔ اردو میں بھی یہ فطری اور ارتقائی عمل جاری ہے اور اسی کا نتیجہ ہے کہ فائز کی زبان ہماری زبان سے کچھ مختلف نظر آتی ہے ۔ چند بے قاعدگیوں اور شاعرانہ آزادیوں کو چھوڑ کر

اُن کی زبان اور موجودہ ٹکسالی اُردو میں صرف و نحو کے اعتبار سے کوئی خاص فرق نہیں ہو۔ چناں چہ تقریباً پونے تین سو برس گزر جانے کے بعد آج بھی ہم کو فائز کے بعض لفظوں کے معنی سمجھنے میں کچھ دقت ہوتو ہو اُن کے کلام کا مفہوم سمجھنے میں کوئی دقت نہیں ہوتی۔

## فائز اور عیوب قافیہ

فائز عروض اور قافیے کے فنوں سے خوب واقف تھے۔ انھوں نے اپنے کلیات کے خطبے میں اُن سے تفصیل کے ساتھ بحث کی ہو اور اس سلسلے میں قافیے کے تمام عیب ایک ایک کر کے گنوائے ہیں۔ اگرچہ ان عیبوں کی مثالیں اُن کو ایرانی استادوں کے کلام میں مل گئی ہیں، پھر بھی وہ ان مثالوں کو معیوب قافیوں کے جواز کی سند نہیں مانتے اور ان کو قبیح و ناجائز ہی قرار دیتے ہیں۔ اس کے باوجود ان کے اُردو کلام میں چند شعر ایسے ملتے ہیں جن میں انھوں نے عیوب قافیے کا لحاظ نہیں رکھا۔ ایک غزل میں پری اور مسخری کے ساتھ دوسری ابری اور گھڑی کو بھی قافیہ کر دیا ہو۔ ان کا ایک شعر ہو۔

یار ایام دل بری ہو یاد     سیر گل زار و مے خوری ہو یاد

دل بری کو مے خوری کے ساتھ قافیہ کرنا اگرچہ ہمارے مذاق میں پسندیدہ نہیں ہو مگر ایرانی شاعروں کے یہاں بہت عام ہو اور اس معاملے میں فائز نے انھیں کی پیروی کی ہو۔ ذیل میں فائز کے دو شعر نقل کیے جاتے ہیں جن میں قابل اعتراض قافیے آگئے ہیں: —

عشق معبود کیا مناسب ہو     خالق اس کالبد کا دور سبا ہو

کرے دل کو پانی ہر اک مہندنی     نظر پڑتی پانی اُپر چندنی

| | |
|---|---|
| سبھن کا دست گیر اس جگ میں تو ہی | خدایا رات دن مجھ من میں تو ہی |
| سر سے پا تک تمام ننگی تھی | اس کے پنڈے پہ ایک لنگی تھی |
| مرے دل کو آتا ہے اس سے حذر | کہ ان کو نہ لاگے سورج کی نظر |

واوِ معروف اور یائے معروف کو واوِ مجہول اور یائے مجہول کا قافیہ کرنا فائزؔ کے نزدیک معیوب ہی مگر یہ عیب بھی ان کے بعض شعروں میں موجود ہی۔ وہ شعر یہ ہیں :-

| | |
|---|---|
| مرے درد دل کا ہوا ک دم طبیب | جدائی سے تیری ہوا ناشکیب |
| ایک جانب میں بھانڈ کا ہی شور | دیکھنا ان کا اہلِ دل کو ضرور |
| شبّیر و شبّرؔ نبی کے عزیز | جن سے کیا اہل حسد نے ستیز |
| مہر علی کی ہی جسے دل کے بیچ | خوف سے محشر کے اُسے غم نہ ہیچ |

ان چند شعروں کے سوا قافیے کا کوئی عیب شاید اور کہیں نہ ملے گا۔ عروض کے قاعدوں کی پابندی ہر جگہ کی گئی ہی۔ بعض شعر پہلی نظر میں ناموزوں معلوم ہوں گے لیکن کلام کی موزونیت کے لیے لفظوں کے تلفظ میں جو تبدیلیاں فائزؔ نے جائز رکھی ہیں اور جن کا ذکر فائزؔ کی زبان کے سلسلے میں کیا جا چکا ہی اگر وہ نظر میں رکھی جائیں تو کوئی مصرع ناموزوں نہ ٹھہرے گا۔

**دیوانِ فائزؔ کا رسم الخط** فائزؔ کے دیوان کا قلمی نسخہ جو اس مطبوعہ نسخے کی اصل ہی، اس کے رسم خط میں کچھ ایسی خصوصیتیں ہیں جن سے اس کے پڑھنے میں بہت دقت ہوتی ہی قارئین کو اس دقّت سے بچانے کے لیے یہ کیا گیا ہی کہ جن لفظوں کا املا بدل دینے سے اُن کے تلفظ میں تبدیلی ہو جانے کا احتمال نہیں تھا ان کی صورت

اُردو کے موجودہ رسم خط کے مطابق کردی گئی ہے۔ لیکن وہ اور دو، کو اور کوں، تھی اور تی، تھا اور تا، بی، سبی، اور سبوں کو ہر جگہ نہایت احتیاط سے اصل کے مطابق لکھا ہے۔ اس لیے کہ ان لفظوں کی صورت بدلنا ان کا تلفظ بدلنے کے برابر تھا۔ اصل نسخے کی رسم خط کی خصوصیتیں مثالوں کے ساتھ ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔

۱۔ بھی، سبھی اور سبھوں کو ہمیشہ بی، سبی اور سبوں لکھا ہے۔

۲۔ تھی کو بعض جگہ تی اور ایک جگہ تھا کو تا لکھا ہے۔ تو ہی کو بعض جگہ توئی لکھا ہے۔

۳۔ وہ کو زیادہ تر وو اور کبھی تلفظ کے اعتبار سے و دو( لکھا ہے۔

۴۔ پیش کی حرکت ظاہر کرنے کے لیے بعض جگہ واو سے کام لیا ہے مثلاً اوس (اُس) مورکی (مُرکی)، موکی (مُکی)۔ بہوت (بہت)

(۵) زیر کی حرکت کے اظہار کے لیے کبھی کبھی یے سے کام لیا ہے مثلاً ویکھاوے (دکھاوے)

۶۔ معروف اور مجہول یے میں امتیاز نہیں کیا گیا ہے۔ مثلاً کی (کے)، ہی (رہی)، مجی (مجھے)

۷۔ دو چشمی ہے اور کھنی دار ہے میں فرق نہیں کیا ہے۔ مثلاً بھم (بہم) پہولی (پھولی) پہلجہری (پھلجھڑی) بہونہ (بھوں)

۸۔ گاف پر ہمیشہ ایک ہی مرکز لگایا ہے۔

۹۔ ٹ۔ ڈ۔ ڑ کو ہمیشہ ت۔ د۔ ر لکھا ہے۔

۱۰۔ ہے کی جگہ بعض دفعہ بدل دی ہے مثلاً باہمن (باہمن)۔

کتھراں (کھترانی) پنہچی (پہنچی)

(۱۱) مخلوط ہے کو بعض جگہ حذف کر دیا ہے مثلاً سکی (سکھی) - اندیاری (اندھیاری) انکیاں (انکھیاں) تناری (تھاری) لک (لکھ) سات (ساتھ) ہات (ہاتھ) دود (دودھ) سُد بُد (سُدھ بُدھ) تجکو (تجھ کو) مجکو (مجھ کو)

(۱۲) نون غنہ پر ہمیشہ نقطہ لگا یا ہے۔

(۱۳) ہوتی ہیں کو ایک دو جگہ ہوتیں ہیں اور پڑتے ہیں کو ایک جگہ پڑتیں ہیں لکھا ہے۔

(۱۴) علامت فاعل نے کو ایک دو جگہ نین لکھا ہے۔

(۱۵) آؤ، بلاؤ، بھلاؤ، کو آوو، بلاوو، بھلاوو لکھا ہے۔

(۱۶) ایک جگہ دنوں کو دنو اور ایک جگہ پاؤں پانو لکھا ہے۔

(۱۷) پہچان کو پچان اور پہچانا کو پچھانا لکھا ہے۔

(۱۸) کو اور کون (کوں) دونوں استعمال کیے ہیں۔ دو جگہ کوں لکھنے کے بعد نون کو چھیل دیا ہے مگر اس کا نشان باقی رہ گیا ہے۔ ایک جگہ تو کو توں اور ایک جگہ تلے کو تلیں لکھا ہے۔

(۱۹) جن لفظوں کے آخر میں ہائے مختفی ہوتی ہے ان میں امالہ کرنے کے موقعوں پر کبھی ہے کو یے سے بدل دیا ہے اور کبھی نہیں بدلا ہے۔

(۲۰) اک کو کبھی ایک اور کبھی یک لکھا ہے۔

(۲۱) بعض لفظوں کو کئی کئی طرح لکھا ہے مثلاً منک، مکہ، مکھ (مکھ) موہ، موہہ، موںہ، مونہہ (منھ) مہرخاں، مہرخاں۔

(۲۲) منبر، سنبل، عنبر وغیرہ کے قیاس پر ہندی لفظوں میں میم کی جگہ نون بے لکھا ہے۔ مثلاً تبنو، (تمبو) بنبھہ (بمبھا)

۲۳۔ چھپا کو چھپیا اور برمھا کو برنہما لکھا ہی۔

۲۴۔ حروف معنوی کو اکثر ان کے متعلقہ الفاظ سے ملا کر لکھا ہی مثلاً نرہ (نہ رہ) دلکو (دل کو) جیکو (جی کو) نکریں (نہ کریں) غمسوں (غم سوں) ہیوقر (بے وقر) مجسا (مجھ سا) بینے (ہیں نے) نمارو (نہ مارو)

۲۵۔ کہیں کہیں لفظوں کے بے موقع ٹکڑے کر دیے ہیں۔ مثلاً بن نا ہی (بنتا ہی) لٹک تا ہی (لٹکتا ہی) مٹک تا ہی (مٹکتا ہی) نہ ہیں (نہیں) جھڑک تی ہیں (جھڑکتے ہیں) کل کلا تی ہیں (کھکھلاتی ہیں) کہل بلی (کھلبلی)۔

۲۶۔ کاف اور لام کا جوڑ رستے سے اس طرح ملایا ہی کہ کبھی کبھی دارسے بن گئی ہی مثلاً پکہرا (پکڑا) لہری (لڑی)۔

۲۷۔ موزونیت کی ضرورت سے جہاں لفظوں کے تلفظ میں فرق کر دیا گیا ہی وہاں بھی رسم خط اصل تلفظ کے مطابق رکھا ہی۔ مثلاً نہیں فع کے وزن پر۔ سورج، اوپر فعل کے وزن پر۔ دیوانہ، فعولن کے وزن پر۔ ایک فع کے وزن پر

رسم خط کی یہ بے قاعدگیاں بہ ظاہر چھوٹی چھوٹی سی معلوم ہوتی ہیں۔ مگر یہی جب کئی کئی مل کر کسی لفظ یا فقرے میں آ جاتی ہیں تو اس کا پڑھنا دشوار ہو جاتا ہی۔ ذیل کی مثالوں سے اس دشواری کا کچھ اندازہ کیا جا سکتا ہی۔

کاری = گاڑی۔ بکار = بگاڑ۔ اب چہرا = اچھرا۔ کور = گرگٹ۔ باند = بھانڈ۔ کہرا = گڑھا۔ اکری = اگری۔ اوہتا = اوٹھا۔ چکہت = چنگسٹ۔ آکی = آگے۔ توجہی = تجھے۔ کری = گھڑی۔ رنبہا = رمبھا۔ نکنبود = نگمبود۔ دود پیری = دودھ پڑے۔

کرتی ہیں = گرتے ہیں ۔ کرتا ہوں = کڑھتا ہوں ۔ لاکے ہی = لاگے ہی۔ کا کا کی = گا گا کے ۔ کالی ندی کمائی = گالی نہ دے کمائی ۔ یہ آخری مثال بہت پُر لطف ہی۔ اب ایک مثال اس سے بھی زیادہ پر لطف پیش کی جاتی ہی جس سے واضح ہو جائے گا کہ دیوان فائز کا جو قلمی نسخہ میرے پیش نظر تھا اس کے بعض مقامات کا صحیح پڑھ لینا کتنا دشوار تھا۔ وہ مثال یہ ہی۔ "تن جدہارا کہ کل ہیں ست سیلی" = تن چڑھا راکھ گل میں شت سیلی (یعنی بدن پر راکھ مل کے اور گلے میں سیلی ڈال کے)۔

رسم خط کی انھیں بے قاعدگیوں کا نتیجہ ہی کہ بعض لفظوں کے متعلق یہ نہ معلوم ہو سکا کہ فائز کے زمانے میں اُن کا تلفظ کیا تھا اور بعض کے متعلق یہ فیصلہ نہیں کیا جا سکا کہ فائز نے ان کو مذکر باندھا ہی یا مونث ۔ مجبوراً ان لفظوں کے تلفظ اور تذکیر و تانیث میں موجودہ زبان کا اتباع کیا گیا ہی۔

# ملحقاتِ مقدّمہ

(اس کتاب کی تالیف و ترتیب اور کتابت و طباعت کے درمیان میں بہت سا وقت گزر گیا۔ اس اثنا میں مطالعہ جاری رہا اور کام کی باتیں معلوم ہوتی رہیں۔ اُن میں سے بیشتر کتاب کے مقدمے میں مناسب مقاموں پر درج کر دی گئیں۔ بقیّہ یہاں لکھی جاتی ہیں۔ ہر بات کے شروع میں کتاب کے اُس صفحے اور سطر کا حوالہ دے دیا گیا ہے جس سے اُس کا تعلق ہے۔)

صـ ۲۳ س ۹۔

حکیم الممالک اور مومن علی خاں دونوں حکیم محمد مومن شیرازی کے خطاب ہیں۔ اُس کا کچھ حال اُس کی غیر مطبوعہ عربی تصنیف خزانۃ الخیال سے یہاں لکھا جاتا ہے۔ حکیم نے اس کتاب میں ایک جگہ لکھا ہے کہ میں نے ۹ رشوال سنہ ۱۱۳۰ھ کو اس کی تصنیف سے فرصت پائی۔

حکیم محمد مومن بن حاجی محمد قاسم بن حاجی محمد ناصر بن حاجی محمد الجزائری نسلاً عرب تھا۔ مگر اُس کی پیدائش اور پرورش شیراز میں ہوئی۔ شہنشاہ اورنگ زیب کے عہد میں وہ دکن آیا اور کچھ دن عسرت

میں بسر کیے۔ آخر چند اُمرا اُس کے حال پر مہربان ہو گئے، جن میں امیر شمس الدین علی اصفہانی مخاطب بہ مخلص خاں، امیر برہان الدین خراسانی مخاطب بہ فاضل خاں، امیر محمد مہدی اردستانی مخاطب بہ حکیم الملک اور حکیم محسن خاں خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اِن لوگوں کی ہدایت کے مطابق محمد مومن نے ایک کتاب جس سے طب کے علاوہ حدیث، تفسیر اور حکمت سے واقفیت کا بھی اظہار ہوتا تھا "جنّاتِ عدن" کے نام سے لکھ کر اورنگ زیب کی خدمت میں پیش کی۔ بادشاہ نے وہ کتاب بہت پسند کی اور صدر الصدور نواب سیادت خاں بلخی کو دکھائی۔ اُس نے بھی اُس کی بہت تعریف کی۔ بادشاہ نے اُس کے صلے میں ایک چھوٹا سا منصب اور کچھ انعام مصنف کے لیے تجویز کیا اور اُس کو اپنے پوتے محمد معز الدین جہاندار شاہ ابن محمد معظّم قطب الدین بہادر شاہ کے ساتھ کر دیا۔ وہ شاہزادہ اُس پر بہت مہربان ہو گیا۔ کچھ دن بعد اورنگ زیب نے جہاندار شاہ کو ملتان اور سندھ وغیرہ کی حکومت دے کر دکن سے رخصت کر دیا۔ حکیم بھی اُس کے ہمراہ تھا۔ ملتان کے قیام کا زمانہ بڑے عیش میں گزرا۔ کچھ مدّت کے بعد خبر ملی کہ اورنگ زیب کا انتقال ہو گیا ہے اور محمد معظم اُس کی جگہ تخت پر بیٹھ گیا ہے۔ شاہزادہ جہاندار فوراً دہلی کی طرف روانہ ہو گیا۔ کچھ دن خانہ جنگی ہوتی رہی۔ آخر محمد معظم بہادر شاہ تخت کے اور سب دعویداروں کو زیر کر کے ہندوستان کی سلطنت کا مالک بن گیا اور اپنے بیٹوں کو خاص کر جہاندار شاہ کو بڑے بڑے منصب اور انعام عطا کیے۔ کچھ زمانے کے بعد حکیم نے وطن جانے کی اجازت مانگی جو شاہزادے نے نہ دی اور اُس پر پہلے سے زیادہ مہربانی کرنے لگا۔ اُس نے بادشاہ سے بھی حکیم کا ذکر بہت تعریف کے ساتھ کر کے اُس کو دربار میں پہنچا دیا۔

حکیم نے اپنی تصنیف زہرۃ الحیاۃ الدنیا جو نظم و نثر پر مشتمل تھی پیش کی اور بادشاہ نے اس کو پسند کیا۔ ابھی زیادہ مدت نہیں گزری تھی کہ محمد معظم بہادر شاہ نے دنیا سے رحلت کی اور عنان سلطنت جهاندار شاہ کے ہاتھ میں آئی۔

اُس نے حکیم پر بہت نوازشیں کیں اور اُس کو سہ ہزاری دو صد سوار کا منصب اور حکیم الممالک مومن علی خاں کا خطاب عطا کیا۔ اس کا ذکر حکیم نے اپنی تصنیف طیف الخیال میں کیا ہے۔ اب امرا میں اُس کا شمار ہونے لگا اور بادشاہ کا انتہائی تقرب حاصل ہو گیا۔ جب حکیم کے پاس بہت دولت جمع ہو گئی تو اُس نے وطن جانے کی خواہش کی۔ مگر بادشاہ نے اُس کی درخواست نامنظور کر دی اور اُس کو خوش رکھنے کے لیے انعام و اکرام میں اور اضافہ کر دیا۔ آخر حکیم نے وطن کو خیرباد کہہ کر ہندوستان میں قیام جاری رکھا۔

(خزانۃ الخیال کا قلمی نسخہ جو میرے سامنے ہے اُس میں بڑی تقطیع کے چار سو آٹھ صفحے اور ہر صفحے میں اٹھائیس سطریں ہیں۔ اُس کی کتابت رجب ۱۲۵۴ھ میں تمام ہوئی۔ کاتب کا نام محمد رضا ہے۔ خط خفی اور اچھا ہے۔)

---

ص ۳۵ س ۹۔

مآثر عالم گیری میں علی مردان خاں کے ایک اور بیٹے محمد علی بیگ کا ذکر ملتا ہے، جو جلوس عالم گیری کے چودھویں سال ۱۰۸۲ھ میں ایران سے آکر دربار شاہی میں باریاب ہوا اور اُس کو خلعت، شمشیر، مرصع خنجر، موتیوں کا مالا اور دس ہزار روپے نقد مرحمت ہوئے۔ پھر اُسی سال اُس کو دو ہزاری دو ہزار سوار کا منصب، علی قلی خاں کا خطاب، علم، نقارہ اور تیس ہزار طلائی اور نقرئی سکے عنایت ہوئے۔

## ص ۳۶ آخری سطر۔

جس نے پیا مونھ کا نبی کے لعاب علم کا وو کیوں نہ ہوے جگ میں باب

اور نہیں دہر میں مشکل کشا کام کرے سب علی مرتضیٰ

باغ نبوت کے دو ریحانتین[7] اس کے دو فرزند حسن اور حسین

شبر و شبیر نبی کے عزیز جن سے کیا اہلِ حسد نے ستیز

حضرت زہرا ہی تھی بضعۃ الرسول[8] اس کے منافق ہیں سبی دیو و غول

---

[1] لحمک لحمی = تیرا گوشت میرا گوشت ہے۔ رسول صلعم کی ایک حدیث کا ٹکڑا ہے۔

[2] اہلِ قبول = وہ لوگ جو خدا کی بارگاہ میں مقبول ہیں جن کے اعمال خدا کو پسند ہیں جن سے خدا راضی ہے۔

[3] سرورِ عالم = دنیا کا سردار۔ مراد پیغمبرِ عرب صلعم

[4] حیدر = شیر۔ حضرت علی کا ایک نام

[5] بابِ مدینہ = شہر کا دروازہ۔ اشارہ ہے رسول کی اس حدیث کی طرف "انا مدینۃ العلم و علی بابہا" یعنی میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہیں۔

[6] خیر الانام = سب سے اچھا انسان۔ مراد پیغمبرِ اسلام صلعم

[7] ریحانتین = دو خوش بودار پودے۔ اشارہ ہے رسول کی ایک حدیث کی طرف جس میں آپ نے حسنؓ اور حسینؓ کو ریحانتین قرار دیا ہے۔

[8] بضعۃ الرسول = رسول کا ٹکڑا یا پارۂ جگر۔ رسول صلعم کے اس قول کی طرف اشارہ ہے۔ "اَلْفَاطِمَۃُ بِضْعَۃٌ مِنِّی مَنْ اَذَاہَا فَقَدْ اَذَانِی وَمَنْ اَذَانِی فَقَدْ اَذَی اللّٰہ" یعنی فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس نے اس کو اذیت دی اس نے مجھ کو اذیت دی اور جس نے مجھ کو اذیت دی اس نے خدا کو اذیت دی۔

خیرِ نسا[1] جس پہ نہیں مہرباں
لعن کرے اس کو خدائے جہاں

سترِ الٰہی سے ہے واقف علی
رتبے میں ہم پلہ ہے وہ با نبی

واقفِ آیاتِ کلامِ خدا
کون ہے جز حیدرِ مشکل کشا

جس کوں نہیں شوق علی کا مدام
کیا دھرے وہ جام سوں کوثر کے کام

خسروِ آفاق ہے وہ بوالحسن[2]
معتقد اس کے ہیں سبی مرد و زن

جو نہیں دنیا میں علی کا غلام
دوزخِ سوزاں میں ہے اس کا مقام

مہرِ علی کی ہے جسے دل کے بیچ
خوف سے محشر کے اسے غم نہ بیچ

میرِ عرب شاہِ عجم ہے علی
ہے بی خلیفہ وہ بہ نصِّ جلی

اس کو نبی نے جو دی ذوالفقار
کفر کو معدوم کیا اس نے مار

جان کیا اس نے فدائے رسول
چشمِ منافق میں پڑا خاک دھول

عمرو[3] سے کافر کا کیا سر جدا
اس سے قوی شرعِ رسولِ خدا

مُرّہ کافر کو کیا جب دو نیم
تب پڑا کفار کے دل بیچ بیم

محرمِ اسرارِ رسولِ خدا
کوئی نہ تھا جز علیِ مرتضےٰ

جس کو کرے لطف سے حیدر نظر
دولت و اقبال ہو وے جلوہ گر

کر نظرِ رحم مجھے یا علی
تاکہ رہوں مہر سا میں منجلی

سینۂ غم گیں تو اب شاد کر
اک نگہِ لطف سے آباد کر

لشکرِ سودا نے کیا ہے ہجوم
چھائے میرے دل پہ غمامِ غموم

---

[1] خیرِ نسا = سب سے اچھی عورت ۔ مراد حضرت فاطمہ رضؓ

[2] بوالحسن = حسن کے والد ۔ حضرت علی کی کنیت

[3] عمرو بن عبدِ وُدّ = عرب کا ایک نامی پہلوان جو جنگ میں ہزار سواروں کے برابر سمجھا جاتا تھا اور ۵ھ مطابق ۶۲۷ء میں جنگِ خندق میں حضرت علی کے ہاتھ سے مارا گیا۔

تو ہی شفا بخش تن زار کا — تو ئی دوا ہی دل بیمار کا

لطف کریماں سے نہیں کچھ عجب — کرتا ہوں اس راہ[۱] سے تجھ سے طلب

صحت جاوید عطا کر مجھے — داخل اقلیم شفا کر مجھے

کچھ نہیں ہی لطف سے تیرے بعید — ہووے رین غم کی مری روزِ عید

کوئی نہیں خازنِ گنج خدا — تیرے بن ای حیدرِ مشکل کشا

مجھ کو ہی وو عرض یہی یا علی — آیا ہوں اب مانگنے تیری گلی

فائز بیدل کو سرفراز کر
صحت جاوید سوں ممتاز کر

---

## تعریف پنگھٹ

گیا جب سیر میں پنگھٹ کا گلزار — کنویں کے گرد دیکھی فوج پنہار

کروں کیا وصف اس سنگت کے تحریر — کروں کیا ان کی میں خوبی کی تقریر

ہر اک پنہا رواں اک اپچھراتی — کنویں کے گرد اِندر کی سبھا تی

بیاں کیوں کر کروں اُن کی میں رفتار — کروں تقریر کیا پیجن کی جھنکار

رواں تھے جیسے پرچندرا جارے — زمیں پر سیر کرتے تھے ستارے

لے آئی تھی جھجریا ایک سندر — لے جاتی اک گگریا سیس پردھر

سبھن کی رنگ رنگ لہنگا و ساری — کنارے ان کے تھی ٹاکی کناری

سبھوں کے رنگ برنگ تھی بانکڑی ہاتھ — گگریا تھی سبھی کی سر اوپر ساتھ

---

[۱] اس راہ سے = اس سبب سے ، اس وجہ سے 'ازیں راہ' کا ترجمہ ہی

اُناں میں ایک تھی جوبن میں ممتاز    کیا میں اس سوں ہنس کر ایک انداز
منتے ہاتھی سی چلتی تھی اُجوبن    نہ آہٹ پاتے گر بجتی نہ پیجن
گھڑا سر پر کھڑی تھی راہ اوپر    یقیں یوسف کی جا ہی چاہ اوپر
گگریا چھوئی ہیں اس کی اداکر    دیا[1] کرنے لگی وہ منھ چھپا کر
نٹھنا کر سینہ بجلی سی چمک کر    گئی جیوں ہرنی آگے سوں مٹک کر
لگی کہنے سکھی سوں منھ پھلا کر    مڑوڑی بھوں نہ انکھیاں کوں پھرا کر
کہ اب چھوئی نرک نے یہ گگریا    لے جاؤں گھر میں کیوں کر آج دیّا
جھول لگ اس کنویں آئی سوں آئی    نہ لیوں پنگھٹ کا میں پھر نام مائی

مثل ہی بھولے[2] باہمن گاے کھائی
جواب پھر آؤں تو لچھمن دُہائی

## تعریف ہولی

آج ہی روز بسنت ای دوستاں    سرو قد ہیں بوستاں کے درمیاں
باغ میں ہی عیش و عشرت رات دن    گل رخاں بن نہیں گزرتی ایک چھن
لے عبیر اور گجا بھر کر رومال    چھڑکتے ہیں اور اڑاتے ہیں گلال
سب کے تن میں ہی لباس کیسری    کرتے ہیں صد برگ سوں سب ہمسری
خوب رو سب بن رہے ہیں لال زرد    باغ کا بازار ہی اس وقت سرد

---

[1] دیا - دیّا = ای خدا یہ ہندو عوام کی زبان ہی
[2] پوری مثل یہ ہی "بھولے باہمن گائے کھائی اب کھاؤں تو رام دہائی"

چاند جیسا ہے شفق بھیتر عیاں | چہرہ سب کا از گلالِ آتش فشاں
رنگ سوں ہیں پیرہن سب گل سے لال | نین ہیں رنگیں کنول سے از گلال
ہر چھبیلی از لباس کیسری | تازہ کرتی ہے بہارِ جعفری
بیٹھ ہنڈولے جھولتی گاتی ہنڈول | لے گلال بہت گال مل کرتی ٹھٹھول
ناچتی گاگا ہوری دمبدم | جیوں سبھا اندر کی در باغ ارم
از عبیر و رنگِ کیسر اور گلال | ابر چھایا ہے سفید و زرد و لال
جیوں جھڑی ہر سو ہے پچکاری کی دھاَ | دوڑتی ہیں ناریاں بجلی کے سار
جوشِ عشرت گھر بہ گھر ہے ہر طرف | ناچتی ہیں سب تکلف برطرف

غلماں بنسیتی رکھا ہیں ہندنیاں حورعین
سچ ہے دنیا جنۃ للکافرین

---

# در وصف بھنگیڑن درگاہِ قطب[1]

ایک دیکھی میں بھنگیڑن دل رُبا | من ہرن اُکیچن برن ماہ رو ریں لقا
اچھرا اندر کی سوں تھی خوب تر | حسن اُس کا تھا پری سوں بیشتر
دو بھواں تیغ جنوبی سی دراز | ہونے صد محمود دو مکھ دیکھ ایاز
بیٹھتی چوکی پہ جب وہ نازنیں | حسن کے کشور میں تھی کرسی نشیں

---

[1] قطب - خواجہ قطب الدین بختیار کاکی جو دہلی میں قطب صاحب کے نام سے مشہور ہیں سلطان شمس الدین التمش کے عہد میں ماوراء النہر سے ہندستان آئے اور دہلی میں سکونت اختیار کی - وہیں ۱۴ ربیع اول ۶۳۳ھ کو انتقال کیا -

اس نین کا دیکھنا دنبالہ بالا — لیتی دل جادو سوں دنبالے لگا[1]

دو نین تھے اس کے چنچل جیوں کھنجن — جن کے دیکھے مرگ پکڑے جوگ بن[2]

تھیں انیندی انکھیں اس کی دل فریب — جس کے دیکھے دل سے جاتا تھا شکیب

ناک اس کی تھی کلی سوں خوب تر — صاف درپن سوں تھا و مکھ بیش تر

دو ادھر تھے اس کے جیوں یاقوت لال — گل ہوا اس غنچہ لب کے آگے لال

دانت اس کے تھے سبھی دُرِّ یتیم — لعل کرتے بات میں دو لب دو نیم

تھی دھڑی اس کے ادھر پر خوش نما — دو ادھر تھے دونوں لعلِ بے بہا

کنج لب پر اس کے تھا زیبندہ خال — تھے دراز اس موکمر[3] کے سر کے بال

ناگنی سی تھیں لٹاں دو اُس کے بر — ہوش اُن دیکھے سے جاتا تھا بسر

جیوں کلی تھا رنگ فندق دل ربا — گل سے افزوں تھی ہتھیلی میں صفا

از حنا سر پنجہ ہا عناب رنگ — می پرید از دیدنش از کلہ بنگ[4]

دل فریبی کی ادا اس کی انوپ — روپ میں تھی رادھکا سوں بھی سروپ

پر تکلف پہنی تھی اس نے دو کول — جانی تھی جس دیکھ سدھ بدھ تن کی بھول

سب ابھوکن اس کے تن پر خوش نما — تھا دو پٹا بادلے کا پر جھلا

پیشواز[5] اس کی دو دامی ڈانگ دار — دل گرفتار اس میں ہوتا تا رتار

---

[1] دنبالے لگالیتی = اپنے پیچھے لگالیتی ہے اپنے اوپر فریفتہ کرلیتی ہے، موہ لیتی ہے۔

[2] جوگ بن پکڑے = فقیری کا جنگل اختیار کرے فقیر بن کر جنگل میں جا رہے

[3] موکمر = جس کی کمر بال کی سی باریک ہو یعنی بہت پتلی کمر والی

[4] بنگ از کلہ یا از سر پریدن کے معنی ہیں بھنگ کا سر سے اڑ جانا یعنی نشہ اتر جانا۔ مصرعے کا مطلب یہ ہوا کہ اس کے دیکھنے سے نشہ ہرن ہو جاتا تھا۔ مدہوش آدمی ہوش میں آجاتا تھا۔

[5] پیشواز = ایک گھیردار زنانی پوشاک جس کے دامن گھٹنوں سے بہت نیچے ہوتے ہیں اس کی شکل ایسی ہوتی ہے جیسے ایک شلوکے میں لہنگا جوڑ دیا جائے۔ ایک زمانے میں پیشواز مسلمان عورتیں پہنا کرتی تھیں

(بقیہ حاشیہ ۲۰۶ پر ملاحظہ ہو)

پا میں تھی شلوار زربفت طلا — کرتا فانوس دو شاخہ پُر جلا
مرتے تھے عشاق دیکھ اس خوب رو — کُلُّ شَیْءٍ ہَالِکٌ اِلَّا وَجْہَہٗ
خوش نما تھا اس کے پگ میں پائے زیب — ایڑی نارنگی و دو تلوے تھے سیب
دو لڑا مالا و بدھی اُر بسی[۱] — ...ریہ ن باری میں گھنٹے کے پھنسی؟
(ورق پھٹا ہوا ہے یہ الفاظ پڑھے نہیں گئے)

مُرکی[۲] و نتھ، مانگ، ٹیکا، کان پھول — دیکھ کر گئی سدھ سکل تن من کی بھول
باہو و پہنچی و کنگن، بچلڑی — سر سوں تھی پالگ جواہر میں جڑی
بیچتی تھی بنگ بوزا اور شراب — کرتی تھی عشاق کوں رسوا خراب
کہتی تھی ہر اک سوں وہ آشوبِ جاں[۳] — دَرْعٌ کُؤُسٌ وَاَسْقِنِیْھَا بِالدِّنَانْ
سب کوں کہتی تھی یہ آواز بلند — قحبہ خانے میں ہے آنا سود مند
دل سوں راکھو ننگ دو رای عاشقین — اِنَّ تَکُوْنُوْا فِیْ ہَوَانَا صَادِقِیْن
تھے انیک اس یار کے میت و میت — غمزے سوں ہر اک کا دل لیتی تھی جیت

---

(بقیہ صفحہ ۲۰۶) اس کے بعد اس کا استعمال دلھنوں کے لیے مخصوص ہو گیا، رنڈیاں، ڈومنیاں اور بھانڈ ناچتے وقت پیشواز پہن لیتے تھے۔ اودھ کے قصبوں میں مسلمان نائنیں بالعموم سرخ پیشواز پہنتی تھیں۔ اب کچھ دنوں سے یہ پوشاک تقریباً بالکل متروک ہو گئی ہے۔

[۱] اُر بسی = ایک زیور کا نام ہے۔

[۲] مُرکی = (دیکھو فرہنگ) جرات کہتے ہیں

صبح کا تارا خجل ہو دیکھ بندے کی لٹک
دیکھ سورج یہ جڑاؤ مُرکیاں تھرائے ہے

[۳] آشوبِ جان = بلائے جان۔ آفتِ جان۔

دل و انکھیاں میں نہ تھا اس عشق ولاج
رکھی وہ سامان بنانت زرسوں کاج

مجھ کو اس رہ پر ہوا ناگہ عبور
پس توقف لازم آیا بالضرور

ایک چمن میں سنے کیا اس جا درنگ
نا نظر آئے تماشا رنگ رنگ

مجھ کوں کہنے لاگی وو حوریں لقا
خوش صفا کلدن اونر کلدن صفار کندا!؟

سب کوں دکھلا جام کہتی تی وو حور
اِنّہا مِفْتَاحُ اَبْوَابِ السُّرُوْر

طرفہ مجلس تھی عجب ہنگامہ
حسن سے تھی وہ جلائے عامہ

ہر طرف بجتا تھا طنبور و رباب
ہر طرف بکتا تھا بوزا اور شراب

خندی اور بازاری اس سنگت میں جمع
ہر طرف نچے کھڑے تھے مثل شمع

صف بہ صف نچے کھڑے تھے پیش رو
کابلی بچے بہم در گفتگو

جیوں کسائی کی دوکان آگے کلاب
نچے سب کرتے تھے ہر دم اضطراب

تھے بچوڑے سب جہیا سے لیگا ٹر
ہر طرف اُن کی کھڑی تھی ایک دھاڑ

تھے رزا لے اور چکو رسے گرد و پیش
پاک باز اس دیکھ کے تھے سینہ ریش

سفلے کوں ہے خود نمائی سوں شرف
آدمی زادے نہیں ہوتے ہدف

کام ہے ناجنس کا ملکی ولات
اس بغیر اس کوں نہیں آتی ہے بات

ویسی مجلس میں کے تھے سب دلپذ دو
بھاگتے وو دیکھ صحبت نیک و بد

وو نکہت[1] فوناں میں آئی گفتگو
جملہ صر و تلوار پکڑی رو برو

آں یکے بر جست و تیغش زد بسر
دوسرے نے اس کو پکڑا از کمر

شَقَّ بِالسِّکِّیْنِ فَوْرًا صَدْرَہٗ
فِی مُحَاقِ الْمَوْتِ اُخْفِیَ بَدْرَہٗ

کھل بلی ناگہ پڑی اس بزم میں
سب نظر کرنے لگے اس رزم میں

---

[1] نکہت فوں = اس لفظ کے وہی معنی معلوم ہوتے ہیں جو اس زمانے میں اکڑ فوں کے ہیں۔

برہم ودرہم ہوئی سنگت تمام
یہ فساد اس جا ہوا نزدیکِ شام

چند تن آخر ہوئے جو تھیا شہید
موت کتے کی موئے کیتے پلید

---

## رقعہ

ہے مہرباں ہم پر نہیں تو اے نگار
اس سبب سے دل ہے میرا بیقرار

تجھ بنا راحت نہیں ہے ایک چھن
لو لگی ہے تیری مجھ کوں رات دن

مہربانی کر، کرم کر، اے پری
ہے مناسب دل بروں سے دل بری

ابر رحمت سا ہو تجھ پر سایہ ور
بے جہت کرتا ہے ہم سوں کیوں حذر

تیرے غم سوں درد میں ہوں مبتلا
وصل بن اے جاں نہیں دل کو دوا

یوسف ثانی ہے تو اے گل عذار
خوب رویوں میں تجھی پر ہے بہار

دو نین تجھ دل ربا ہیں جیوں پری
مرگ کوں اُن سے نہیں ہے ہمسری

دو بھواں ہیں دونوں تیغ آبدار
خنجرِ مژگاں کی ہیگی تیز دھار

زلف سنبل، گال گل، ہے لالہ رو
تجھ کو دیکھا خوب ہم نے مو بہ مو

سرمہ چشمِ مست کا دُنبالہ دار
عقل کا کرتا ہے تیرہ روزگار

چھب سے تیری سرو ناموزوں ہوا
داغ سے تجھ لالہ غرقِ خوں ہوا

گل چمن میں ہجر سے ہے سینہ چاک
ڈالتا ہے بلبل اپنے سر پہ خاک

دل براں میں تو ہے سب کا بادشاہ
دو ستارے ہیں زمیں کے تو ہے ماہ

مہ لقا ہیں تیرے آگے سب غلام
کرتے ہیں سب ہاتھ بستہ تجھ سلام

تیری چھل بل نے کیا دیوانہ دل
جگ کی الفت سوں کیا بیگانہ دل

تیری دوری سے ہے سوسن سیاہ پوش
تا سنے تجھ نام گل ہے شکل گوش

ناتواں نرگس ہوی تجھ فکر میں نت ہی بلبل میری جاں تجھ ذکر میں
چشم بررہ تیری نرگس روز و شب ہی کنول باوا اس کو تیرے غم سوں اب
تجھ برہ میں جل کے ہی سنبل کباب کھاوے تیری زلف ساو پیچ وتاب
چاک دل تجھ عشق میں صد برگ ہی زنبق و نسریں کو تجھ بن مرگ ہی
تجھ جدائی سے چمن ہی خارزار باغ میں تجھ بن نہیں ہی کچھ بہار
فائزؔ شیدا سوں کرای جاں ملاپ
بے گنا ہوں کا عبث لیتا ہی پاپ

---

## در وصفِ حسن

ہمارے سجن کو جو دیکھے بشر ہوے جیوں صنم[1] آپ سوں بے خبر
کماں سے ہیں ابرو نیں ہیں کھنجن وو مکھ صبح زلفاں اندھیری رین
نین اس کے انجن سوں کھنجن نما ہر ایک جنبشِ چشم میں کئی ادا
ادھر اس کے یاقوت سیتی ہیں بیش بدخشاں ہی اس لعل سوں سینہ ریش
گہر اس کے دنداں کے آگے خجل عقیقِ یمن لب ستی منفعل
مسی کی دھڑی ہی لباں کے اوپر گرفتار اس پر ہیں اہل نظر
جمی ریکھ مسی کی دانتاں کے بیچ حنا رنگ دیتی ہی ہاتاں کے بیچ
وو زلف اس کی ہیں سنبلِ تاب دار وو کاکل نظر بیں ہیں مانندِ مار
کنک سوں صفا وار ہی وو بدن کنول ڈال سے ہات گل سے چرن

---

[1] صنم = بت، مورت

صفا رنگ اس کے ہیں چھپنے سے بیش — دل عشاق کا اُس کے غمزے سوں ریش
کمر اس کی مانند زنبور ہے — چندر اُس کے مکھ پاس بے نور ہے
ہوا اس کے پنجے سوں مرجاں خفیف — کہ ہے پنجۂ مہر کا وو حریف
حسن سوں بتاں بیچ سردار ہے — دل اُس پر سبی کا گرفتار ہے
نظارے پر اس کے ہیں سب دل دلیر — نہ ہوئی نظر اس کے دیکھے سے سیر
سب عاشق گرفتار دیدار کے — سبی محو اس چہرہ گلنار کے
وو دیدار[1] کے سب خریدار ہیں — و لے مجھ سے ناہیں وفادار ہیں
نہیں اس کے بن وصل مجھ دل کو چین — اُسے دیکھنے کوں ترپتے ہیں نین
نہیں غافل اس سوچ سوں ایک چھن — مرا دل ہے اس فکر میں رات دن
بنا وصل پیتم کے دل ہے حزیں — جدائی سوں اس کی ہے خاطر غمیں
مجھے اس جفا جو سوں نت آس ہے — تعلق مرا اس سوں پرکاس ہے
لٹکتا مٹکتا[2] ہے وو چال میں — گرفتار دل اس کے ہر بال میں
لگے ہے خوش اُس میاں میں کنار — کہ خنجر گزاری ہے اس کوں شعار
سخن خوب کہتا ہے میرا سجن — سبی دود ھ پیڑے ہیں اس کے بچن
بیاکل ہے دل اس کے ہجراں سوں نت — مرے دل کوں پیارے سے لاگی ہے ست

کہاں لگ کروں فائزا وصفِ یار
کہ دریاے قلزم کوں ناہیں کنار

---

[1] وو دیدار = اس کا دیدار

[2] لٹکتا مٹکتا ہے وہ چال میں = جھومتا ہوا مستانہ وار چلتا ہے۔

# رقعہ

سلامٌ علیکم علیکم سلام — سنو ٹک ہمارا سجن یو پیام
نہ پاتی نہ پیغام بھیجے مجھے — ترے عشق کی آگ کیوں کر بجھے
نہیں مثل سیماب مجھ دل کوں چین — نہ دن کل پڑے ہے نہ ہے نیندرین
خبر اپنے عاشق کی تجھ کوں نہیں — اگرچہ بھری اس کے غم سوں زمیں
تجھے ڈھونڈتا ہوں میں ہر صبح و شام — نہیں مجھ کو اس فکر بن اور کام
ہر اک دل ہے تجھ درد سوں غم کدہ — جہاں تیرے غم سے ہے ماتم کدہ
بچھڑنا بہت تجھ ستی ہے کٹھن — اگن برہ کی ہے سقر کی اگن
تری زلف میں دل گرفتا رہیو — ترے ہجر سوں دل شبِ تار ہے
تو نچنت دائم ہے ایام میں — تو بے فکر ہے عیش و آرام میں
تجھے دیکھ فرہاد ای خوش ادا — کرے رات دن جانِ شیریں فدا
جو مجنوں تجھے دیکھے ای خوش خرام — زباں پر نہ لاوے وو لیلیٰ کا نام
مرے دردِ دل کا ہو اک دم طبیب — جدائی سوں تیری ہوا ناشکیب
پھروں سوچ میں تیرے میں دربدر — ولیکن نہیں تجھ کوں اصلا خبر
بھلا دو نہیں خاطر شاد سوں — فرامش نہ کر ڈالو مجھ یاد سوں
نہ کریے دلاں پر جفا اس قدر — ٹک آہِ غریباں ستی کر حذر
ستم پیشہ اپنا نہ کر دہر میں — ادھر ہی کہا وے گا تو شہر میں
اٹھا بے تکلف ہو مکھ سوں نقاب — مناسب نہیں عاشقوں سے حجاب
اپس وصل سوں دل مرا شاد کر — مجھ آغوش کے گھر کوں آباد کر
ترے ہجر سوں غم میں ہوں مبتلا — نہیں وصل بن عشق کی کچھ دوا

کرو مہربانی سیں مجھ سے ملاپ
بلاوو مجھے یا تمھی آوو آپ

نین تجھ سوں لاگے نین کی قسم
نہیں غیر دل میں سجن کی قسم

ترے وصل کی فکر میں ہوں خراب
جدائی سوں دل ہو رہا ہے کباب

کڑھا مت تو فائز کو ای دلربا
کرم کر جمالِ مبارک دکھا

---

## رقعہ بہ محبوب

میری جاں ہم سیں نہیں ملتی ہو
باغ میں میرے نہیں کھلتی ہو

تم بنا دل کو نہیں ہے آرام
دل کے خانے میں تمھارا ہے مقام

میں ہوں تجھ یاد میں نس دن حیراں
تو رقیبوں کے چمن میں خنداں

ڈھونڈتا ہوں میں تجھے شام و سحر
لیک پاتا نہیں کچھ تیری خبر

تجھ بنا میں ہوں جیوں مچھلی بن جل
عشق تیرا ہوا مجھ کو آ تکل

تو ہے دلشاد رقیبوں کے پاس
میرے دل میں ہے بہت تیری آس

رحم کر رحم جفا جو مجھ پر
مہر کر اے بت بدخو مجھ پر

تیری انکھیاں نے کیا ہے مجنوں
درد سے تیرے ہوا ہوں دل خوں

تیرے نیناں ہیں مگر جادوگر
کہ مجھے عقل سے ڈالا ہے بدر[1]

دو ادھر تیرے ہیں جیوں امرت پھل
شیرینی میں ہیں مگر شانِ عسل

طاق ابرو نے کیا خلق خراب
قبلہ میرا نہیں جز یہ محراب

---

[1] بدر ڈالا ہے = باہر نکال دیا ہے۔ خارج کر دیا ہے۔

تجھ بناگوش سے درپن حیران ‌ ‌ دل ہی نظارے پہ اس کا قرباں
ہر پلک تیری ہی ای جاں خنجر ‌ ‌ ہر نگہ صبر کی ہی غارت گر
اُن کپولا نگے گل ہی بیرنگ ‌ ‌ غنچہ اس غم سیں نہایت دل تنگ
زلف تیری ہیں کمند ای دل بر ‌ ‌ خجل اس مو سے ہوا ہی عنبر
سیب ہی تجھ زنخ آگے بے قدر ‌ ‌ رین ہیں زلف کی چہرہ جیوں بدر
جامہ زیبی میں نہیں تجھ ثانی ‌ ‌ تو ہی خوبی میں جیوں نقشِ مانی
سرو تجھ قد سے ہوا ناموزوں ‌ ‌ گل ترے مکھ کے غم سوں دل خوں
آ مجھ آغوش میں ای شاہِ بتاں ‌ ‌ کہ کروں تجھ پہ دل و جاں قرباں

---

## تعریف جوگن

حسن کا کل کیا بنارس سیر ‌ ‌ ماہ رویاں کا ایک دیکھا دیر
آئی مجھ چک[1] مڑھی میں ایک جوگن ‌ ‌ مست ہیں مجھ گھٹ کی اُس بساجوبن
وہ چہ[2] جوگن ہزار چھند بھری ‌ ‌ جوڑے[3] ہیں باندھے اس کے دیو و پری
بیٹھی تھی مرگ چھالے کے اوپر ‌ ‌ مہ رخاں بیچ اسے نہ تھا ہم سر
سر سے پا لگ تمام ننگی تھی ‌ ‌ اس کے پنڈے پر ایک لنگی تھی
کم ہی اس مکھ سوں جوت چندر کی ‌ ‌ چیری اس اپچھرا ہی اندر کی

---

[1] آئی مجھ چک = میری آنکھ میں آئی - مجھے دکھائی دی

[2] وہ چہ جوگن = واہ کیا جوگن (ہی)

[3] جوڑے ہیں باندھے = جوڑے میں بندھے ہوے - حکم کے تابع -

جوڑا بالوں کا باندھ کر جوگن
بیٹھی تھی کنڈلی مار اک ناگن

دل اِنیتاں کے ڈس کے کرتی بند
سر کے پیچھے رکھی لپیٹ کمند

جوڑا نہیں گیند ہے کنھیا کی[1]
یا سہس ناگنی ہے دریا کی

سرو تھا دلبری و قامت کا
بن میں جوگی ہے یک اس گت کا

تن چڑھا راکھ گل میں سٹ سیلی
قمری اس سرو کی ہے اک چیلی

مور اُس داغ کا پہن کنٹھا
نٹوا اس بزم کا ہے کنونٹا

کویل اس عشق بیچ لے بیراگ
کوک سنگی (کذا) بجا کے گاتی راگ

رہ کھڑا ایک پاؤں پر بگلا
ہے تپسی وو بحر جوبن کا

مرگ سی چپک سوں کھینچ ہرن کی کھال
یک تلیں بیٹھی مرگ چھالا ڈال

نہیں چھپا تن بھبوت میں سارا
راکھ میں حسن کا ہے انگارا

جب کرے تپ[2] سورج کی ٹھاوی (کذا) رہ
چرخ ہوڑے "نمو نرائن"[3] کہہ

نہ پری تھی نہ حور وہ جوگن
راکھ میں ایک شعلۂ جوبن

---

[1] کنھیا یعنی کرشن کے گیند اور سہس ناگنی یعنی ہزاروں ناگنوں کا قصہ یہ ہے متھرا کے قریب جمنا میں ایک دہ یعنی کنڈ تھا جس میں ایک کالی ناگ رہتا تھا اور اسی وجہ سے وہ کنڈ کالی دہ کہلاتا تھا۔ اس ناگ کے ہزار پھن تھے اور اس کی ہزار ناگنیں تھیں۔ ایک مرتبہ لڑکپن میں کرشن گوالوں کے بچوں کے ساتھ جمنا کے کنارے گیند کھیل رہے تھے۔ اتفاق ان کا گیند کالی دہ میں گر پڑا۔ کرشن اس کو نکالنے کے لیے کنڈ میں کود پڑے اور پاتال میں ناگ لوک میں پہنچ گئے وہاں کالی پڑا سو رہا تھا اور اس کی ناگنیں جاگ رہی تھیں۔

[2] سورج کی تپ کرنا = سورج دیوتا کو خوش کرنے کے لیے تپسیا یعنی ریاضت کرنا۔

[3] نمو نرائن = نارائن کو نمسکار کرتا ہوں۔ خدا کے آگے سر جھکاتا ہوں۔

کرتی تالاب میں جو جب اشنان | سب کنول ہوتے نرگس حیراں
اس کوں دل دیکھ ہوا ہے بیراگی | اس میں سیماب سی ہے بے تابی
برق جاں سوز ہے وہ چنچل نار | وقنا ربنا عذاب النار

---

## بیان میلہ بہتہ

آج بہتے کا یار میلا ہے | خلق کا اُس کنار ریلا ہے
مرد و زن سب چلے ہیں اُس جا پر | خلق پھیلی کنار دریا پر
بہل و گاڑی میں سب چلیں نسواں | کوچہ بازار میں ہوا چیں چاں [۵۲]
اہل حرفہ چلا ہے سب اقسام | آج سب کا بنے گا اس جا کام
پال تمبو کھڑے ہیں اس جا پر | لوگ پھرتے ہیں سب تماشا پر
میوہ اور شیرینی ہے سب اقسام | اُردو [۵۳] بازار بی گیا ہے تمام
سب ہے واں بلکہ دودھ چڑیا کا [۵۴] | یہ سبی معجزا تماشا کا

---

۵۲ چیں چاں = عورتوں اور بچوں کا شور غل

۵۳ اُردو بازار = چھاونی کی بازار - صدر بازار - بڑی بازار جہاں سب چیز ملتی ہوں - دہلی میں قلعے کے لاہوری دروازے کے سامنے ایک بازار تھی جو شاہ جہاں بادشاہ کی بڑی بیٹی جہاں آرا نے ۱۰۶۰ھ مطابق ۱۶۵۰ء میں قائم کی تھی۔ اس بازار کی لمبائی ایک ہزار پانچ سو بیس گز اور چوڑائی چالیس گز تھی۔

۵۴ چڑیا کا دودھ = وہ چیز جو کہیں نہ ملے - نہایت کم یاب چیز

جاتے اس جا امیر فیل سوار — خوب رویوں سے واں لگا دربار
ایک جانب میں بھگتیوں کا ہجوم — خال روشن سے وو بنے ہیں نجوم
اور جانب میں کنچنی بازار — اون سے روشن ہوئی ہو وو شب تار
ایک جانب میں بھانڈ کا ہو شور — دیکھنا اُن کا اہلِ دل کو ضرور
مسخروں سے ہو گرم سب بازار — ناچتے کودتے ہیں کھاتے پچھاڑ
ایک جانب میں نٹ کا ہنگامہ — فن میں اپنے ہیں سخت علاّمہ
ڈھول بجتا ہو اس تماشا میں — سب رزالے کھڑے ہیں اس جا میں
ایک جا پر کھڑا ہو چرخ فلک — اس میں بیٹھے ہیں دیو حور و ملک
راہ اوپر ہو جا بھنگیڑن کی — وو بی بی ہو دوکمیرن دکنا) کی
بھنگیاں کا ہجوم ہو برپا — بات اُن کی میں لگ رہا خُتکا[۱] (ربھی)
پی قدح سب پڑے ہیں اس جا پر — لعنۃ اللہ ان کے غوغا پر
اور جانب میں ہو شراب فروش — مست اس جا ہیں کرتے جوش و خروش
لات مُکّی پی ہوئی ہو اکثر — ہو رہے واں فساد بی در پر
ہو رزالے کا خود نمائی کام — تاکہ نکلے ٹُناں میں اُس کا نام
گل فروش ایک سمت بیچے ہار — اُس کی وو دکان پر ہوا ہو بہار
اس کے بیٹھا ہو آگے تنبولی — اس کی چنّلی میں ہو بھری ڈھولی

---

[۱] اس مصرعے کا مطلب یہ ہو کہ وہ ہر بات میں لفظ ختکا استعمال کرتے ہیں بات بات میں ختکا کا لفظ ان کی زبان پر آتا ہو۔ انشا نے ذیل کے شعر میں نشہ بازوں اور آزادوں کی زبان سے لفظ ختکا استعمال کیا ہو ؎

اپنے ختکے سے جو سبزہ نہ ملا ہم آزاد — ٹُوٹی چھپلی میں بھلا پوست تو مل سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| پاس بیٹھا ہے اُسس کے حلوائی | بیچتا سب طرح کی میٹھائی |
| پوستی سب کھڑے ہیں اس جا پر | جان دیتے ہیں نام حلوا پر |
| لبنجی (کذا) اس بیچ خود نمائی میں | سب رذالے بی بے حیائی میں |
| سب چکورے بھنگیڑے خانے پر | جیسے کوتے ہیں آشیانے پر |
| گرم مرغ الذی (کذا) سے سب بازار | اُن کو حیوان و دیو دو ہیں شمار |
| مُچّے بی اس مکان میں حاضر | جنسِ رسوائی کے سبی تاجر |
| گبر، ترسا، ہنود، مسلم ساتھ | پھرتے بازار میں پکڑ کر ہاتھ |
| بہل ورتھ میں بھری ہیں سب عورات | آشنا ساتھ اپنے کرتیں بات |
| سیر کرتی ہیں اس طرح ہر سو | سب نظر میں ہے چشم اور ابرو |
| کلکلاتی ہیں آب میں ہر دم | طاق پر دھر رکھی ہے سب نے شرم |
| آگے پیچھے کھڑے ہیں ان کے حریف[1] | واں مساوی ہیں سب وضیع و شریف |
| ہے سندریسا لگا اصیلاں ساتھ | کہ کہاں آویں ہم کہو اس رات |
| وعدہ ہوتا ہے اُن میں جب پختا | جا اترتی ہیں رات کو ہر جا |
| ٹھور ٹھور ان کے آملیں ہیں حریف | نذر کرتی ہیں سب وجودِ شریف |
| جمع ہوتی ہیں قحبہ زانی پاس | خوف ان کو نہیں ہے کچھ نہ ہراس |
| کارِ بد میں سبی ہیں آلودہ | فسق میٹھا ہے جیسا فالودہ |
| رات اس جا میں یوں گزرتی ہے | قحبہ زن کام اپنا کرتی ہے |
| صبح ہوتی ہیں سب روان گھر کوں | زیب دیتی ہیں اپنے مندر[2] کوں |
| ہے یہ حاصل تمام میلے کا | اِس[3] بجز کچھ نہ نفع ریلے کا |

---

[1] حریف = مقابل، جوڑ، جوڑا [2] مندر = مسکن، گھر

[3] اس بجز = اس کے سوا

تا جہان است ایں چنیں باشد
شور و ہنگامہ برزمیں باشد

فائز از ہم نشین بد بگریز
بانکویاں چو شہد و شیر آمیز

معصیت ہے تمام فسق و فجور
حق رکھے ہر کسی کو اس سے دور

نیک نامی جہاں میں حاصل کر
عشق میں حق کے دل کو واصل کر

بے حقیقی کو دور کر تو مجاز
زانکہ[1] ہے یہ طریق اہل نیاز

عشق معبود کا مناسب ہے
خالق اس کالبد کا دور ب ہے

سب کو اس جا رجوع[2] ہے آخر
جس کو یہ اعتقاد نہیں کافر

جرم بخشی کر اے خدا ہم پر
نظر قہر ہم سے تو کم کر[3]

ہم گنہ گار تو غفور کریم
ہم ہیں بدکار تو ودود کریم

فضل تیرا ہے بحر بے پایاں
گرچہ ہم ہیں تمام پر عصیاں

بہ طفیل محمد عربی
بخش دے تو گنہ سبوں کے سبی

---

## در وصف کاچن

بھون آئی ہمارے ایک کاچن
دو گال صفا ہیں اُس کے درپن

پھرتی او سورج سی دن کوں در در
(کاچھن)
میواں سوں لے سر پہ تارے چندر

---

[1] زانکہ = ازاں کہ ، اس لیے کہ

[2] رجوع = پلٹنا ، واپسی

[3] کم کر = نہ کر - فارسی میں کم کن ، مکن کے معنوں میں بھی آتا ہے۔

سنبل کے سے لٹے ہیں سر کے اس بال | نرگس سے نین و گل سے وہ گال
زنبق کی کلی سی ناک کی چھب | غنچہ سا دہان و برگِ گل لب
گلنار کی پکھڑی جیب کی بھانت | تھے دانے انار موتی سے دانت
خوبی کے گہر کا سینہ عمّان | تھے اس میں حباب سے دو پستان
ابھری ہیں کچ اس کی جیون سپاری | گہنے سے لگے بہت پیاری
اس آگے اندیشہ سب ہوا گم | آہوئے خیال کا گرا سم
جب بولے پکار لیو میوا | سیوا کریں اس کی رامؔ دیوا
چھن چھن بجیں ہاتھ بیچ کنگن | چن چن کریں پاؤں بیچ بیچھن
زینبارہ ہے اس کے پگ میں چیہر | ٹھرائی سوں سب کوں دیتی اُتر
ایک چھن میں کرے انیک انداز | ہے دل کے لبھانے میں وہ ممتاز
دھک بیٹھے اداسے جب مٹک کر | سب جی کے نشانے مارے تک کر
چہڑی سے لگے بہت پیاری | اس کی ہے ادا سبھی نیاری
دل باغِ جمال کا ہے مالی | کرنے لگا سیر ڈالی ڈالی

اس حسن کا دیکھ تازہ گل زار
فائز ہوا عشق میں گرفتار

---

## تعریفِ تنبولن

ایک تنبولن دیکھی میں دل ربا | ماہ رخاں بیچ بہت خوش ادا

---

لہ رام و دیوا = بڑے بڑے روحانی مرتبوں پر پہنچے ہوئے لوگ۔ سادھو سنت۔ عابد و زاہد

ہرگ سے اس حور لقا کو تھے نین — اس کا ہوا عشق مجھے فرضِ عین

بانکڑی تھی ہاتھ میں اس کے ہری — بیٹھی تھی دوکان میں وہ جیوں پری

کجلادیا نین میں دنبالہ دار — حسن سے اس حور لقا پر بہار

ہونٹاں اُپر زیب دیتی تھی وھڑی — گل میں تی موتیان کی اُس کولڑی

کڑوے بچن کہتے ہے جو کرتی غضب — (گلا) چرنے سے بدتر (تھی) ہوے دل جل کے سب

بیچ و سپاری سی رہی تھی ادھر — کرتی تھی عشاق کا ٹکڑے جگر

پان پھراتی[1] تھی وو جب بروکاں — جگ کے پھراتی تھی آپس پر دلاں

بیڑے لے اس ہاتھ سوں اہلِ نظر — پان چباتے تھے زلختِ جگر

کیلے کے گا بھے سے ملائم دو ہاتھ — دیکھ کے مرجھاتے تھے کیلے کے پات

نت دل عشاق کی چوری کرے — ہاتھ میں لے اپنی گلوری کرے

پپڑی[2] لباں پر جمے اس دیکھ کر — نین سیٹیں پیک زخون جگر

بیچ میں بیڑے کے گرفتار سب
اہلِ دل اس مکھ کے خریدار سب

---

## تعریف نہان نگنبود[3]

ندی پر نمایاں ہیں سیمیں بدن — جیوں روپے کی تھالی میں ڈھلتے رتن

---

[1] پان پھرانا = پانوں کو تلے اوپر کرنا تاکہ ان میں ہوا لگ جائے اور وہ سڑنے نہ پائیں۔

[2] ہونٹوں پر پپڑی جمنا = ہونٹھ سوکھ جانا، منھ خشک ہوجانا، مرعوب متحیر اور پریشان ہونے کی علامت ہے۔

[3] نگنبود = نگمبود، شاہ جہاں آباد کے شمال مشرق کی جانب دریا کے کنارے ایک مقام ہے۔ جس کے متعلق یہ روایت بیان کی جاتی ہے کہ دوا پر جگ کے شروع میں یعنی آج (بقیہ صفحہ ۲۲۱ پر)

کھڑے گھاٹ پر ہیں سبھی سیم بر | خجل اُن کے مکھ سے سورج اور چندر
کرے[1] دل کو پانی ہر اک ہند نی | نظر پڑتی پانی اُو پر چپند نی
دکھاتی ہیں چھاتی نول[2] جوبناں | کلس سونے روپے کے دیکھو عیاں
مرے دل کو آتا ہے اس سے حذر | کہ ان کو نہ لاگے سورج کی نظر
رپری سی، نظر میں ہیں کھترانیاں | صباحت کے اقلیم کی رانیاں
ہے اندر کی مانو[3] سبھا جلوہ گر | کہ ہر نار دستی ہے رمبھا سوں ور
کمر پر جو پڑتے ہیں سب موئے سر | اُناں[4] بیچ مل جاتا موئے[5] کمر

(بقیہ صفحہ ۲۲۰) سے کوئی پانچ ہزار سال پہلے برھما جی سب وید بھول گئے تھے جو اُن کو پرمیشور نے اس جگہ یاد دلائے۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ راجا جدھشٹر نے اس جگہ بہت بڑا جگ کیا تھا۔ اب اس جگہ پر سنگِ سرخ کے خوب صورت گھاٹ بنے ہوئے ہیں اور روز صبح کو نہانے والوں کا ہجوم ہوتا ہے۔ (ماخوذ از آثار الصنادید)

مصحفی کہتے ہیں :-

تختۂ آبِ چمن کیوں نہ نظر آئے سپاٹ | یاد آئے مجھے جس دم وہ نگمبود کا گھاٹ
دلی کی آرزو میں میں روتا ہوں مصحفی | یاد آئے ہے وہ مجھ کو نگمبود کا جو گھاٹ

[1] دل کو پانی کرنا = دل کو پگھلانا، نرم کرنا، گداز کرنا

[2] نول جوبنا = نئی جوانی والیاں

[3] مانو = گویا کہ، جیسے کہ۔

[4] اُناں ان کی جمع۔ اگلے زمانے میں اُن کا لفظ واحد کے طور پر مستعمل تھا۔ میر کا مشہور شعر ہے۔

میر کے دین و مذہب کو تم پوچھتے کیا ہو اُن نے تو
قشقہ کھینچا، دیر میں بیٹھا، کب کا ترک سلام کیا

[5] موئے کمر = اضافتِ تشبیہی ہے، جیسے مارِ زلف۔ کمر جو بال کی سی یعنی نہایت پتلی ہے

دو مرغا بیاں سی کلولیاں کریں
مل آپس میں ہنس ہنس ٹھٹولیاں کریں

لے جاتی ہیں جیوں اچھراجی کوں چھل
کہ دیکھو اُن کو پانی میں دل جائے جل

کریں سیر مل رات دن خاص و عام
بناگوش اور زلف کی صبح و شام

نظر کرکے اس گوشِ پُر دُر طرف
سو خجلت سے دریا میں ڈوبی صدف

ہر اِک نار سورج سی سو بھا دھرے
کھڑی ہو سورج کی تپسیا[1] کرے

نین دو کنول اور دو گل ہیں گال
کلی چنپے کی ناک کو ہے مثال

دو جوبن سے سینہ ہے گلشن سکل
لگی جس میں پستاں سے امرت کے پھل

وو روما ولی دیوے گلشن کو آب[2]
اسی چشمۂ ناف پر دل حباب

کہوں آگے کیا شرم کی بات ہے
کہ امرت کا چشمہ یہ ظلمات ہے

جسے عشقِ خوباں سے لاگے ہے خو
پھرا دے وو کب ماہ رویاں سے رو

نظارہ اُناں کا کروں صبح و شام
مجھے رات دن ہے نکو یاں سے کام

---

[1] سورج کی تپسیا کرنا = سورج دیوتا کو خوش کرنے کے لیے ریاضت کرنا۔

[2] آب دینا = پانی دینا، سینچنا، چمکانا، بارونق کر دینا۔

(۴)

اَبکم = گونگا

اَبھوکن = ابھوکھن - ابھوشن ، زیور

اپچھرا = اَپسرا - اندر کی سبھا میں ناچنے والی حسین عورت

اَپس = اپنا - اپنے - اپنی

ات = بے حد - بہت

اُتر = جواب

اَتیت = سادھو - سنیاسی - جوگی - فقیر

اُجارا = اُجالا - روشنی

اجھوں لگ = اب تک - آج تک

اَدھر = ہونٹھ - لب

ادھرمی = بے دھرم - بے ایمان - بے انصاف - بد مذہب

اُربسی = ایک زیور کا نام

آرسی = آئینہ

ارگجا / ارگجہ } عطروں اور خوش بوؤں کا ایک مرکب

اصیل = ماما - خادمہ - لونڈی - باندی

اقامت = کھڑا ہونا - ٹھیرنا

اگری = اگر صندل کی طرح کی ایک خوش بودار لکڑی ہوتی ہے - اس کی دھونی سے کپڑے بسائے جاتے تھے - اگری میں یائے نسبتی ہے

اگن = آگ

اِمام = سردار - پیشوا - بادشاہ

اِمامت = سرداری - پیشوائی - بادشاہی

اِمرت = اَمرِت - آبِ حیات

امرت پھل } وہ پھل جس کے کھانے سے آدمی ہمیشہ جوان رہتا ہے
امرت کا پھل } سیب اور ناشپاتی کو بھی کہتے ہیں۔

انجن = سرمہ - کاجل

اِندر = اِندر - دیوتاؤں کا راجا جو سُرگ یا بہشت میں رہتا ہے اور پانی برساتا ہے
وہ حسین برہنہ عورتوں سے گھرا رہتا ہے اور انتہائی عیش کی زندگی بسر کرتا ہے

اندیاری = اندھیاری - اندھیری - تاریک

آنکل = گہرا، بہت زیادہ

آنکھ چرانا = نظر بچانا - نگاہ نہ کرنا - بے رُخی کرنا - انجان بننا

اَنوپ = بے مثل

اَنیک = بہت سے

اُنیندی = نیند سے بھری ہوئی، خماری - مخمور یا مدھ بھری (آنکھ)

او = وہ

اوصیا = وصی کی جمع (دیکھو فرہنگ لفظ وصی)

آہوے چین = چین کا ہرن جس میں سے مشک نکلتا ہے۔

باب = دروازہ

بادلا = سونے چاندی کا چپٹا تار

بازاری = بازار میں پھرنے والا - اوباش - شہدا۔

باغِ ارم = شداد کی بنائی ہوئی مصنوعی جنت
بانڈ = بھانڈ
بانکڑی = ایک قسم کی لہردار چوڑی جس کو اب بانک کہتے ہیں
باہو = بازو بند
بتول = قطع کرنے والی دونیوی تعلقات کی پیغمبرِ اسلام صلعم کی بیٹی فاطمہؓ کا ایک لقب ہے
بچن = قول ۔ بات ۔ گفتگو ۔ باتیں
بدخشاں = ہندستان اور خراسان کے درمیان ایک ولایت جہاں لعل کی کانیں تھیں یا لعل کثرت سے بکتے تھے ۔
بدرز = باہر
بر = بدن ۔ سینہ
برکھ = برس
برن = رنگ
برہہ = برہ ۔ فراق ۔ ہجر ۔ جدائی
بسارنا = بھلانا ، فراموش کرنا ۔ بھولنا
بسر جانا = بھول جانا ، فراموش ہو جانا ، یاد سے اتر جانا
بسمہ = ایک قسم کا چھپا ہوا کپڑا جس پر سنہرے روپہلے نقش و نگار ہوتے تھے جو سونے چاندی کے ورقوں سے چھاپے جاتے تھے ۔ اس طرح کی چھپائی کے کام کو بسمہ کہتے تھے ۔
بکائی = بک بک ، جھک جھک
بن = بغیر ۔ بجز ۔ سوا
بنا = بن ۔ بغیر ۔ بے
بناگوش = کان کی لَو

بمبا = چشمہ۔ پانی کا خزانہ ۔ وہ جگہ جہاں سے پانی نکلے

بنگ = بھنگ

بوجھنا = سمجھنا ۔ جاننا

بوزا } فارسی لفظ ہے۔ چاول ۔ جَو یا کسی اور غلہ سے بنائی ہوئی شراب
بوزہ }

بھانت = طرح ۔ مثل ۔ مانند

بھرم = عزت ۔ وقعت ۔ ساکھ

بھگتیا = رقاصوں کی جماعت کا فرد جو بالعموم رات کے وقت طرح طرح کے روپ بھر کر تماشا دکھاتے تھے ۔ راجپوتانے کی ایک قوم جس کے مرد گاتے بجاتے ہیں اور لڑکیاں رنڈیوں کا پیشہ کرتی ہیں۔ ناچنے گانے اور نقلیں کرنے والا فرقہ

بہل = بہل ۔ بہلی ۔ ایک قسم کی بیل گاڑی جس پر زیادہ تر عورتیں سوار ہوتی ہیں۔

بھنگی = بھنگ پینے والا

بھنگیڑن = بھنگ اور حقہ پلانے والی پیشہ ور عورت ۔ ساقن

بھَوَن = گھر

بھونہ = بھوں

بی = بھی

بیاکل = بے کل ۔ بے چین ۔ بے قرار

بیچ = میں

بیچوں = بے چون ۔ بے مثل ۔ بے نظیر جس کے بارے میں یہ نہ کہہ سکیں کہ وہ کیسا ہے ۔ یہ خدا کی ایک صفت ہے۔

بےدل = افسردہ ۔ مغموم ۔ خواہشوں کو مارے ہوئے ۔
بے دماغی = نازک مزاجی ۔ زود رنجی
بَیراگ = جوگ ۔ فقیری
بَیراگی = فقیر ۔ جوگی ۔ تارکِ دنیا
بیڑا = پان کی گلوری
پاپ = گناہ ۔ بدی ۔ عذاب
پاپی = گنہگار ۔ ظالم ۔ بدخو
پانت = پتا ۔ پتّی
پاتی = پتری ۔ چھٹی ۔ خط
پاک بازی = بے گناہی ۔ صاف دلی ۔ بے غرض عشق
پال = چھولداری
پالی = پرندوں یعنی بلبلوں ۔ تیتروں ۔ بٹیروں اور مرغوں کے لڑانے کی جگہ ۔ چڑیوں کی لڑائی ۔
پانی ہونا = شرمندہ ہونا ۔ اب اس معنی میں "پانی پانی ہونا" بولتے ہیں ۔
پائے زیب = پازیب ۔ پانو کا ایک زیور جس میں بہت سے گھنگھرو لگے ہوتے ہیں
پجوڑے = پاجی ۔ کمینے لوگ
پچان = پہچان
پچ لڑی = گلے میں پہننے کا ایک زیور جس میں موتی یا سونے کے دانوں کی پانچ لڑیاں ہوتی ہیں ۔
پچھاننا = پہچاننا
پران = جان ۔ روح ۔ دم ۔ سانس

پَرَبھو = مالک - خداوند - خدا
پَرکاس = ظاہر - مشہور
پریت = محبّت
پریتم = محبوب - معشوق - بہت پیارا
پکھڑی = پنکھڑی
پگ = پانو - پیر - قدم
پَل = وقت کا بہت چھوٹا حصہ - چوبیس سکنڈ کا وقفہ - ایک گھڑی کا ساٹھواں حصہ
پل پل = ہر لمحہ
پلید = نجس - ناپاک - گندہ
پنڈا = بدن - جسم
پنجۂ مرجاں = مونگا جس کی شاخیں آدمی کے پنجے سے مشابہ ہوتی ہیں -
پنجۂ مہر = آفتاب جو اپنی کرنوں کے ساتھ پنجے سے مشابہت رکھتا ہے -
پنگھٹ = پانی بھرنے کا گھاٹ پانی بھرنے کی جگہ -
پنہار = پانی بھرنے والی
پوستی = جو پوست یعنی خشخاش کے ڈوڈے پیس کر ان کا پانی نشے کے لیے پیتا ہو - افیونی
پھاندا = پھندا
پہنچی = کلائی میں پہننے کا ایک زیور
پیتم = بہت ہی پیارا - محبوب - معشوق - پریتم
پینجن = چھانجھ - پانو میں پہننے کا ایک زیور - جو چلنے سے چھن چھن بولتا ہے -
تپ = تپسیا - عبادت - ریاضت
تپسی = ریاضت کرنے والا

تا = تھا

تدی = تب ہی تبھی

تُرک = مسلمان ۔ گنوار ہندو عورتیں بعض مقاموں میں مسلمان کو تُرک کہتی ہیں۔

تُرک تازی = تاخت ۔ حملہ

تِل = وقت کا بہت چھوٹا حصّہ ۔ لمحہ

تِل تِل = ہر لمحہ

تلیں = تلے ۔ نیچے

تُمَنْ = تم ۔ تم کو

تمبو = خیمہ

تنک = زرا ۔ تھوڑا ۔ کچھ ۔ زرا سا ۔ تھوڑا سا

تھنگانا = مونھ پھلانا ۔ خفگی ظاہر کرنا ۔ ناراضی دکھانا

تی = تھی

تیغِ جنوبی = دکن کی بنی ہوئی تلوار

تین = تو

ٹچا = کم ظرف چھچھورا ۔ لچّا ۔ شہدا ۔ پاجی ۔ رذالہ ۔ اوباش

ٹک = زرا ۔ تھوڑا ۔ کچھ ۔ زرا سا ۔ تھوڑا سا

ٹھٹھول = دل لگی ۔ تمسخر ۔ خوش طبعی

ٹھٹھولیاں = ٹھٹھول کی جمع

ٹھوڑ = جگہ

جامہ زری = سنہری تاروں یا کلا بتون کا بنا ہوا کپڑا

جانی = جان سے تعلق رکھنے والا ۔ پیارا ۔ محبوب

جَجَریا = جھجری ۔ پانی رکھنے کا ایک مٹی کا برتن۔ جَجَریا میں الف تصغیر کا ہے۔
جعفری ۔ گیندے کی ایک قسم۔ ہزارہ ۔ ایک قسم کا لالہ بھی لالۂ جعفری کہلاتا ہے
جَگ = دنیا
جَل = پانی ۔ مجازاً آنسو
جلی = روشن ۔ ظاہر
جمدھر = کٹار کی طرح کا ایک ہتھیار۔
جوبن = حسن ۔ جوانی
جوت = روشنی ۔ اجالا ۔ چمک
جوڑا = نظیر ۔ مثل ۔ جوڑ
جوگی = فقیر ۔ تارکِ دنیا
جوہر = وہ چیز جو قائم بالذات ہو ۔ یعنی جس کا وجود کسی دوسری چیز کے
وجود پر منحصر نہ ہو ۔
جہت = سبب ۔ سمت
جُھرنا = سوکھنا ۔ گھُلنا ۔ افسردہ ہونا ۔ فکر مند ہونا ۔ مرجھانا ۔ کم زور ہونا ۔
جیب = جیبھ ۔ زبان
جیو = جی ۔ جان
جیوں = جس طرح ۔ جیسے ۔ مثل ۔ مانند
چرخِ فلک = رہٹ ۔ چرخ ۔ پونجا ۔ ہنڈولا
چَرَن = قدم ۔ پیر
چَچھ = آنکھ ۔ (سنسکرت چکشو)
چکور = تیتر کی قسم کی ایک چڑیا ۔ ہندی شاعری میں چکور چاند کا عاشق مانا گیا ہے۔

چکورا = جس کو ایک حالت میں قرار نہ ہو - بے قرار - اوباش - آوارہ گرد

چکورے = چکورا کی جمع

چنڈر } = چاند
چندر

چندنی = چاندنی

چوما = چُما - بوسہ - پیار

چھب = بناؤ سنگار - حسن - آرائش - زیبائش

چھبیلا = بناؤ سنگار کیے ہوے حسین مرد

چھل = مکر - فریب - دھوکا

چھل بل = شوخی - تیزی - طراری - چالاکی

چھل چھبیلا = چھیل چھبیلا - بناؤ سنگار کیے ہوے بانکا جوان

چھلنا = دھوکا دینا - فریب دینا -

چھن = ایک پل کا چوتھائی حصہ - چھ سکنڈ کا وقفہ - وقت کا سب سے چھوٹا پیمانہ

چھنڈ = مکر - فریب جعل - چھل - کپٹ

چیرا } = ایک طرح کی رنگین پگڑی - مطلق پگڑی
چیرہ

چیری = چیلی - لونڈی

چیلی = کنیز - لونڈی

چیہر = پاؤں میں پہننے کا ایک زیور - چھڑا

حورِ عین = گورے رنگ کی - بڑی بڑی سیاہ آنکھوں اور کالے بالوں والی عورتیں جو بہشت میں رہتی ہیں -

ٹُنٹکا = چھوٹا موٹا ڈنڈا - سونٹا ٹھینگا - کٹکا - بھنگ گھونٹنے کا سونٹا -
عضوِ خاص کی طرف اشارہ ہے یہ بازاری لفظ ہے -

خنگری = بیہودہ ہنسنے والی عورت سب بے حیا - بے غیرت - قحبہ - فاحشہ

خودکام = خود غرض

دامن = بجلی - برق

دَڈ = درندہ

دُڑ = سوتی - کان کی لو میں پہننے کا ایک زیور

دُرانا = چھپانا - پوشیدہ رکھنا

دربن = آئینہ

دَرسن = درشن - دیدار - درشن

دسنا = دکھائی دینا

دُکُول = سن یا اسی کے ریشے کا بنا ہوا مہین کپڑا

دوارہ = دروازہ

دو دامی = ایک عمدہ قسم کا مہین پھول دار سوتی کپڑا، جو مالوہ میں بنتا تھا -

دولڑا = دو لڑیوں کا ہار

دھاڑ = گروہ - جتھا - انبوہ، مجمع - ہجوم

دھڑی (مسی کی) = مسی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں

دَھک = دفعتہً - یک بارگی - اچانک

دیو = شیطان

دیوا = دیو - دیوتا

ڈانک = سونے چاندی کا ورق - تانبے کا نہایت باریک اور رنگین پتر -

ڈگ = قدم۔
ڈگ ڈگ = قدم قدم۔ ہر قدم پر
ڈیرا = خیمہ۔ قیام گاہ۔ مسکن
راک = راکھ
راکھنا = رکھنا
راندی = نکالی ہوئی۔ رَدکی ہوئی۔ دُھتکاری ہوئی
راہ دار = گزربان۔ راستے کا محافظ۔ راستے کا محصول لینے والا
رتن = جواہرات
رجوع = واپسی۔ پلٹنا
رسیلا = رس بھرا۔ مزے دار۔ بانکا۔ وضع دار
رنگیلا = رنگین مزاج۔ عیاش طبع۔ طرح دار۔ خوش پوشاک۔ چھیل چھبیلا
روپ = صورت۔ شکل
روپا = چاندی
روح الامین = امانت دار فرشتہ۔ ملکِ مقرب۔ جبرئیل
روماولی = رویوں کی قطار جو پیٹ پر ناف سے اوپر کو جاتی ہے
ریکھ = ریخ۔ مِسّی کی کالی لکیریں جو دانتوں میں پڑجاتی ہیں۔
رین = رات
زرخرید = روپے سے خریدا ہوا۔ اپنا مول لیا ہوا
زمانہ سازی = دکھاوے کی باتیں کرنا۔ محبت کی جھوٹی نمایش۔
زنبق = ایک طرح کا سفید پھول۔ چمپا۔ کسی حسین کی پتلی اور ستواں ناک کو
چمپے کی کلی سے تشبیہہ دیتے ہیں۔

زوج = شوہر

زہرا = روشن چہرے والی حضرت فاطمہؓ کا لقب

زَہرہ = پِتّا ۔ ہمت ۔ جرأت

ساجن = سجن ۔ محبوب ۔ معشوق

سار = مثل ۔ مانند

سالو = ایک گہرے سرخ رنگ کا مہین کپڑا۔

سانجھ = شام = جھٹپٹا وقت

سبی = سبھی (سب ہی)

سبن = سبھوں

سبھا = محفل ۔ بزم

سپاری = ڈلی ۔ چھالیا

سپند = اِسپند ۔ کالادانہ ۔ ایک قسم کے بیج جو ہوا کو صاف کرنے اور نظرِ بد کا اثر دور کرنے کے لیے جلائے جاتے ہیں

ستی = سے

سٹنا = ڈالنا ۔ گرانا ۔ پھینکنا

سجن = معشوق ۔ محبوب

سجیلا = جامہ زیب حسین ۔ بنا ٹھنا ۔ سجا سجایا ۔ خوش رو، بانکا

سدھ = یاد ۔ خبر ۔ آگاہی ۔ ہوش

سدھ بدھ = خبر اور آگاہی ۔ سدھ کے معنی یاد ۔ خبر اور بدھ کے معنی ہیں عقل ۔ سدھ بدھ بھول جانا ۔ نہ لینا، نہ رہنا وغیرہ، بے خبری، بے خودی، بے ہوشی کے معنوں میں بولتے ہیں ۔

سرپنجہ ہا = انگلیوں کے سرے

سُروپ = حسین خوب صورت

سرجن = محبوب ۔معشوق

سَکل = سب ۔تمام ۔کل

سَمَندَر = ایک چھوٹا جانور جو آگ میں پیدا ہوتا ہے اور آگ ہی میں زندہ رہ سکتا ہے ۔

سناں = برچھی ۔ برچھی کی انی یا نوک

سندر = خوب صورت

سندیسا = پیغام ۔سندیس

سنگت = ٹولی ۔جتھا ۔گروہ ۔مجمع صحبت

سنگ خارا = ایک قسم کا سخت پتھر

سوبھا = خوب صورتی

سودا = دیوانگی ۔مالیخولیا

سوں = سے

سیتی = سے

سیس = سر

سیلی = بالوں یا ریشم یا کسی اور چیز کی ڈوری جو فقیر اپنی گردن میں ڈال لیتے ہیں ۔

سَین = اشارہ ۔آنکھ کا اشارہ ،چشمک ۔غمزہ ۔کرشمہ

سیں = سے

سیوا = خدمت ۔بندگی ۔پرستش

صاحب = مالک سردار

صدبرگ = گیندا ۔زرد رنگ کا مشہور پھول

صفا دار = صفائی والا ۔ صاف
صنم = بت ۔ مورت ۔ مجازاً معشوق
ظلمات = تاریکیاں ۔ اندھیرے ۔ وہ تاریکی جس کے اندر آب حیات کا چشمہ ہے
عبیر = رنگین سفوف یا ابرک کا سفوف جو چہرے پر ملا جاتا ہے
عَرَض = وہ چیز جو قائم بالغیر ہو یعنی اس کا وجود کسی دوسری چیز کے وجود پر موقوف ہو۔
علامہ = بہت جاننے والا ۔ بڑا عالم
عُمّان = سمندر
غفور = بخش دینے والا ۔ معاف کر دینے والا
غمام = ابر ۔ بادل
غُموم = غم کی جمع
غمیں = غمگین ۔ رنجیدہ
غول = بھوت ۔ پریت ۔ شیطان
فرید = اکیلا ۔ بے مثل ۔ لاجواب
فندق = ایک پھل جو جھربیری کے بیر کے برابر اور بہت سرخ ہوتا ہے ۔ مجازاً مہندی لگے ہوئے انگلیوں کے سرے
فن ہونا ۔ کمال یا مہارت ہونا
قحبہ = فاحشہ بدکار عورت ۔ رنڈی
قلندر = درویش ۔ دنیوی تعلقات سے آزاد
کاچھن = کاچھن ۔ کاچھی کی عورت ۔ ترکاری اور پھل بیچنے والی ہندو عورت ۔
کالبد = قالب جسم
کان پھول = کرن پھول ۔ کان کی لو میں پہننے کا ایک زیور

کپول = گال۔ رخسار

کتھ = کتھا

کتھرانی = کھتری قوم کی عورت

کجلا = کاجل

کچ = کمسن عورت کی چھاتی

کرسی نشین = ذی رتبہ۔ باعزت۔ مقبول و منظورِ عام

کریے = کیجیے۔

کڑوے بچن = تلخ کلام۔ کڑوے بول۔ ناگوار معلوم ہونے والی باتیں۔

کسائی = قصائی۔ قصاب۔ گوشت بیچنے والا۔ جانوروں کو ذبح کرنے والا

کلکلانا = شور کرنا۔ خوشی کی آواز نکالنا

کلولیاں = کلول کی جمع

کناری = پتلا لچکا جو کپڑوں کے کنارے پر ٹانکا جاتا ہے

کنج = کونہ۔ گوشہ

کنچن برن = سونے کے رنگ والی۔ کندنی رنگ والی

کنچنی = ناچنے والی عورت۔ طوائف۔ رنڈی

کنک = سونا

کنول = ایک دریائی پودے کا پھول۔ اس کے بیج کو کنول گٹا کہتے ہیں اور جب
اس کو بھون کر کھیل کر لیتے ہیں تو وہ تال مکھانا کہلاتا ہے۔

کنول باؤ = یرقان۔ کانور۔ ایک مرض جس میں مریض کی آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں

کنونٹا = کنونڈا۔ شرمندہ۔ احسان مند۔ شرمندۂ احسان۔ بدنام، داغی

کھنجن = ممولا۔ ایک موسمی چڑیا بہت خوب صورت ہوتی ہے اور جس کی چال

بہت دل کش ہوتی ہو۔حسین عورت کی آنکھ اور چال کو اس سے تشبیہہ دینا
سنسکرت اور ہندی شاعری میں عام ہی۔
کہوں = کہیں
کیتے = کتنے
کیسری = زعفرانی ۔زرد
گابھا = نیا پتا جو سفید اور بہت ملائم ہوتا ہی۔کیلے کے تنے کا اندرونی حصہ
جو بہت نرم ہوتا ہی۔
گَت = حالت
گت = چال ۔رفتار (سنسکرت گتی)
گگریا = گگری ۔گھڑا۔چھوٹا گھڑا۔گگریا میں الف تصغیر کا ہی۔
گَل = گلا ۔گردن ۔حلق
گُلال = ایک لال رنگ کا سفوف جو ہولی میں چہرے پر ملا جاتا ہی
گلِ صد برگ ۔گیندے کا پھول
گلنار = انار کا پھول ۔شوخ سرخ رنگ
گمُانی = مغرور
گوش کرنا = سننا
گھٹ = جی ۔دل
گھڑی = چوبیس منٹ کا وقفہ تھوڑا سا وقت
لال = سرخ ۔لعل ۔گونگا
لٹا = لٹ
لٹاں = لٹیں ۔لٹ کی جمع

لٹک = لچک ۔ لوچ ۔ جھکاؤ ۔ جسم کی دل کش حرکت

لٹک کر چلنا = جھوم جھوم کر چلنا ۔ مستانہ رفتار سے چلنا ۔ ناز و انداز کے ساتھ چلنا

لِقا = چہرہ ۔ صورت

لگ = تک

لیوں = لوں

مَت = عقل ۔ فہم ۔ ادراک

مَتا = مست

مردُود = رد کیا ہوا ۔ نکالا ہوا ۔ دتکارا ہوا

مُرکی = کانوں کی لَو میں پہننے کی پھول دار کیل

مِرگ = ہرن

مرگ چھالا = ہرن کی بالوں سمیت کھال جس کا جوگی اور سادھو سنت بستر بناتے ہیں ۔ یہ درویشی کی علامت ہو ۔

مَڑھی = منڈھی ۔ فقیر کی جھونپڑی ۔ کُٹی

مستمند = غریب ۔ بے چارہ ۔ پریشان حال مصیبت زدہ

معادِن = معدن کی جمع ۔ کانیں ۔ معدنیات ۔ کانوں سے نکلنے والی چیزیں

مُکھ ۔ مونھ ۔ چہرہ ۔ صورت

مِلاپ = میل ۔ ملنا ۔ ملاقات ۔ وصل

مَن ہَرن = دل کو چھین لینے والا

مَنے = میں

موہن = موہ لینے والا ۔ لبھا لینے والا

میاں = میان ۔ کمر

میت = مِتر ۔ دوست ۔ یار ۔ آشنا

میتر = مِتر ۔ دوست ۔ یار ۔ آشنا

ناجنس = کمینہ ۔ پاجی ۔ رذیل ۔ سفلہ ۔ نیچ ۔ غیر جنس ۔ بے جوڑ ۔ ناموافق

نار } عورت
ناری }

نپٹ = بہت ۔ بالکل

نت = ہمیشہ

نٹوا = طفلِ بازی گر ۔ ایک طرح کے رقاص ۔ جو علم موسیقی کی کتابوں کے موافق رقص کرتے ہیں ۔

نٹھر = جو دوسروں کی تکلیف سے متاثر نہ ہو ۔

نٹھرائی = بے رحمی ۔ بے مروتی

نچنے = آوارہ گرد ۔ مارے مارے پھرنے والے

نس = نشا ۔ رات

نسریں = چمبیلی کا پھول

نص = وہ آیتِ قرآنی جو وضاحت کے ساتھ معنی مقصود پر دلالت کرتی ہو ۔

نکویاں = اچھے لوگ ۔ خوب صورت لوگ (نکو کی جمع)

نگر = شہر

نمانا = جھکا ہوا ۔ عاجز ۔ بیچارہ

نِہچنت = نشچنت - بے فکر - بے کھٹکے مطمئن

نیارا = الگ - جدا - نرالا -

نیاری = نرالی - انوکھی - عجیب - سب سے الگ

نین = آنکھ - آنکھیں - موزونیت کی ضرورت سے نَین کو نَیَن بھی باندھا جاتا ہے -

والہ = عاشق - فریفتہ

ودُود = دوست رکھنے والا - محبت کرنے والا

وَر = بہتر - غالب - زبردست

وِرد کرنا = وظیفہ پڑھنا - جپنا - رٹنا

وِسے = اُسے - اُس کو

وصی = جس کو وصیت کی جائے - رسول کا وصی وہ شخص ہوتا ہے - جس کو رسول اسرارِ نبوت تعلیم کر دیتا ہے اور وہ رسول کے بعد رسالت کے فرائض انجام دیتا ہے مگر خود رسول نہیں ہوتا - یعنی اس کے پاس وحی نہیں آتی ہے -

وضیع = کمینہ - نیچ - پست درجے کا

وو = وُہ

وِیر = بہادر - سورما - پہلوان

ہاموں = میدان - صحرا

ہَست = ہاتھ

ہِست = چاہ - محبّت

ہَت پھول = ہتھ پھول - ایک طرح کی پھلجھڑی

ہم قریں = ہم مرتبہ - برابر
ہمن = ہم - ہم کو - ہمارا۔
ہنڈول = ایک راگ کا نام
ہنڈولا = جھولا
ہوری = وہ عشق و محبت کے گیت جو ہولی کے زمانے میں کرشن جی کی طرف منسوب کرکے گائے جاتے ہیں
یار = عاشق
یاری لگنا = عشق ہونا
یو = یہ